
# کارکردگی رپورٹ

# 2022-2023

JPSD

## جمعیت پنجابی سوداگران دہلی (کراچی)

پیش کردہ: محمد طلحہ عبدالمالک (آنریری جنرل سکریٹری)


Meezan
ROSHAN
DIGITAL
ACCOUNT
دور رہ کر بھی پاس
An Initiative of State Bank of Pakistan
اَلحَمدُلِلّٰہ
3 سال سے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ
میں کامیابی کی روشن مثال
روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں رقوم کی وصولی میں نمبر 1 بینک!
$
£
Rs
€
ہم اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی مسلسل سرپرستی اور تعاون کے لئے شکر گزار ہیں، اور 140 سے زائد ممالک میں مقیم
پاکستانیوں کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جن کے اعتماد نے ہمیں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں اوّل درجہ پر فائز کیا۔
MEEZAN BANK
میزان بینک
پریمیئر اسلامی بینک
Follow us on
111-331-331 & 111-331-332
www.meezanbank.com


Faysal Bank's Journey of Excellence Continues
BEST EMERGING ISLAMIC BANK
2023
GIFA
GLOBAL ISLAMIC FINANCE AWARDS
ISLAMIC INTERNATIONAL RATING AGENCY
اعلیٰ ترین
شریعہ
ریٹنگ
SCFR (PK) 1
GIFA
GIFA
GLOBAL ISLAMIC FINANCE AWARDS
Best Emerging Islamic Bank 2023
Faysal Bank Limited
faysalbank.com I 111 06 06 06
faysalislami
faysalbankltd
faysalbanklimited
faysalbank
اسلامی

Milkyz Food

CERTIFIED ISO 9001 & 22000 COMPANY

# Whipy Whip

## A Non Dairy Wipping Cream




Subscribe to our YouTube Channel
https://www.youtube.com/c/MilkyzFood
for all baking solutinos and recipies

www.milkyzfood.com /whipywhip info@milkyzfood.com 9221-35077771-3


Bake House
THE BAKING TREASURE
www.bakehouse.pk
WE HAVE
MOVED
MUST VISIT
OUR NEW STORE
Bake House
WE ARE PROVIDING
ALL KIND OF
BAKING TOOLS & INGRIDIENTS
KARACHI STORE
PLOT 173 B SECTOR,
MEHRAN TOWN,KARACHI
Scan For Map
LAHORE STORE
36-B BLOCK B
QAZI ESA ROAD
FAISAL TOWN,LAHORE

# 103

## Years Ahead 19 20 23

2023 marks 103 years in business

**Consistently breaking the orthodox of conventionalism, Sabdulla continues to shine through as an original, creative and innovative master of quality**

s◆abdullahome®
Everything in Tiles, Bathroom & Furniture.


California PIZZA
PROUD PAKISTANI BRAND SINCE 11 YEARS
28 BRANCHES
8 CITIES
DOWNLOAD NOW
GET IT ON Google Play
Download on the App Store
ONLINE ORDER
californiapizza.com.pk
UAN NUMBER:
111-753-753

Forno

# Canteen Biscuit



Naheed®
Everything. Every Time.

50 YEARS OF HAPPINESS

# 80,000+ Products

Guaranteed Original Products

Nationwide Reach

Timely Delivery




naheed.pk

GET IT ON Google Play

Available on the App Store


DELTAPOWER
GENERATORS & SOLAR SYSTEMS
CHAMPIONS CHOICE
EXPERIENCE NON STOP POWER SUPPLY
OFFICIAL DISTRIBUTOR
SUNPOWER®
LAHORE OFFICE 13-CCA, 2ND FLOOR BLOCK A, DHA PHASE 6
HEAD OFFICE 11-C/1. LANE 6, BUKHARI COMMERCIAL AREA, PHASE 6, KARACHI
0307-1846333, 0309-1846333
www.deltapower.com.pk
sales@deltapower.com.pk

**NELSON** PAINTS

rung zindagi ka!

**NELSON PAINTS** serves as a comprehensive solution for all your residential, industrial, and construction paint and coating requirements. Our offerings encompass a wide range of high-quality and innovative products, resulting from a blend of extensive expertise and industry knowledge. Our diverse portfolio includes **DECORATIVE PAINTS,** Protective **WOODCARE**, and **SPECIFIC COATINGS** tailored to industrial and construction needs.

## THE ULTIMATE CHOICE




www.nelsonpaints.com
connect@nelsonpaints.com
& UAN: 021 111 635 766
Find us on:

FREE COLOUR CONSULTANCY
CALL: 0317 117 27 95
UAN: 021-111-635-766

Customer Care
CALL: 0346 821 80 45

# AQS Shipping & Logistics

*More Than Shipping*

## We makes Impossible, Possible.



**We are accepting all kind of chemical & other Shipments,**
**Either DG (Hazardous Goods) or Non-DG**
**We are dealing in All 9 Classes of DG**

**Countries**

- China
- Turkey
- All GCC Countries
- Bangladesh
- Germany
- Italy
- Belgium
- Taiwan
- Indonesia
- Malaysia
- Singapore
- UK
- USA
- And rest of the World

**We deals in Sea/Air/Land.**
LCL
FCL
Bulk
Air Consoles
Land Trucking



**Contact Our Team**

**OVAIS KHAN**
+92-321-2420374
ovais@aqsship.com

**ABDUL HASEEB**
+92-334-3554154
haseeb@aqsship.com

**ATIF HUSSAIN**
+92-321-2420333
atif@aqsship.com

Suite # 1305, 13th Floor, Saima Trade Tower "B" I.I Chundrigar Road, Karachi - Pakistan.
Tel: +92-21-32275049-51 / 32271823

**www.aqsship.com**

# اظہار تشکر

طباعت ماہنامہ سوداگر بہ تعاون

ABS

A.B.Saeed (Pvt) Ltd.

Distributor


CENTURY PAPER & BOARD MILLS LTD.

Paper trading - Printing & Packaging Company

6, Adamjee Building,Shahrah-e-Liaquat, Karachi. Phone: 021-32638412-14

adeel@absaeed.com absaeedco@hotmail.com 021-32628151-56


NAYAB
AGENCIES
FOR INSTANT
IMPORT & EXPORT
CONTACT THE
EXPERIENCE
CUSTOM CLEARING
FORWARDING &
SHIPPING AGENTS
RAW COTTON
PLASTIC (PMC)
MACHINERY
SINCE
1995
We provide all kinds of logistic support facilities
including EFS (Export Facilities Scheme), IOCO,
Raw Cotton, Plastic (PMC), Machinery, clearing,
forwarding, consolidation, containers & other
related services tailored to your business needs.
AHMED FAISAL
+92 321 8224387
+92 331 9220000
206 & 207, Trade Tower, Altaf Hussain Road, New Chali,
Shahrah-e-Liaquat, Karachi-74000, Pakistan,
021-32400560 , 021-32400561
021-32472333 , 021-32474000
nayab2139@hotmail.com , nayabagencies2139@gmail.com


SHAMSi
TOWN
A New Affordable Housing Project
COMING SOON
A WORLD BEYOND
IMAGINATION
Hospital
School
Jamia Masjid
Parks
100 SQ.YARDS COMMERCIAL PLOTS
120 SQ.YARDS RESIDENTIAL PLOTS
200 SQ.YARDS RESIDENTIAL PLOTS
400 SQ.YARDS RESIDENTIAL PLOTS
A Project of:
Shamsi DEVELOPERS
SHAMSI DEVELOPERS
Approved by:
SBCA
Approved by:
SDA
Member of:
abad
Association of Builders And Developers of Pakistan
Since 1972
Head office:
CM-1 SHAMSI TERRACE, SHAMSI CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY, KARACHI
UAN: 03-111-153-153 0333-7600073 03-000-SHAMSI (742674)
Website: www.shamsidevelopers.com shamsidevelopers

# The Banquet

By

# Mezban's

DECOR AND CATERING COMPANY

WE HOST YOUR HAPPY MEMORIES

## Booking Open

SPECIAL DISCOUNT FOR JPSD MEMBER

**700 PERSONS**

+92 300 8243979

+92 300 8293619

ADDRESS : CHAR MINNAR BHADURABAD





# Aman Foods

BY DEHLIWALA





Aman Orchid Tower & Shopping Mall,
Korangi Crossing, Karachi.

# ILYAS POWER SOLUTION

Enlightening your World

## SERVICES WE OFFER

1. Industrial Solutions
2. Residential Solutions
3. Commercial Solutions

بجلی کی ٹینشن؟

سولر کا ایکسٹینشن!

## OUR CLIENTS

Bluebird Paints

Zubaida's

HAFIZ

Dua Restaurant

J.B.SAEED The Original Home Store

modern

s+abdullahome

## GET A FREE CONSULTATION

+92 314 2000859

021 32636187

/ilyasPowerSolution

Scan For Website

www.ilyaspowersolution.com

**Deals in all type of solar system**

Shop#3. saify Manzil, Denso Hall M.A Jinnah Rd, Karachi, Pakistan


OSAKA®
LINEAR OFFICE LIGHT
COB DOWN LIGHT
S-CLASS DOWN LIGHT
OSAKA®
LED Bulb
Flood Light
Linear Track Light
Street Light
Panel Light
Ring Light
Moon Light
Professional Lighting Solutions
CE RoHS TÜV SAA IECEE
www.osakalighting.com


آگ لگنے سے پہلے
آگ کے بارے میں سوچئے
CALL 111-SAFETY (723 389)
www.haseenhabib.com
Facebook.com/haseenhabibtrading
Youtube.com/@HHTPL
Head Office
Haseen Habib House
65-C,Street 7,Main Jami
Commercial, DHA Phase-VII
Karachi.
Ph:(021) 35806241-47
Fax:(021) 35806240
Email: info@haseenhabib.com
City Office
Shams Chamber
Shahrah-e-Liaquat
P.O.Box:4468,Karachi
Ph:(021) 32424957,34248803
Fax: (021) 32410294
Email:cityoffice@haseenhabib.com
خدمت کے 56 سال
Rawalpindi/Islamabad
27,First Floor, Block-2
Services Plaza(Pindi Club)
The Mall,Rawalpindi
Ph:(051) 5523696
Fax:(051)5512476
Email:isb@haseenhabib.com
Lahore
Haseen Habib House
163 Commercial Broadway,
Sector D,DHA Phase 8
Lahore
Ph:(042) 35830326
Fax:(042) 35886426
Email:lhr@haseenhabib.com
HASEEN HABIB
Trading (Pvt.) Limited
حسین حبیب



# CONGRATULATIONS

اسلامی جمہوریہ پاکستان کی جانب سے طویل سماجی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے

## جناب سعید اللہ والوں کو ستارہ امتیاز

کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ ہم ادارہ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی

اور اہل برادری کی جانب سے تہہ دل سے مبارک باد پیش کرتے ہیں




# CONGRATULATIONS

اسلامی جمہوریہ پاکستان کی جانب سے طویل سماجی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے

## جناب زاہد سعید کلکتہ والوں کو تمغہ امتیاز

کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ ہم ادارہ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی

اور اہل برادری کی جانب سے تہہ دل سے مبارک باد پیش کرتے ہیں



# CONGRATULATIONS

اسلامی جمہوریہ پاکستان کی جانب سے بچوں کے حقوق کے تحفظ کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے

## محترمہ سارہ احمد دختر طاہر احمد اسمٰعیل کو تمغہ امتیاز

کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ ہم ادارہ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی

اور اہل برادری کی جانب سے تہہ دل سے مبارک باد پیش کرتے ہیں

# ہم آپ کے مشکور ہیں

مالی وسائل اور سرمائے کی مثال، گاڑی میں پیٹرول کی سی ہے زیرنظر شاندار رپورٹ کی اشاعت، طباعت اور ترسیل ممکن نہ ہوتی اگر ہمیں برادری کے مشترین کا تعاون حاصل نہ رہتا، ہم بے مشکور ہیں اس سالانہ رپورٹ میں اشتہار دینے والی کمپنیز، اداروں اور افراد کے جنھوں نے دامے، درمے، سخنے اور قدمے تعاون کیا۔ جزاک اللہ خیراً

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Milkyz Food | Meezan Bank<br>The Premier Islamic Bank | الخیر<br>AL.KHAIR | اسلامی<br>faysalbank | تہت سنو |
| California Pizza | DELTAPOWER<br>GENERATORS & SOLAR SYSTEMS | Naheed. | Aman Foods<br>BY DEHLIWALA | Forno |
| NAYAB AGENCIES | ISO CERTIFIED<br>NELSON<br>PAINTS & SPECIALTY COATINGS | SHAMSi TOWN<br>A New Affordable Housing Project | ABS<br>A.B.Saeed (Pvt) Ltd. | s.abdulla home<br>Everything in Tiles, Bathroom & Furniture. |
| AOS<br>More Than Shipping<br>Shipping & Logistics<br>We makes Impossible, Possible. | حسین حبیب<br>HASEEN HABIB<br>Trading (Pvt.) Limited | OSAKA | Mezban's<br>DECOR AND CATERING COMPANY | ILYAS POWER SOLUTION<br>Enlightening Your World |

# شکریہ

ایک سال کی کارکردگی رپورٹ پیش خدمت ہے۔ جب کہ تنقیح شدہ حسابات علیحدہ سے شائع کیے جارہے ہیں، ان رپورٹس کی تیاری اور اشاعت کے مرحلے تک پہنچانے میں ایک ٹیم کی طرح کام کیا گیا ہے، شب و روز ہر صفحہ پر محنت ہوئی ہے، نت نئے آئیڈیاز سوچے گئے ہیں۔ چاہے اشتہارات کی تگ ودو ہو یا احوال لکھنا ہو۔ کارکنان نے اخلاص کے ساتھ اپنا وقت اور اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے بہترین کام کیا ہے۔

- محمد طلحہ عبدالمالک ......................... (نگرانِ اعلیٰ / مارکیٹنگ)
- خرم شہزاد ......................................... (ترتیب و نظم)
- عمران سعید باغپتی ............................ (انچارج سرکولیشن)
- احمد فیصل نمبردار ............................ (انچارج کمیونیکیشن)
- سہیل احمد سہیل ................................ (تحریر و تخلیق کار)
- محمد قاسم سورتی ............................... (گرافکس / کمپوزر و مہتمم طباعت)
- عدیل ناصر الیاس ............................... (اشاعت و طباعت)

# ملاحظہ کیجیے


| نمبر شمار | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 01 | پیغام صدر جمعیت، جناب ابرار احمد کلکتہ والے | 23 |
| 02 | تقریب ستائش 2023 | 26 |
| 03 | دورہ، کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز | 30 |
| 04 | دورہ، کریک جنرل ہاسپٹل | 31 |
| 05 | تقریب MOU، کریک جنرل ہاسٹل/ یونائیٹڈ ہاسپٹل | 32 |
| 06 | تقریب افتتاح ڈیولپمنٹ سیکٹر A-31 | 33 |
| 07 | جناب منصور فیروز اور کونسلر وارڈ 3 ضحیٰ شمسی کا دورہ دفتر جمعیت | 35 |
| 08 | KWSB، DMD سید عمران زیدی کی دفتر جمعیت آمد | 36 |
| 09 | فیروزہ خاتون وویمن کالج میں نواب مہر الٰہی بلاک کا افتتاح | 38 |
| 10 | ڈرائیونگ لائسنس کیمپ | 39 |
| 11 | چیئرمین ٹاؤن، ناظم یونین کونسل کا دورہ دفتر جمعیت | 40 |
| 12 | JPSD فیملی ایکسپو 2023 | 41 |
| 13 | الحمد اکیڈمی کے اشتراک سے اسکالرشپس پروگرام | 44 |
| 14 | جمعیت حکیمان دہلی کے نمائندگان کا دورہ دفتر جمعیت | 45 |
| 15 | یوم انتخاب پر جمعیت دہلی صدیقی برادری کے وفد کا دورہ | 45 |
| 16 | JPSD الخیر کرکٹ لیگ | 46 |
| 17 | اراکین مجلس منتظمہ | 49 |
| 18 | آنریری جنرل سکریٹری مخاطب ہیں | 59 |
| 19 | امداد سب کمیٹی | 71 |
| 20 | شریعہ کمپلائنس سب کمیٹی | 75 |
| 21 | آپریشن مینوئل (پریکٹیکل اینڈ پروسیجر) سب کمیٹی | 81 |
| 22 | دستور العمل ترامیم سب کمیٹی | 82 |
| 23 | جمعیت ہاؤسنگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ | 83 |
| 24 | جمعیت ایجوکیشنل بورڈ | 86 |

| نمبر شمار | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 25 | قبرستان سروس وین سب کمیٹی | 96 |
| 26 | BHY ہاسپٹل مینجمنٹ بورڈ | 100 |
| 27 | ماہنامہ سوداگر سب کمیٹی | 112 |
| 28 | وقف حافظ محمد طاہر بورڈ | 114 |
| 29 | قانونی مشاورتی بورڈ | 114 |
| 30 | مالیات سب کمیٹی | 115 |
| 31 | قرض میعادی سب کمیٹی | 118 |
| 32 | AKAR ہاسپٹل مینجمنٹ بورڈ | 118 |
| 33 | انفارمیشن ٹیکنالوجی سب کمیٹی | 120 |
| 34 | فروغ رکنیت واسکروٹنی ممبرشپ فارم سب کمیٹی | 121 |
| 35 | جائزہ اسکروٹنی ممبرشپ سب کمیٹی | 122 |
| 36 | جمعیت ہیلتھ کونسل | 123 |
| 37 | اجتماعی قربانی سب کمیٹی | 124 |
| 38 | تحصیل چرم ہائے قربانی سب کمیٹی | 125 |
| 39 | جمعیت پراپرٹی بورڈ | 126 |
| 40 | مردم شماری ولائلٹی کارڈ سب کمیٹی | 127 |
| 41 | مساجد ومدارس سب کمیٹی | 128 |
| 42 | ہنگامی امداد سب کمیٹی / پنجابی سوداگر مصالحتی بورڈ | 130 |
| 43 | شاخ ہائے جمعیت سب کمیٹی | 131 |
| 44 | فضل الٰہی فخر قوم میڈیکل بورڈ | 131 |
| 45 | بورڈ آف گورنرز حاجی محمد یوسف صدیقی میموریل فنڈ | 132 |
| 46 | عثمان اللہ والا JPSD بورڈ | 133 |
| 47 | بورڈ آف مینجمنٹ حاجی فیاض الدین احمد فنڈ | 133 |
| 48 | حاضری اراکین مجلس منتظمہ وسب کمیٹیز | 134 |

# خدمات کے شاندار 75 سال

9 نومبر 1948ء کو سرائے روڈ میں ایک عاریتاً لیے گئے چھوٹے سے دفتر سے آغاز

بلا استثناء خدمت، شاندار کامیابیوں، ترقی و کامرانی کا طویل سفر
اللہ کا فضل و احسان ہے کہ اس نے اپنی مخلوق کی خدمت کی توفیق بخشی

## سال 2023ء ایک سنہرا باب





الحمدللہ امسال جمعیت کی خدمات کا سلسلہ
تقریباً **1 بلین** روپے تک پہنچ چکا ہے
ان شاءاللہ آنے والے سالوں میں مزید اضافہ ہوگا
فیضیابی کا سلسلہ اور امید و یقین کا سفر جاری ہے اور جاری رہے گا

## (صدر جمعیت)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز اراکین مجلس عامہ۔۔۔۔۔۔۔۔السلام علیکم

انسان کی زندگی کا سب سے اعلیٰ مقصد ''دوسروں کی خدمت'' ہے، اسی باہمی تعاون کے جذبے سے ایک ایسا انسانی معاشرہ وجود پاتا ہے جو اپنی نمو میں فلاح اور خیر کا پہلو رکھتا ہے، پریشان حالوں کے لیے ہمدردی اور آگے بڑھ کر عملی اقدام، چاہے وہ زبانی ہو یا مالی، ضروری نہیں کہ معاشرے کا ہر فرد اپنے مسائل حل کرسکتا ہو کجا یہ کہ دوسروں کے بھی مسائل حل کرسکے، اسی سے سوسائٹی وجود میں آتی ہے اور اسی سے برادری۔



الحمدللہ! ادارہ جمعیت کے قیام کو پچھتر سال ہوگئے ہیں اور اس میں خدمات کا ایک اور سال شامل ہو چکا ہے، مالیات سے شغف اور اعداد وشمار سے دل چسپی رکھنے والے افرادِ برادری کے لیے آڈٹ اکاؤنٹس کتابی صورت میں اور ویب سائٹ پر موجود ہیں، اور ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔

آگے بڑھنے سے پہلے ان افراد کے لیے دعائے مغفرت کرنے کی درخواست ہے جو گزشتہ سال ہمارے درمیان موجود تھے اور اب اپنے خالق حقیقی کے حضور حاضر ہو چکے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے التجا ہے کہ تمام مرحومین کی مغفرت کاملہ فرمائے۔آمین

آج زندگی پیچیدہ ہے، سرعت رفتار اور مشینی بھی۔نفسانفسی کے اس دور میں سوشل ورک با قاعدہ ایک منظم صورت اختیار کر چکا ہے جس کی عملی شکل آپ کے اپنے ادارے JPSD کی صورت میں سامنے ہے، ہمارے ادارے میں اجتماعی فلاح و بہبود کے کام، اجتماعی کوشش اور مشاورت سے کیے جارہے ہیں، جس کی وجہ سے خدمات کا تسلسل ہے اور کاموں میں برکت بھی۔

گزشتہ ایک سال میں، متعدد منصوبے مکمل ہوئے ہیں اور

کئی نئے منصوبوں کی بھی ابتدا کی گئی ہے چیدہ چیدہ امور پر اگر نظر ڈالی جائے تو صورت حال الحمدللہ خوش کُن ہے کہ سیکٹر 31A عبدالخالق اللہ والا ٹاؤن کے بنیادی مسائل نکاسی آب، صاف پانی، پختہ سڑکیں وغیرہ حل ہوئے ہیں، خاص طور پر صاف پانی، جو کہ ہر فرد کا بنیادی حق ہے اور نکاسی آب جس کی وجہ سے اہل علاقہ بہت پریشان رہے ہیں اور کچی گلیاں، دوران سال تینوں مسائل حل ہو گئے ہیں۔ الحمدللہ

مہنگائی، ایک ایسا موضوع ہے جس سے ہر شخص اور ہر خاندان متاثر ہوا ہے، لوگوں کی قوت خرید آدھی رہ گئی ہے، تنخواہ دار طبقہ زیادہ پریشان بلکہ عاجز ہے، اس پر بے روزگاری منہ پھاڑے کھڑی ہے، دفتر جمعیت میں روزانہ امداد کے حوالے سے درخواستیں وصول ہوتی ہیں، ادارہ کی جانب سے حتی المقدور اپنے وسائل کے مطابق امداد و اعانت کی جارہی ہے اور اس میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور حال ہی میں شادی دختران کی اعانت میں اضافے کی سفارش بھی کی گئی ہے جس سے امید ہے کہ کچھ سہارا ملے گا۔ ہر ماہ راشن بھی دیا جا رہا ہے، مشاہدہ ہے کہ باوجود اس کے کہ ہر ماہ راشن کی تعداد اور قیمت میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے لیکن اشیاء کے معیار اور حجم میں کمی نہیں کی گئی جس کے لیے اہل ثروت کا تعاون حاصل ہے۔

- مزید اس سال کئی خوش آئند پروجیکٹ مکمل کیے گئے ہیں
- نوجوانوں کو ادارے سے نزدیک لانے کے لیے کرکٹ لیگ کا انعقاد
- افراد برادری کے لیے دو روزہ ڈرائیونگ لائسنس کیمپ، جس سے خصوصاً خواتین نے بڑی تعداد میں استفادہ کیا
- ذہین و ہونہار طلبا و طالبات کے اعزاز میں تقریب ستائش۔ جس میں لیپ ٹاپ، نقد انعامات و تحائف دیے گئے
- برادری کی سطح پر فیملی ایکسپو کا انعقاد، ریکارڈ تعداد میں اہل برادری کی شرکت جو ہمارے لیے باعثِ تقویت ہے
- فیروزہ خاتون وومن کالج میں نواب مہر الٰہی بلاک کا افتتاح
- 10 فاران سوسائٹی میں فضل الٰہی کشتی والا فزیکل ری ہیبیٹلیشن سینٹر کا قیام
- یونائیٹڈ ہاسپٹل اور کریک جنرل ہاسپٹل کورنگی سے علاج معالجے میں ڈسکاونٹ کا مفاہمتی معاہدہ
- الحمد اکیڈمی سے تعلیمی فیس میں ڈسکاونٹ کے لیے مفاہمتی معاہدہ
- آئین میں نئے چیلنجز اور موجودہ تقاضوں کی مناسبت سے مجوزہ ترامیم

اس کے علاوہ سالہا سال سے جاری خدمات (شعبہ تعلیم صحت، قبرستان، میت گاڑیاں، مصالحت، روزگار، اسکول فیسیں، مریضوں کا علاج، فاتحہ خوانی کے لیے باقاعدہ بس سروس وغیرہ) ہمہ وقت جاری رہیں۔ شعبہ تعلیم پر خصوصی توجہ دی گئی، رزلٹ سامنے ہے، الحمدللہ طلبا و طالبات نے بہترین نتائج کے ساتھ بورڈ رزلٹ میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں، ساتھ ساتھ برادری میں تنازعات اور اختلافات کو سلجھانے کے لیے مصالحتی بورڈ نے موثر کردار ادا کیا۔

یہ ایک مختصر سا جائزہ ہے، مستقبل کے لیے بھی کئی پلان ہیں جن کا مقصد اپنی برادری کو زیادہ سے زیادہ سہولیات بہم پہنچانا ہے۔ مجھے دوران سال اپنے رفقائے کار، اراکین، سب کمیٹیوں کے ناظمین، نائب ناظمین اور کارکنان کا تعاون حاصل رہا ہے جس پر میں سب کا انتہائی مشکور ہوں، اہل برادری کا بالعموم اور بالخصوص اپنے ڈونرز حضرات کا، جنہوں نے پورے سال بھرپور اعتماد کا اظہار کیا، میں آپ سب کا اور رب العالمین کا شکر گزار ہوں۔

اللہ تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر ہو۔

# تقریب ستائش 2023

تقریب ستائش اب ایک ایسی شاندار روایت بن چکی ہے جس کا انتظار کیا جاتا ہے اور معلوم بھی کیا جاتا ہے۔ چنانچہ اس سال بھی 10 ردسمبر 2023 اتوار کی صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک ستائیس ویں تقریب ستائش منعقد کی گئی جس میں طلبا و طالبات (حفاظ، درس نظامی، میٹرک، انٹرمیڈیٹ، اولیول/ اے لیول، پروفیشنل تعلیم، پی ایچ ڈی) کو تحائف، شیلڈز، سرٹیفکیٹ اور چیکس سے نوازا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، عثمان اقبال بمبئی والوں نے تلاوت کی سعادت حاصل کی، تلاوت کے بعد تقریب کے میزبان جناب خرم شہزاد صاحب نے حاضرین کو خوش آمدید کہتے ہوئے بچوں کو مبارک باد دی، سب سے پہلے حفاظ کرام اور درس نظامی مکمل کرنے والوں کو شیلڈز، کلام پاک، سرٹیفکیٹ اور چیکس دیے گئے، اس کے بعد بالترتیب میٹرک، انٹر، او/ اے لیول میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کو فرداً فرداً اسٹیج پر معزز اراکین مجلس منتظمہ و معززین برادری نے شیلڈز پیش کیں اور تحائف دیے گئے۔






























تقریب کے دوران معزز مہمانان گرامی کی آمد کا سلسلہ بھی جاری رہا، اینٹی نارکوٹکس فورس کے چیئرمین جناب بریگیڈیئر عمران، اور کرنل انوار اور کرنل شاکراللہ صاحب خصوصی طور پر تشریف لائے، جناب کرنل انوار نے حاضرین سے خطاب بھی کیا اور والدین اور طلبا و طالبات کو منشیات کی ہولناکیوں سے آگاہ کرتے ہوئے بچنے کی تلقین کی۔ معزز مہمانوں کو صدر جمعیت نے شیلڈز پیش کیں۔





تقریب کی خاص اور اہم بات یہ کہ سال گزشتہ کی طرح اس سال بھی ایک صاحب خیر کی جانب سے عمرہ ٹکٹ کا اعلان کیا گیا تھا جس کا طریقہ کار یہ رکھا گیا کہ تمام طالب علموں کے سیریل نمبر ایک باکس میں ڈال دیے گئے تھے اس کے علاوہ Kaybees کی جانب سے -/15000 روپے کے 2 عدد واؤچرز کے لیے قرعہ اندازی کی گئی، تجسس آخر تک برقرار رہا اور اس کا انتظار رہا کہ کس خوش نصیب کا نام قرعہ میں نکلے گا۔ طریقہ یہ اختیار کیا گیا کہ دس پرچیاں نکالی گئیں، پہلی سات پرچیاں پڑھ کر سنائی گئیں۔ صدر جمعیت جناب ابرار احمد کلکتہ والوں نے خوش نصیب کا نام پکارا اور تالیوں کی گونج میں ایک طالبہ حفصہ کو عمرے کا ٹکٹ پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ Kaybees کے دو واؤچرز بھی قرعہ اندازی سے دیے گئے، ساتھ ساتھ لذت کام و دہن کا سلسلہ بھی معزز ڈونر کے تعاون سے حلوہ پوری چائے کی شکل میں گلدستہ میں جاری رہا۔







JPSD الخیر کرکٹ لیگ کے فائنل میں بارش کی وجہ سے میچ ادھورا رہ جانے کی وجہ سے دونوں ٹیموں کو مشترکہ فاتح قرار دیا گیا تھا اور اختتامی تقریب بھی مختصر کردی گئی تھی، تقریب ستائش میں فائنل میں پہنچنے والی دونوں فاتح ٹیموں کے کپتانوں کو ٹرافی دی گئی، مین آف دی میچ، باؤلر آف دی لیگ، بیٹسمین آف دی لیگ ہر ٹیم کو چیک اور آٹھ ٹیموں کے کھلاڑیوں کو تحائف دیے گئے۔







تقریب میں طلبا و طالبات، والدین، اساتذہ، معززین برادری، اراکین مجلس منتظمہ، معزز ڈونرز اور افراد برادری کی کثیر تعداد نے شرکت کی، آخر میں صدر جمعیت نے تقریب کے انعقاد میں تعاون کرنے والے معزز ڈونرز، حاضرین محفل، اسٹاف ہیڈ آفس و ایجوکیشن بورڈ اور طلبا و طالبات کا شکریہ ادا کیا اور دعا کے ساتھ تقریب کا اختتام ہوا، واضح رہے کہ تقریب کے جملہ اخراجات معزز اسپانسرز کے مالی تعاون سے کیے گئے ہیں۔ سب سے آخر میں جناب محمد یونس بھولا والے، ایس ایم سعید اللہ والے، ڈاکٹر عامر فیروز شمسی، محمد سلیمان چاولہ، زاہد جملانہ، صادق جملانہ، ندیم نواب، محی الدین چاولہ۔ لیاقت جاوید، سراج احمد نیلسن، سلطان احمد شیخ کلکتہ والے، بلال مہر الٰہی اور دیگر افراد کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے تقریب میں خصوصی طور پر شرکت کی اور رونق بخشی۔

# تقریب ستائش 2023

ہم اپنے معاونین کے مشکور ہیں جن کے تعاون کی بدولت اس سال ہونہار طلباء و طالبات کے اعزاز میں تقریب ستائش کا انعقاد کیا گیا

| | | | |
|---|---|---|---|
| تبت سنو | | ATCO | |
| Shangrila | NTH National Tent House | ABS A.B.Saeed (Pvt) Ltd. | AMAN SHOPPING MALL |
| habitt | PMI POPULAR MARBLE INDUSTRIES | Forno | MADE FOR HER |
| IQBAL SONS real estate solutions | RAJBY | Fruiti-O | DANPAK |
| مینار GROUP BUILDERS & DEVELOPERS | landtrack.pk | ic INDUS COMMERCIATES (PVT) LTD. | حاجی محمد یوسف صدیقی میموریل فنڈ |
| modern homeware | Reliable paints... | LIO Cocktail Juice & Food Co. | ADVANCE COLOR |
| K.H. Fama Textiles Processing (Pvt) Ltd | Firpo GROUP OF COMPANIES | ecobags Bring Green Into Your Life | MEDICAM |
| Karachi Paint House | Kaybees | Bijli Wala Estate | The Name of Quality & Trust NCC |

# دورہ، کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز






جمعیت کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے صدر جمعیت (سابق) جناب محمد سلیم فاروقی کی سربراہی میں کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر جناب طارق یوسف (ثناءاللہ) کومبارک باد دینے کے لیے کراچی چیمبر کادورہ کیا۔ وفد کا استقبال' کراچی چیمبر کے صدور' اور دیگر اراکین نے کیا۔ جناب طارق یوسف نے وفد کوخوش آمدید کہتے ہوئے برادری اور JPSD کے لیے اپنی خدمات پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن میرے لیے بے حد خوشی کا دن ہے' آپ نے برادری میں اصلاح رسوم کی ضرورت پر زور دیا' شادیوں میں سادگی، دودعوتوں اور عشائیے میں کم ڈشز اور جمعیت کے پلیٹ فارم سے ازسرنو آغاز کی تجویز پیش کی۔

جناب محمد سلیم فاروقی نے کہا کہ جمعیت اور کراچی چیمبر کی وابستگی بہت پرانی ہے، آپ نے کارکردگی بیان کرتے ہوئے شعبہ امداد، تعلیم، صحت، روزگار، قبرستان، میت گاڑیوں' اجتماعی قربانی، کمیونٹی سینٹر اور عبدالخالق اللہ والا ٹاؤن میں ڈیولپمنٹ کے حوالے سے مختصراً جائزہ پیش کیا اور کراچی چیمبر کے عہدیداران کومبارک باد پیش کی۔ جناب شمیم اے عارف فریو نے مہنگائی کی وجہ سے اصلاح رسوم کی تائید کی۔ جناب اے کیو خلیل ایڈووکیٹ نے جمعیت کے پلیٹ فارم کومزید موثر بنانے اور خدمات کی توسیع پر زور دیا' آنریری جنرل سکریٹری جناب محمد طلحہ عبدالمالک نے نومنتخب صدر کو مبارک باد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ کراچی چیمبر کے پلیٹ فارم سے تاجروں وصنعت کاروں کے مسائل حل ہونگے۔ جناب محمد سعید شفیق، جناب محمد عرفان اصلی پری اور جناب شکیل الرحمن سنووہائٹ والوں نے بھی اظہارِ خیال کرتے ہوئے مبارک باد دی۔



# کریک جنرل ہاسپٹل اور یونائیٹڈ میڈیکل اینڈ کالج کورنگی کا دورہ

(۹ مئی) مجلس منتظمہ کے اراکین پر مشتمل ایک وفد نے کورنگی میں واقع کریک جنرل ہاسپٹل اور یونائیٹڈ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کا خیرسگالی ومطالعاتی دورہ کیا۔ کریک ہاسپٹل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر دانش فیض نے وفد کا استقبال کیا اور ہاسپٹل کے تمام شعبوں کا تفصیلی دورہ کرایا اور خدمات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر باہمی مشاورت سے رابطوں میں اضافے' شعبہ صحت میں ممکنہ اشتراک کار اور ایک دوسرے کے تعاون وتجربے سے فائدہ اٹھانے پر اتفاق پایا گیا۔ وفد میں راقم الحروف کے علاوہ محترم دانش سعید' رضوان اسمٰعیل مینجر، عتیق الرحمن اللہ والے اور خالد یوسف اونچی مسجد والے شامل تھے۔







# تقریب دستخط مفاہمتی یادداشتی معاہدہ
# کریک جنرل ہاسپٹل (کورنگی) اور یونائیٹڈ ہاسپٹل (شہید ملت روڈ)




(۱۵ ستمبر ۲۰۲۳) ماہ مئی میں جمعیت کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے کریک جنرل اور یونائیٹڈ ہاسپٹل کا وزٹ کیا تھا، مزید گفت وشنید کے بعد مذکورہ ہسپتالوں سے مفاہمتی معاہدے کیے گئے جس کے تحت افراد برادری کو مذکورہ اسپتالوں کی مختلف میڈیکل سروسز ، لیبارٹری ٹیسٹ ، ایکس رے، ایم آر آئی اور اسکین وغیرہ پر ڈسکاونٹ حاصل ہوگا۔ دستخط کے لیے دفتر جمعیت میں ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں یونائیٹڈ وکریک جنرل ہاسپٹل کی بانی محترمہ ڈاکٹر نجمہ بانو فیض، ڈائریکٹر ڈاکٹر دانش محمد خان، ایڈمنسٹریٹر یونائیٹڈ ہاسپٹل مس شازیہ یوسف، ایڈمنسٹریٹر کریک جنرل ہاسپٹل الماس حسین، کوآرڈی نیٹر عثمان یوسف، جب کہ محمد سلیمان چاؤلہ، جناب شاہین الیاس سروانہ، سلطان احمد کلکتہ والے، عتیق الرحمن ڈھاکہ والے، اراکین مجلس منتظمہ اور دیگر اراکین عامہ نے شرکت کی۔ راقم الحروف نے حاضرین اور مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا، سابق صدر جناب محمد سلیم فاروقی نے محترمہ ڈاکٹر نجمہ فیض کو ویلکم کرتے ہوئے تذکرہ کیا کہ آپ دہلی مرکنٹائل سوسائٹی میں عرصہ دراز تک خدمات انجام دیتی رہی ہیں اور آپ میں خدمت کا جو جذبہ تھا وہ آپ کے بچوں میں بھی منتقل ہوا ہے، آپ پیرانہ سالی کے باوجود تشریف لائی ہیں' یہ ہمارے لیے یہ اعزاز ہے، جس پر میں آپ کا مشکور ہوں۔ ڈاکٹر دانش محمد خان نے مختصراً خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ مجھے یہاں پر مدعو کیا گیا ہے۔ آپ کو وہاں پر ہائی کوالٹی سروس ملے گی، تعلیم ہی اس وقت کامیابی کی کنجی ہے اور میں اپنے میڈیکل کالج میں ساٹھ فی صد مارکس پر پانچ سیٹیں فزیوتھراپسٹ کی آفر کر رہا ہوں۔ معاہدہ پر، صدرِ جمعیت جناب ابرار احمد کلکتہ والوں اور ڈاکٹر دانش نے دستخط کیے۔



# تقریب افتتاح ڈیولپمنٹ سیکٹر 31-A

(۱۰/۱اکتوبر ۲۰۲۳ء) عبدالخالق اللہ والا ٹاؤن سیکٹر 31A کی ڈیولپمنٹ مکمل ہونے پر سیکٹر 31-A میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی میئر کراچی جناب بیرسٹر مرتضٰی وہاب تھے، تلاوت کلام پاک کے بعد جناب عمران سعید باغپتی نے تقریب کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے اسے غیر معمولی سنگ میل قرار دیا۔ جناب اقبال یوسف پیتل والوں نے مہمانان گرامی کو خوش آمدید کہتے ہوئے ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس علاقے کی ڈیولپمنٹ میں تعاون کیا، آپ نے کہا کہ اس شہر کراچی کی خدمت اور تعمیر وترقی میں ہماری برادری کا بہت بڑا حصہ ہے اور کراچی کے دو میئر اور ایک ڈپٹی میئر کا تعلق ہماری برادری سے رہا ہے۔ جمعیت نے اللہ والا ٹاؤن میں بنیادی سہولیات اپنی مدد آپ کے تحت فراہم کی ہیں اور تمام اخراجات خود برداشت کیے ہیں۔ جناب خرم شہزاد نے ٹاؤن میں پانی کی سپلائی بحال ہونے کا کریڈٹ عتیق الرحمن اللہ والوں اور نجمی عالم کو دیا۔ نجمی عالم نے کمیونٹی سروسز کو اہم قرار دیتے ہوئے کراچی کو دنیا میں سب سے زیادہ چیریٹی کرنے والا شہر قرار دیا، مدعو کرنے پر ادارہ جمعیت کا شکریہ ادا کیا۔ سیکٹر 31G میں پانی کی لائن کی سنگ بنیاد کی نقاب کشائی کی گئی۔ جناب محمد ہارون نیئر نے جمعیت کی مختصر تاریخ بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت جو ٹیم جمعیت میں ذمہ دار ہے اس نے اپنی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے ذمہ داری کا مظاہرہ کیا اور عملی کام کیے ہیں۔ کوآرڈی نیٹر جناب فاروق اعوان نے شکریہ





ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایک دیا عبدالخالق اللہ والا مرحوم نے جلایا تھا اور دیے سے دیا جلا اور آج پنجابی سوداگر برادری میں روشنی ہی روشنی ہے۔ سینئر نائب صدر جناب مستفیض الدین نواب نے تفصیل سے کارکردگی بیان کی اور بتایا کہ پانچ سال پہلے جب کام شروع کیا گیا تھا تو اللہ والا ٹاؤن کی بہت بری حالت تھی، مجموعی طور پر 352000 اسکوائر فٹ کے لگ بھگ انوی کریٹ سے سڑکیں بنائی گئی ہیں، 32000 رننگ فٹ تقریباً سیوریج لائن ڈالی گئی ہے، تقریباً 52000 رننگ فٹ پانی کی لائن ڈال دی گئی ہے اور ابھی کام جاری ہے، آپ نے میئر کراچی اور ٹاؤن ناظم سے مطالبہ کیا کہ عیدگاہ گراونڈ کا پزیشن JPSD کو دیدیں، آپ نے کورنگی کراسنگ سے بنائی جانے والی سڑک کو ایک سوفٹ بنانے کا بھی مطالبہ کرتے ہوئے

اہلیان ٹاؤن سے تعاون کی درخواست کی اور کہا کہ وہ انکروچمنٹ نہ کریں کہ اس میں ان کا اپنا نقصان ہے۔ جناب خرم شہزاد نے میئر کراچی اور ٹاؤن ناظم کو متوجہ کیا کہ ٹرانسپورٹ سروس جو پورے شہر میں چل رہی ہے اس کا ٹاؤن سے بھی ایک روٹ جاری کر دیا جائے۔ ٹاؤن چیئرمین نعیم شیخ صاحب نے کاموں کا کریڈٹ جمعیت

پنجابی سوداگران دہلی اور خصوصی طور پر عتیق الرحمن اللہ والوں کو دیا اور اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ چیئرمین جمعیت ہاوسنگ بورڈ اور سابق صدر جناب محمد سلیم فاروقی نے اپنی مختصر تقریر میں شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس علاقے میں ڈیولپمنٹ کا آغاز نالے کی تعمیر سے کیا تھا، یہ اوپن نالا تھا جس سے علاقے میں بیماریاں پھیل رہی تھیں، سب سے پہلے کروڑوں روپے خرچ کر کے نالا بنایا اور اس کو کور کیا، سابق ناظم وسیم اختر ہماری درخواست پر تین بار ٹاون آئے مگر ان کا کہنا تھا کہ وہ ٹیکنکل سپورٹ کریں گے فنڈز نہیں ہیں، ہم نے سندھ گورنمنٹ کا ہر دروازہ کھٹکھٹایا کہ اس کو اون کریں، ایک پٹیشن بھی دائر کی جس میں کے ایم سی، کے ڈی اے، واٹر بورڈ کو پارٹی بنایا کہ ٹاون کو ڈیولپ کیا جائے، یہ پینڈنگ ہے، آخر ہمارے ساتھیوں نے فیصلہ کیا کہ خود اس کو ڈیولپ کرتے ہیں۔ ایک عیدگاہ پلاٹ باقی بچا ہے اس پر آپ پارک بنا دیں اور ہم اس کی دیکھ بھال کے لیے تیار ہیں۔ بلاک نمبر 5,4,3 میں ترقیاتی امور کی انجام دہی سنگ بنیاد میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور صدر جمعیت ابرار احمد کلکتہ والوں و دیگر مہمانوں نے رکھا۔ مہمان خصوصی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے اپنے خطاب میں کہا کہ کوئی بھی حکومت عوام کی سپورٹ کے بغیر اور عوام حکومت کی سپورٹ کے بغیر نہیں چل سکتی، اس لیے طریقہ یہی ہے کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ میں کاموں کو کیا جائے، ہم کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کے لیے تیار ہیں، ان شاء اللہ آپ کی سپورٹ سے کام کریں گے، عیدگاہ گراونڈ آپ کی مشاورت سے آپ کے حوالے کریں گے، علاقہ مکین طے کرلیں کہ گراونڈ چاہیے یا پارک۔ بلدیہ عظمیٰ بنا کردے گی، یہاں پر ایک سوفٹ کی سڑک بنائی جائے گی، مل جل کر کام کریں ایک دوسرے کے بازو بنیں، شہر کی رونق کو بحال کریں۔ مہمان خصوصی کو گلدستہ پیش کیا گیا۔ سیکٹر 31 اے کی تین سڑکیں جنہیں مرحوم محمود اختر پلاسٹک والوں، مرحوم خلیفہ انوار احمد ٹینٹ والوں اور مرحوم شمیم احمد پین والوں سے منسوب کیا گیا تھا، کی رونمائی کی گئی۔

سوئی سدرن گیس کمپنی کے جنرل مینیجر عدنان الرحمن صاحب کو صدر جمعیت نے ادارے کی جانب سے شیلڈ پیش کی۔ پمپنگ اسٹیشن کا افتتاح جناب عتیق الرحمن اللہ والا نے کیا آخر میں راقم الحروف نے دعا کرائی اور اس کے ساتھ ہی تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔
































# جناب منصور فیروز چاندنہ اور کونسلر وارڈ 3 ضحیٰ شمسی کا دورہ دفتر جمعیت

بلدیاتی الیکشن میں برادری کے کئی افراد نے کامیابی حاصل کی ہے، کونسلر وارڈ 3 ضحیٰ شمسی صاحب کو دفتر جمعیت تشریف لانے کی دعوت دی گئی، ۱۳ فروری کی شام کو جناب منصور فیروز چاندنہ، جناب سائد فیروز چاندنہ، جناب ضحیٰ شمسی، جناب محمد شاہد شمسی اور قاری عبدالواسع دفتر تشریف لائے، صدر جناب ابرار احمد کلکتہ والوں، جناب محمد سلیم فاروقی راقم الحروف، جناب احمر رضی کیمیکل والوں، جناب اقبال یوسف پیتل والوں، جناب احمد ضمیر دفتری، جناب خرم شہزاد، جناب کامران متین بٹلہ، جناب فیصل زاہد، جناب خالد یوسف اونچی مسجد والوں، جناب عامر یوسف مینجر، جناب رضوان اسمٰعیل مینجر اور جناب وقار احمد چھتری والوں نے مہمانوں کا استقبال کیا، تلاوت کے بعد جناب منصور فیروز چاندنہ نے اپنی آمد کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے کہا کہ وہ جمعیت کے حالیہ الیکشن میں کامیابی پر منتخب اراکین کو اور عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، JPSD کی جانب سے اللہ والا ٹاؤن میں جو ترقیاتی امور انجام دیے جارہے ہیں، اس پر بے حد شکر گزار ہیں اور اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہیں، آپ نے اللہ والا ٹاؤن کے چار بڑے مسائل صاف پانی کی مسلسل فراہمی، سیوریج کی نکاسی، صفائی اور غیر قانونی بلند و بالا تعمیرات کے حوالے سے یقین دہانی کرائی کہ وہ اور ان کے ساتھی کونسلرز وغیرہ ان تمام امور میں ادارہ جمعیت کا بھرپور ساتھ دیں گے اور ذمہ داری بھی قبول کریں گے۔ جناب محمد سلیم فاروقی نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے اللہ والا ٹاؤن کی ڈیولپمنٹ کے حوالے سے مختصراً معلومات فراہم کیں، مستقبل کی پلاننگ سے آگاہ کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ اہل محلہ اور جمعیت کے باہمی تعاون سے یقیناً بہتری رونما ہوگی۔ جناب خرم شہزاد نے سمپ کے متعلق واٹر بورڈ کے انجینئرز کی رائے، مشکلات اور تجربات سے آگاہ کیا، آخر میں صدر جلسہ کے شکریہ اور دعا کے ساتھ ملاقات اختتام کو پہنچی۔





# ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ سید عمران زیدی کی دفتر جمعیت آمد

ادارہ جمعیت کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ برادری کے سماجی اور معاشرتی مسائل کے حل میں بھی اپنا کردار ادا کیا جاے اور وہ رہائشی علاقے جہاں پر برادری کی معقول تعداد رہائش پزیر ہے اس علاقے کے مسائل کو حل کرنے میں اپنا کردار ادا کیا جاے۔

چنانچہ 7 نومبر کو دفتر جمعیت میں کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر جناب سید عمران زیدی (RRG) اور ملک انوار الحق ہماری دعوت پر دفتر جمعیت تشریف لائے۔ صدر جمعیت اور دیگر اراکین نے آپ کو خوش آمدید کہا۔



جناب محمد سلیم فاروقی نے دہلی مرکنٹائل سوسائٹی بلاک 3 میں پانی کی شدید قلت کے متعلق آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ پانی کی رات گئے سپلائی کی وجہ سے بلاک 3 کے رہائشی بہت پریشان ہیں، اوران کی آدھی رات اسی فکر میں گزر جاتی ہے کہ کسی طرح پانی بھر لیا جاے، رات تاخیر کی وجہ سے لوگ جاگتے رہتے ہیں اوران کی فجر کی نمازیں بھی قضا ہو رہی ہیں۔

جناب احمر رضی کیمیکل والوں نے دہلی کالونی میں پانی کا مسئلہ بیان کیا کہ لاکھوں کی آبادی ہے اور یہاں پر پانی صرف پمپ سے روزانہ دس منٹ کے لیے دیا جارہا ہے۔ گریویٹی کی لائن (بارہ انچ) کو کاٹ دیا گیا ہے اگر یہ لائن دوبارہ بحال کردی جاے تو اس علاقے میں پانی کا مسئلہ کسی حد تک حل ہوجائے گا۔ گزارش ہے کہ انسانی بنیادوں پر اس مسئلے کو حل کردیں۔ اس میں کسی قسم کے اخراجات نہیں ہوں گے۔

جناب کامران متین بٹلہ اور جناب محمد ہارون نیرؔ نے شمسی سوسائٹی کے حوالے سے بتایا کہ شمسی سوسائٹی میں شمسی ماڈل اسکول، شمسی ہاسپٹل، مساجد، پارکس اور ہزاروں کی آبادی ہے لیکن پانی کی شدید قلت ہے، بورنگ سے پانی حاصل کیا جارہا ہے، TDS لیول اور بارشوں کی کمی کی وجہ سے زیرزمین پانی کی سطح بہت نیچے چلی گئی ہے، اگر جامعہ ملیہ پمپنگ اسٹیشن کا سسٹم بہتر کردیا جاے تو پانی کا مسئلہ کسی حد تک حل ہوسکتا ہے۔

جناب خالد نور کپڑے والوں نے کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی میں پانی کی شدید قلت کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارا ایریا ”کراچی ایڈمن سوسائٹی (بلوچ کالونی) نو بلاکس پر مشتمل ہے اور پچاس ہزار سے زائد کی آبادی ہے، یہاں پر دن کے اوقات میں پانی بالکل بند ہوگیا ہے۔ جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو چار سے پانچ دن میں صرف دو گھنٹے پانی ملتا ہے۔ ہر وقت موٹر اور پمپ خراب رہتے ہیں۔ لہٰذا دو عدد H.P100. کے اور ایک عدد H.P60. کا نیا سسٹم موٹر بمعہ پمپ مکمل لگوایا جائے۔ ہر

ہفتہ مساجد میں کم سے کم 2 عدد فل سائز ٹینکر ڈلوائے جائیں۔ کچھ گلیوں میں نئی لائن کی ضرورت ہے۔ مثلاً بلاک نمبر 7 کی ایک گلی میں پانی آتا ہی نہیں، اگر آتا ہے تو گٹر کا پانی آتا ہے جو لائن 800 سے 1000 فٹ کی ہے۔ 4 مین گٹر لائنوں کی وینچنگ (Venching) کی ضرورت ہے جو عرصہء دراز سے نہیں ہوئی۔ اِس کو بھی فوری کروانے کی ضرورت ہے۔ اطراف کی تمام آبادیوں کے مقابلے میں ہمارے ایریا میں سب سے زیادہ بلنگ ہوتی ہے۔ اس کو بھی کنٹرول کی ضرورت ہے۔

اس کے بعد اراکین نے عبدالخالق اللہ والا ٹاون اور فیلکن کمپلیکس میں بھی پانی کی قلت سے آگاہ کیا۔

گزارشات کے بعد معزز مہمانوں نے مدعو کرنے پر شکریہ ادا کیا اور وضاحت سے پانی تقسیم کے سسٹم میں حائل مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے یقین دلایا کہ کسی بھی محلے سے ناانصافی نہیں ہوگی اور وہ جلد از جلد مشکلات کو حل کرنے کی کوشش کریں گے، اس موقع پر جناب عتیق الرحمن اللہ والا کو کوآرڈی نیٹر مقرر کیا گیا۔

آخر میں صدر جمعیت نے مہمانوں کی آمد پران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے گلدستہ اور شیلڈ پیش کی۔






# فیروزہ خاتون ویمن کالج / حاجرہ بی گرلز اسکول میں نواب مہر الٰہی بلاک کا افتتاح

عبدالخالق اللہ والا ٹاؤن میں واقع فیروزہ خاتون ویمن کالج / حاجرہ بی گرلز اسکول کی عمارت میں سیکنڈ فلور کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے، یہ فلور JPSD کے مالی وسائل سے تعمیر کیا گیا ہے۔ مورخہ ۱۳ ر نومبر کی صبح نگران وزیر داخلہ سندھ بریگیڈئر ریٹائرڈ حارث نواز نے نو تعمیر شدہ فلور کا افتتاح کیا، اس فلور کو مجلس منتظمہ کی منظوری سے محترم جناب نواب مہر الٰہی کی خدمات کے اعتراف میں نواب مہر الٰہی بلاک سے موسوم کیا گیا ہے، وزیر داخلہ نے اپنی مختصر تقریر میں JPSD کی کارکردگی کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ ان کے تصور میں بھی نہیں تھا کہ اس علاقے میں ایک انتہائی شاندار تعلیمی ادارہ بھی موجود ہے جو عوام کی بے لوث خدمت انجام دے رہا ہے، معزز مہمان نے اپنے تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ ہر وقت حاضر ہیں۔











# ڈرائیونگ لائسنس کیمپ

جمعیت میں پہلی مرتبہ JPSD اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل سندھ پولیس ڈرائیونگ لائسنس کے باہمی اشتراک سے ۳/اور ۴/نومبر کو دو روز کے لیے ہیڈ آفس میں لائسنس اجراء کیمپ لگایا گیا، دودنوں میں لگ بھگ چھ سوخواتین وحضرات کے لائسنس بنائے گئے اور تجدید کی گئی، اس کیمپ کے لیے ہمیں جناب ذوالفقار احمد اور جناب آصف جبار کا بے حد تعاون حاصل رہا ہے، اس کے علاوہ سندھ پولیس کے لائسنس کے عملے نے بھی اپنے فرائض خندہ پیشانی سے انجام دیے، میں ان سطور کے ذریعے ان تمام افراد کا جو دفتر جمعیت لائسنس کے لیے تشریف لائے اور جن افراد نے اس کیمپ کے انعقاد میں تعاون کیا ہے، بے حد شکر گزار ہوں اور امید ہے کہ ہمیں ان کا تعاون آئندہ بھی حاصل رہے گا۔











# چیئرمین جناح ٹاؤن، ناظم یونین کونسل اور کونسلرز کا دورہ دفتر جمعیت

(۲۶/اکتوبر) باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کے لیے جناح ٹاؤن کے چیئرمین جناب رضوان عبدالسمیع، ناظم یونین کونسل جناب جنید مکاتی، کونسلرز دانش طاہر، بابر شیخ اور احمد یوسف کو دفتر جمعیت میں مدعو کیا گیا، آپ کے ہمراہ جناب انور سعید کلکتہ والے (کوآرڈی نیٹر) بھی تشریف لائے۔ صدر جمعیت جناب ابرار احمد کلکتہ والوں نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا، سینئر جوائنٹ سکریٹری جناب دانش سعید نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آج کی ملاقات کا مقصد وہ علاقے جہاں پر ہماری برادری کی معقول تعداد آباد ہے اور مسائل سے دوچار بھی ہیں، ان کو آپ کے سامنے پیش کرنا اور حل تلاش کرنا ہے۔ جناب خرم شہزاد نے مختصراً ادارہ کی کارکردگی سے آگاہ کیا، علاقے کے مسائل بیان کیے اور ادارہ کی جانب سے منتخب نمائندوں کو اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا، دیگر اراکین جناب محمد سلیم فاروقی، جناب محمد عامر یوسف مینیجر، جناب فیصل زاہد پنی والوں، جناب عبداللہ منصور نے بھی گفتگو میں حصہ لیتے ہوئے علاقے میں کوڑا کرکٹ، تجاوزات، ہل پارک چورنگی پر ٹریفک جام، عالم گیر مسجد کے پاس بے شمار افراد کا رات کو بسیرا کرنے، گرین بیلٹ پر کچرا کنڈی کے خاتمے وغیرہ پر توجہ دلائی۔ چیئرمین ٹاؤن نے کہا کہ اس ٹاؤن میں 43 پارک ہیں جب کہ فنڈز کی شدید قلت ہے لیکن ہم ایک ٹیم کی طرح کام کر رہے ہیں اور مسائل بھی حل ہونگے۔ آپ اور جنید مکاتی صاحب نے ادارہ جمعیت کی کارکردگی کو بھی سراہا اور مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی، اس موقع پر جناب عبداللہ منصور کو JPSD کا کوآرڈی نیٹر مقرر کیا گیا۔ آخر میں صدر جمعیت نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں گلدستے پیش کیے۔








# فیملی ایکسپو 2023

2 اور 3 دسمبر کو یونین کلب میں فیملی شاپنگ ایکسپو کا انعقاد کیا گیا، بلاشبہ اس ایکسپو میں دو دن میں ہزاروں افراد نے وزٹ کیا اور شاپنگ کی۔ ہفتہ کی دو پہر کو ایکسپو کا افتتاح جناب محمد سلیمان چاولہ (سینئر نائب صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز) نے کیا، ان کے علاوہ بھی شہر کراچی کی معروف شخصیات نے ایکسپو کا وزٹ کیا، جن میں انڈونیشیاء کے قونصل جنرل بھی شامل تھے۔








فیملی ایکسپو میں مقصدیت کے تحت برادری کے چھوٹے تاجروں اور گھروں میں چھوٹے پیمانے پر کام کرنے والوں کو اجاگر کیا گیا اور متعارف کرایا گیا، اس کے علاوہ معروف برانڈز نے بھی اپنی مصنوعات پیش کیں جس سے ہماری برادری کو آگاہی ہوئی کہ ان کا تعلق بھی برادری ہی سے ہے، ایکسپو میں برادری کے مرد، خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور ذوق وشوق سے ڈسکاونٹ پر خریداری کی اور اہل برادری کو اتنے پروقار ایونٹ میں شرکت کا موقع ملا۔

ایکسپو کی خاص بات جو رہی وہ یہ کہ اس کے انعقاد میں ہمیں اپنے اسپانسرز کا بھرپور تعاون ملا ہے' ٹریول میٹ (TMG) نے قرعہ اندازی کے ذریعے عمرہ کا مکمل پیکج دیا، اس کا طریقہ یہ رہا کہ دو دن تک ایک باکس میں ایکسپو میں آنے والے افراد اپنا نام اور سیل نمبر اپنے ہاتھ سے باکس میں ڈالتے رہے اور دوسرے دن سوا نو بجے شب ٹریول میٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حیان صاحب اور صدر جمعیت ابرار احمد کلکتہ والوں نے باکس میں سے ایک کوپن نکالا جو کہ ایک خاتون کا تھا' اتفاق سے وہ خاتون اُس وقت ایکسپو میں موجود بھی تھیں' تصدیق کے بعد انہیں عمرہ کا پیکج دیدیا گیا، اس کے علاوہ بھی اسپانسرز کے تعاون سے بے شمار تحائف دیے گئے۔ میں ان سطور کے ذریعے اپنے تمام اسپانسرز، اسٹال ہولڈرز، ایکسپو میں آنے والے افراد، انتظامیہ یونین کوآپریٹو کلب اور اراکین مجلس منتظمہ و معاونین کا بے حد شکر گزار ہوں۔








# فیملی شاپنگ ایکسپو 2023

ہم اپنے معاونین کے مشکور ہیں جن کے تعاون کی بدولت اس سال فیملی شاپنگ ایکسپو 2023 کا انعقاد کیا گیا

JPSD FAMILY SHOPPING EXPO

## PLATINUM SPONSORS

- Shangrila – The Food Experts!
- TMG Group of Companies
- Bona Papa Magic
- Fruiti-O – Nectars & Fruit Drinks
- It's All About ME Fragrances
- Mayar Furniture City
- Medicam
- Mtek Hygiene – ISO 9001:2015
- Mön Salwa – Bring Taste To Life
- میار Fashion

## GOLD SPONSORS

- Rossmoor Food Products
- Carpetinn
- Mashal Plastic – Working together for perfect solution
- Naheed
- Fresh St
- Kernelpop
- Carpet World
- My Wrap – Quality Product
- Medora
- Al-Khair UP – Exclusive Furniture & Interior
- Talha's Studio Design
- Young's
- modern homeware
- Ahsan & Salam Cosmetics
- Ilyas Power Solution – Enlightening Your World
- United King – the Food Kingdom

## FOOD COURT

- The Food Break
- California Pizza
- Azizi Caterers & Decorators
- optp
- Milkyz Food
- Chotu Chaiwala Bahadurabad
- Tempura
- R

## SILVER STALL

- Crystal Line Jhalar House
- Plush Mink – International Quality
- Nexuss Cosmetic
- دار الکتب العلمیۃ – قرآن پاک، تفاسیر، ترجمہ، حدیث، فقہ، تاریخ اور دیگر ادبی کتب بیروتی، عربی اور اردو میں دستیاب ہیں
- Amal
- Hussain Leather Craft – Handling Leather Carefully
- Stitch N Style
- Al Barakah
- Aneeqa – Scarves, Shawls, Hijabs & Accessories
- Crown Uniforms – Wear Smart, Feel Smarter
- Lio
- ABJ Home
- Let's Party
- Web Hive
- Bruccie Fragrances
- Juice N Food Co.
- Body Sol
- Orchid Interior
- Sophia Asley Professional
- Fiabila
- Ideal Farmhouse
- Little starz by AK
- Innovative Offical by Riffat Munir
- MSK
- Ilyas Electric Store – Excellence in Switch Gear Panels & Power Solutions
- vintage by MS
- پبلک ہیلتھ یونانی فارمیسی
- اخلاص اینڈ سنز ڈھانچے والے
- Glam Diva Beauty Salon
- Bin Asim Perfumes
- Goldbyplas
- Nk Couture
- S Apparels
- Paul Brooks
- Al-Wadood
- ہنرمند
- Zee's Collection
- Rozari

# الحمد اکیڈمی کے اشتراک سے اسکالرشپس پروگرام

الحمد اکیڈمی پاکستان کا ایک معروف تعلیمی ادارہ ہے جس کے زیر انتظام کراچی میں اعلیٰ تعلیم کے کئی انسٹی ٹیوٹ قائم ہیں جہاں پر ہزاروں طلبا و طالبات زیر تعلیم ہیں۔ 20 دسمبر کی شام الحمد اکیڈمی اور جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کے مابین ایک مفاہمتی یادداشت معاہدہ پر دستخط کیے گئے جس کے تحت جمعیت سے ریفر کردہ طلبا و طالبات کو فیس میں ڈسکاونٹ دیا جائے گا، معاہدہ پر دستخط کے لیے ایک مختصر تقریب دفتر جمعیت میں منعقد ہوئی۔ الحمد اکیڈمی کے جناب کلیم رحمانی صاحب اور چیف فنانس آفیسر جناب وہاج رحمانی دفترِ جمعیت تشریف لائے، صدر جمعیت جناب ابرار احمد کلکتہ والوں، سکریٹری ایجوکیشن بورڈ جناب عاصم شکیل دواوالوں اور قائمقام جنرل سکریٹری جناب دانش سعید نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا۔ الحمد اکیڈمی کے کلیم رحمانی صاحب نے بتایا کہ وہ چالیس سال سے تعلیم کے شعبے سے وابستہ ہیں، آپ نے مختصراً اپنے ادارے کا تعارف پیش کرتے ہوئے جمعیت کے ساتھ اشتراک کار پر خوشی کا اظہار کیا اور اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ جناب عاصم شکیل دواوالوں نے ادارہ جمعیت کا تعارف کرایا، صدر جمعیت نے کلیم رحمانی صاحب کو شیلڈ پیش کی اور معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ ان سطور کے ذریعے ایسے طلبا و طالبات جو الحمد اکیڈمی میں زیر تعلیم ہوں یا داخلے کے خواہش مند ہوں، ٹیوشن فیس میں رعایت کے لیے جمعیت کے دفتر سے تعارفی لیٹر حاصل کرلیں، میں اس معاہدہ کی تکمیل پر جناب عبدالباسط زاہد صاحب اور جناب عاصم شکیل دواوالوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جنہوں نے بحسن وخوبی کوآرڈی نیٹر کے فرائض انجام دیے۔

JPSD

Al-Hamd Academy



# جمعیت حکیمان دہلی کے نمائندوں کا دورہ دفتر جمعیت

(۲ مئی) جمعیت حکیمان دہلی ایک سماجی ادارہ ہے جو مختلف خدمات انجام دے رہا ہے، اس کے نمائندے جناب محمد عدنان اور جناب عبدالمتین' دفتر جمعیت تشریف لائے۔ معزز مہمانوں نے اپنے ادارے کی تاریخ اور خدمات کے متعلق مختصر آگاہی دیتے ہوئے JPSD سے مختلف شعبوں میں اشتراک کار کی خواہش کا اظہار کیا۔ میں ان سطور کے ذریعے معزز مہمانوں جناب محمد عدنان، جناب عبدالمتین، رابطہ کار جناب مسعود سلطان باڑی اور جناب تنویر سلطان باڑی کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ رابطے جاری رہیں گے۔

# برادری کے یوم انتخاب پر جمعیت دہلی صدیقی برادری کے وفد کا مطالعاتی دورہ

جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کے سالانہ انتخابات اپنی تنظیم اور انتظامی طور پر جہاں برادری کے لیے باعث فخر و افتخار ہیں وہیں دیگر برادریوں کے لیے کشش کا باعث ہیں۔ گزشتہ سالوں میں مختلف برادریوں کے نمائندہ اداروں کے وفود نے دورہ کیا ہے اور انتخابی عمل کا مکمل جائزہ لیا ہے۔ امسال بھی راقم الحروف اور جناب مجیب الرحمان شمسی (سابق جوائنٹ سکریٹری) کی دعوت پر جمعیت دہلی صدیقی برادری کے وفد نے صدر جناب محمد سہیل کی سربراہی میں جناب فضل عظیم اور جناب جاوید احمد کے ہمراہ انتخابی پنڈال (ڈی ایم ایس بوائز اسکول دہلی مرکنٹائل سوسائٹی) کا دورہ کیا۔ جناب مجیب الرحمان شمسی، مسعود سلطان باڑی اور تنویر سلطان باڑی نے اور پنڈال میں ناظم انتخابات جناب محمد یونس بھولا والوں اور جناب افتخار احمد ملتانی نے وفد کا استقبال کیا۔ ناظم انتخابات نے انتخابی عمل کا مختصر تعارف اور چنیدہ نکات سے آگاہ کیا، وفد نے انتخابی عمل کا دلچسپی سے مشاہدہ کیا اور مختلف امور کی بابت سوالات کیے اور ناظم انتخابات اور ان کی پوری ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔

صدر دہلی صدیقی برادری نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ ان کی برادری کے انتخابات میں بھائی محمد یونس بھولا والوں کی مشاورت اور معاونت ان کو حاصل ہو۔ پنڈال سے باہر وفد نے مختلف گروپ اور آزاد امیدواران کی انتخابی مہم کا بھی دلچسپی سے جائزہ لیا اور معلومات حاصل کیں۔ وفد نے جمعیت کے سابقہ اور حالیہ عہدیداران جن میں سابق صدر جمعیت جناب محمد سلیم فاروقی، راقم، سابق جوائنٹ سکریٹری مجیب الرحمٰن شمسی، ندیم الیاس کیمیکل والے، خالد سعید کلکتہ والے، سلطان صلاح الدین بمبئی والے، طاہر سلطان پرفیوم والے، جناب فضل ربی، طارق الیاس ڈالرانک والے، جناب عرفان احمد سروانہ، محمد عرفان اصلی پری، محمد سعید شفیق اور احمد ضمیر دفتری سے بالمشافہ ملاقاتیں اور بات چیت کی۔ یہ عزم کیا گیا کہ انسانی خدمات اور برادری کی فلاح کے کارخیر میں صدیقی برادری کو جمعیت کی جانب سے مکمل تعاون حاصل رہے گا۔ آخر میں سابق صدر جناب محمد سلیم فاروقی سے ملاقات کرتے ہوئے جناب محمد سہیل (صدر برادری) نے جمعیت کے انتخابی عمل، انتظامات اور نظم و نسق کی پذیرائی کرتے ہوئے اظہار کیا کہ یہ دورہ، ملاقات و مشاہدہ اپنی برادری کے انتخابات منعقد کروانے میں بے حد معاون و مفید ثابت ہوگا۔

# JPSD الخیر کرکٹ لیگ

ادارہ جمعیت کے زیر انتظام پہلی کرکٹ لیگ ''الخیر کرکٹ لیگ 2023'' کی برادری میں شاندار پزیرائی کی گئی' تمام میچز ہی بہت دلچسپ اور کانٹے کے رہے 'ٹیموں کے حامی بھی گراونڈ میں آتے اور حوصلہ بڑھاتے رہے' پانچ روزہ اس لیگ کا فائنل ۲۵ نومبر بروز ہفتہ/ اتوار کی شب کوکن گراونڈ میں کھیلا گیا جو کہ شدید بارش کے باعث مکمل نہ ہوسکا اور فائنل میں پہنچنے والی دونوں ٹیموں شمسی لائنز اور مشعل ٹائیگر کو مشترکہ فاتح قرار دیا گیا، شدید بارش اور سرد ہواوں کی وجہ سے اختتامی تقریب کو بھی مختصر کرنا پڑا اور کھلاڑیوں کے انعامات وٹرافی وغیرہ تقریب ستائش میں دیے گئے، شدید بارش کے باوجود سیکڑوں افراد گراونڈ میں پہنچے اور ہزاروں نے سوشل میڈیا پر براہ راست میچ دیکھا۔ مجموعی طور پر لیگ میں آٹھ ٹیموں نے حصہ لیا اور پندرہ میچز کھیلے گئے، ہر میچ میں مین آف دی میچ (انعامی رقم پچیس سو روپے)، باولر آف دی ٹورنامنٹ (پانچ ہزار روپے)، بیٹسمین آف دی ٹورنامنٹ (پانچ ہزار روپے)، فائنل میچ کھیلنے والی ہر ٹیم کو ایک لاکھ روپے فی ٹیم، سیمی فائنل تک پہنچنے والی ہر ٹیم کو پچاس ہزار روپے، بقیہ چار ٹیموں کو پچیس ہزار روپے (ہر ٹیم کو) دیے گئے ہیں، مزید ہمارے اسپانسرز کے گرانقدر مالی تعاون سے ہر کھلاڑی کو گفٹ ہیمپر مع ایک عدد بیٹ بھی دیے گئے۔

میں ان سطور کے ذریعے جمعیت کی پہلی لیگ میں حصہ لینے والے تمام کھلاڑیوں، ٹیموں کے اسپانسرز، لیگ اسپانسرز، کارکنان، کوکن سوسائٹی کے چیئرمین و سکریٹری اور دیگر افراد کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ ان شاءاللہ مستقبل میں اس بھی بڑے پیمانے پر لیگ کا انعقاد ہوگا۔











AL KHAIR JPSD CRICKET LEAGUE 2023
Reliable
MUNDIAL
CRICKET TAPE


RUNNER UP
WINNER
CHAMPIONS
2023
JPSD


AL KHAIR JPSD CRICKET LEAGUE 2023
WINNER
ONE HUNDRED FIFTY THOUSAND ONLY
150,000/-










# الخیر JPSD کرکٹ لیگ 2023


ہم اپنے معاونین کے مشکور ہیں جن کے تعاون کی بدولت اس سال
پہلی الخیر JPSD کرکٹ لیگ 2023 کا انعقاد کیا گیا



## شیخ ابرار احمد کلکتہ والے
(صدر جمعیت)



## شیخ مستفیض الدین نواب
(سینئر نائب صدر)



## ایس ایم اسحاق چاندنہ
(نائب صدر)



## شیخ محمد طلحہ عبدالمالک
(آنریری جنرل سکریٹری)



شیخ دانش سعید کلکتہ والے

(سینئر جوائنٹ سکریٹری)




شیخ احمر رضی کیمیکل والے

(جوائنٹ سکریٹری)



شیخ عدیل ناصر الیاس پریس والے

(خازن)




شیخ محمد خالد یوسف اونچی مسجد والے

(نائب خازن)



## شیخ سلمان جمیل چاؤلہ
(ناظم فروغ رکنیت واسکروٹنی ممبرشپ سب کمیٹی)



## شیخ عبداللہ منصور پیتل والے
(ناظم مساجد ومدرسہ سب کمیٹی)



## شیخ اقبال یوسف پیتل والے
(چیئرمین ایجوکیشنل بورڈ)



## شیخ عاصم شکیل الیاس دوا والے
(آنریری سکریٹری ایجوکیشنل بورڈ/ہیلتھ کونسل)



**شیخ رضوان اسمٰعیل مینیجر کلکتہ والے**

(HED بی ایچ وائی ہاسپٹل مینجمنٹ بورڈ)



**شیخ سہیل احمد سوت والے**

ناظم محمد عارف گلاس ویئر والا بوائز کیمپس
محمد اسمٰعیل نینی تال والا گرلز کیمپس



**شیخ خالد نور کپڑے والے**

(ناظم میڈیا پبلسٹی سب کمیٹی)



**شیخ کامران متین بٹلہ**

(چیئرمین جمعیت پراپرٹی بورڈ)



**شیخ حافظ فیصل زاہد پنی والے**
(ناظم مالیات سب کمیٹی)




**شیخ مجیب الرحمٰن شمسی**
(ناظم قرض میعادی سب کمیٹی)



**شیخ حافظ محمد کامران اصلی پری**
(رکن جمعیت ہاؤسنگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ)



**شیخ حافظ محمد سعید شفیق**
(رکن مجلس منتظمہ)



**شیخ نواب مہر الٰہی**
(ناظم امداد/ ہنگامی امداد سب کمیٹی)



**شیخ محمد عرفان اصلی پری**
(رکن مجلس منتظمہ)



**شیخ خالد یونس صدیقی گھڑی والے**
(ڈائریکٹر BHY ہاسپٹل مینجمنٹ بورڈ)



**شیخ محمد الیاس نینی تال والے**
(چیئرمین جمعیت ہیلتھ کونسل)




شیخ نسیم العارفین دوائی والے
(رکن مجلس منتظمہ)



شیخ ثاقب اقبال بمبئی والے
(جوائنٹ سکریٹری جمعیت ایجوکیشنل بورڈ)



شیخ خالد سعید کلکتہ والے
(رکن مجلس منتظمہ)



شیخ محمد شمیم بنڈل والے
(وائس چیئرمین جمعیت ایجوکیشنل بورڈ)



**شیخ ذکی احمد بٹلہ**

(رکن سوداگر سب کمیٹی)



**شیخ طارق الیاس ڈالر اِنک والے**

(رکن دستورالعمل ترامیم سب کمیٹی)



**شیخ محمد سلیم فاروقی**

(چیئرمین جمعیت ہاؤسنگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ)



**شیخ عتیق الرحمٰن اللہ والے**

(وائس چیئرمین جمعیت ہاؤسنگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ)



شیخ عمران سعید باغپتی
(ناظم سوداگر/ دستور العمل ترامیم سب کمیٹی)



شیخ حافظ سعد ٹینٹ والے
(نائب ناظم مساجد و مدرسہ سب کمیٹی)



شیخ محمد یوسف کتاب فروش
(رکن جمعیت پراپرٹی بورڈ)



شیخ افتخار احمد موتی والے
(رکن مجلس منتظمہ)




ایس ایم محسن عثمان (فخرِ قوم)
(رکن امداد سب کمیٹی)



شیخ محمد عامر یوسف مینیجر کلکتہ والے
(ناظم شاخ جمعیت/ چیئرمین لاء اینڈ آرڈر)



شیخ محمد ہارون نیئر مینیجر کلکتہ والے
(ناظم قبرستان و سروس وین/ جائزہ ری اسکروٹنی)



شیخ خرم شہزاد
(مستعفی: 21-2-2023)

# شیخ محمد طلحہ عبد المالک

## آنریری جنرل سکریٹری کے قلم سے

بسم اللہ الرحمن الرحیم




محترم صدر اجلاس، اراکین مجلس منتظمہ و مجلس عامہ ......................... السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ایک اور سال بخیریت گزر گیا۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی خدمات کا سلسلہ جاری وساری رہا، چند منصوبے مکمل ہوئے ، کچھ جاری ہیں اور چند کی پلاننگ کی گئی ،2023 ملکی سیاسی لحاظ سے بھی گہما گہمی کا رہا ہے کہ قومی الیکشن کا اعلان کر دیا گیا ہے جو محض چند روز کی دوری پر ہیں، ادارہ جمعیت میں بھی جمہوریت قائم ہے اور الیکشن میں منتخب ہونے والے نمائندے ادارے کی باگ ڈور سنبھالتے ہیں،شیڈول کے مطابق الیکشن ان شاء اللہ 4 فروری کو ہونگے ،امیدواروں کی فہرست آپ تک پہنچ چکی ہے،ووٹ دینے کا اختیار آپ کا ہے۔ میں JPSD کی جانب سے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کرتا ہوں،آج پہلی نشست ہے جس میں آڈٹ اکاونٹس اور کارکردگی رپورٹ کی منظوری اور آئندہ سال کے لیے آڈیٹر کا تقرر کیا جارہا ہے جب کہ دوسری نشست میں مجلس منتظمہ کی تیرہ خالی نشستوں پر اراکین کا انتخاب کیا جائے گا۔ دستور کے مطابق جو افراد 30 جون 2023 تک مجلس عامہ کے ممبر بن چکے ہیں ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔ تفصیلاً کارکردگی، رپورٹ کے اگلے صفحات میں ملاحظہ کر سکتے ہیں، مختصراً جائزہ پیش خدمت ہے۔

### 73 واں سالانہ جلسہ عام:

مورخہ ۲۷ جنوری 2023 بروز جمعتہ المبارک ۷۳ واں جلسہ عام دفتر جمعیت سے متصل، صدر جمعیت جناب محمد سلیم فاروقی کی صدارت میں منعقد ہوا، جناب عبداللہ منصور پیتل والوں نے تلاوت کلام پاک کی ،شاخ لاہور سے تہنیتی پیغام، شاخ ہائے جمعیت سب کمیٹی کے ناظم جناب خرم شہزاد نے پیش کیا، سالانہ کارکردگی کی منظوری کے لیے راقم نے حاضرین سے درخواست کی، اس کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی، خازن جناب عامر یوسف مینجر نے شاخ لاہور، راول پنڈی اور مرکزی جمعیت کے آڈٹ اکاونٹس برائے منظوری پیش کیے، حاضرین نے متفقہ منظوری دی، اکاونٹس منظوری کے بعد اگلے مالی سال 2022-23 اکاونٹس آڈٹ کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اتفاق رائے سے عمل میں آئی ،صدر جمعیت وجلسہ جناب محمد سلیم فاروقی نے خطبہ صدارت پیش کیا۔اس طرح دعا کے ساتھ جلسہ عام اختتام پزیر ہوا۔

## خالی نشستوں پر انتخابات:

جلسہ عام کی دوسری نشست 29 رجنوری ۲۰۲۳ء بروز اتوار ڈی ایم ایس گراونڈ نزد ہنر فاونڈیشن منعقد ہوئی، اس نشست میں اراکین مجلس عامہ نے مجلس منتظمہ کی تیرہ خالی نشستوں پر اپنا صوابدیدی حق رائے دہی استعمال کرتے ہوے آزادانہ طور پر نمائندے منتخب کیے۔ پولنگ کا آغاز صبح نو بجے ہوا جو بلاوقفہ شام پانچ بجے تک پُر امن ماحول میں جاری رہی۔ ناظم الیکشن محترم جناب محمد یونس بھولا والوں نے موجود امیدواروں اور اراکین کو انتظامات پر بریفنگ دی، پنڈال سے کچھ فاصلے پر ووٹرز کی رہنمائی اور کنوینسنگ کے لیے امیدواروں نے کیمپس لگائے ہوئے تھے، ایجنڈے کے مطابق شام پانچ بجے الیکشن پنڈال میں ووٹرز کا داخلہ بند کر دیا گیا اور پنڈال میں موجود ووٹرز نے ووٹ کاسٹ کیے، ناظم الیکشن نے اراکین مجلس منتظمہ اور امیدواروں کو پنڈال میں آنے اور گنتی کے عمل کا مشاہدہ کرنے کی دعوت دی، ووٹوں کی گنتی امیدواروں اور مجلس منتظمہ کے اراکین کی موجودگی میں کی گئی، تقریباً ساڑھے نو بجے شب ناظم الیکشن نے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ 35 امیدواروں نے الیکشن میں حصہ لیا اور مجموعی طور پر 4800 کے لگ بھگ اراکین نے اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔ اس طرح ناظم الیکشن کے شکریہ کے ساتھ ہی جلسہ عام کی دوسری نشست اختتام پزیر ہوئی۔

الیکشن کے بعد مجلس منتظمہ کے ۶ فروری کو ہونے والے اجلاس میں ہاوس نے اتفاق رائے سے منصفانہ، غیر جانب دارانہ اور پُر امن الیکشن کے انعقاد پر ناظم الیکشن جناب محمد یونس بھولا والوں اور الیکشن کمیٹی کے اراکین کی خدمات کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا، میں بھی ان سطور کے ذریعے ناظم صاحب، الیکشن کمیٹی اور جملہ کارکنان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

## دہلی مرکنٹائل سوسائٹی کے لیے اظہار تشکر:

مجلس منتظمہ کی خالی نشستوں پر انتخابات اور جلسہ عام کے لیے عرصہ دراز (1994) سے ادارہ جمیعت کو دہلی مرکنٹائل سوسائٹی انتظامیہ کا تعاون حاصل ہے اس سال بھی سوسائٹی کا ہمیں قیمتی تعاون حاصل رہا ہے، مجلس منتظمہ کے ۶ فروری کے اجلاس میں ہاوس نے متفقہ طور پر دہلی مرکنٹائل سوسائٹی کے بیش بہا تعاون پر اظہار تشکر کرتے ہوئے قرارداد تہنیت منظور کی۔ میں ان سطور کے ادارہ جمیعت کی جانب سے ڈی ایم ایس انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔


ALHAMD SHARIAH ADVISORY SERVICES
(PVT) LIMITED
Alhamd
Date: November 26, 2022

جمیعت پنجابی سوداگران دہلی کراچی کو زکوۃ اور عطیات دینے کا شرعی حکم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

تعارف:

زکوۃ اور عطیات کے خرچ کرنے کا طریقہ کار:

شرعی حکم:

نصیب فرمائے۔ آمین

مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ — شریعہ ایڈوائزر جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کراچی

مفتی عبدالمنان — شریعہ ایڈوائزر جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کراچی

Email: info@alhamdshariahadvisory.com
Website: www.alhamdshariahadvisory.com
Phone: +92 322 2623852

## تحصیل زکواۃ:

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ادارہ جمیعت پر ڈونرز کا اعتماد قائم ہے اور اللہ کے فضل سے زکواۃ کی مد میں معقول رقم جمع ہو رہی ہے، میں انتہائی مشکور ہوں اراکین مجلس عامہ و منتظمہ کا کہ جنہوں نے ڈونرز سے رابطے کیے اور وصول کردہ رقم دفتر تک پہنچائی، رمضان میں خصوصی مہم چلائی گئی اور عطیات جمع کیے گئے۔

تحصیل کے ساتھ ساتھ تقسیم بھی ایک اہم شعبہ ہے جس میں حقیقی مستحق کا تعین از حد ضروری ہے، جس کے لیے ہمیں شریعہ بورڈ کی رہنمائی حاصل ہے، دوسری اور اہم بات یہ کی شرعی نکتہ نظر سے ایک سال میں زکواۃ کی رقم کی تقسیم لازمی ہے چنانچہ میں اپنے ڈونرز کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی دی ہوئی رقم مستحقین تک پہنچ گئی ہے۔

زکواۃ کی تحصیل وتقسیم کا مسلسل جائزہ لینے، سسٹم میں اصلاحات کرنے اور دی گئی تجاویز پر عمل درآمد کی نگرانی کے لیے بااختیار مفتیان اکرام پر مشتمل ایک فعال شریعہ بورڈ قائم ہے، بورڈ کے ممبران میں جناب مفتی ابراہیم عیسیٰ اور مفتی عبدالمنان شامل ہیں' الحمدللہ اس سال بھی جمعیت کی خدمات اور تحصیل تقسیم زکواۃ سسٹم کا جائزہ لینے کے بعد شریعہ بورڈ نے سرٹیفکیٹ جاری کردیا ہے' جو شامل اشاعت ہے۔




## قبرستانوں کے امور:

نئے قبرستان باغ عبدالرحمٰن میں ترقیاتی امور اور شجر کاری وغیرہ جاری ہیں اور جو نہی موجودہ قبرستانوں باغ نواب الدین اور شفیق پورہ میں تدفین کی جگہ ختم ہونے کے بعد باغ عبدالرحمٰن میں تدفین کا آغاز کردیا جائے گا، ناظم سب کمیٹی جناب محمد ہارون نیئر قبرستانوں اور میت گاڑیوں کے امور کی نگرانی کرتے ہیں جس پر میں ان کا شکرگزار ہوں۔



## باغ عبدالرحمٰن میں مصلے کی تعمیر:

الحمدللہ ایک معزز ڈونر کے تعاون سے باغ عبدالرحمٰن قبرستان میں جائے نماز کی تعمیر تیزی سے جاری ہے، میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کی نیکیوں کو قبول فرمائے۔آمین



## شعبہ تعلیم:

اس سال بھی جمعیت کے زیر انتظام اسکولوں کے طلبا و طالبات نے تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بورڈ کے امتحانات میں بہترین نتائج حاصل کیے ہیں، ہمارے اسکولوں میں چودہ سو سے زائد طلبا و طالبات زیر تعلیم ہیں۔میں ان سطور کے ذریعے چیئرمین ایجوکیشنل بورڈ جناب اقبال یوسف پیٹل والوں اور سکریٹری بورڈ جناب عاصم شکیل دواوالوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔اس کے علاوہ دہلی کالونی میں قائم تعلیمی ادارے جو انتظامی امور کے لیے دہلی پنجابی سوداگران فاونڈیشن کے سپرد کیے گئے ہیں، کے انتظامی بورڈ میں جمعیت کے اراکین موثر نمائندگی کررہے ہیں، دوران سال بھی معاہدے کے مطابق مستحق طلبا و طالبات کی تعلیمی اعانت کا سلسلہ جاری رہا۔



## الحمد اکیڈمی سے معاہدہ:

الحمد اکیڈمی ایک معروف تعلیمی ادارہ ہے جو ہائر ایجوکیشن میں اپنا ایک مقام رکھتا ہے، الحمد اور JPSD کے مابین ایک مفاہمتی یادداشتی معاہدہ دستخط کیا گیا ہے جس کے تحت جمعیت سے ریفر کردہ طلبا و طالبات کو فیس میں ڈسکاونٹ دیا جائے گا۔



## شعبہ صحت:

جمعیت کے سب سے بڑے یونٹ بی ایچ وائی ہاسپٹل دہلی کالونی میں دوران سال بھی جدید مشینری وآلات کا اضافہ جاری رہا، بی ایچ وائی ہاسپٹل اور اس سے ملحق بلقیس میموریل ہاسپٹل، جمعیت صابرہ کلینک، آسیہ مریم بٹلہ ہاسپٹل سے سالانہ تقریباً چھ لاکھ افراد مستفید ہورہے ہیں، ایسے افراد جو اپنے علاج کی فیس وغیرہ ادا نہیں کرسکتے ان کے لیے ویلفیئر ونگ قائم ہے اور ان کا علاج زکواۃ فنڈ سے کیا جارہا ہے۔

## رکنیت سازی:

1973 میں مجلس عامہ کی تعداد 2086 تھی جو کہ 2008 میں 4586 ہوئی اور 2023 میں مجموعی تعداد 13013 ہوگئی ہے جو کہ اراکین کی اپنے ادارے میں دلچسپی کی غماز ہے۔

## مجلس منتظمہ کے اجلاس:

میری کوشش ہوتی ہے کہ تمام معاملات مجلس منتظمہ کی میٹنگز میں پیش کیے جائیں اور مشاورت سے طے پائیں، ان سطور کے تحریر کرتے ہوئے سولہ اجلاس منعقد ہوچکے ہیں، پندرہویں اجلاس کی تین نشستیں ہوئیں اس طرح اٹھارہ اجلاس ہوئے ہیں۔

## دستوری ترامیم:

جناب عمران سعید باغپتی کی سربراہی میں قائم کمیٹی نے طویل غوروخوض کے بعد مجوزہ سفارشات مرتب کرلی ہیں جو جلد ہی مجلس منتظمہ میں پیش کردی جائیں گی، میں سب کمیٹی کے ناظم اور اراکین کا تہہ دل سے ممنون ہوں۔

## جاب الرٹ:

جنہیں ملازمین کی تلاش ہے یا ملازمت کی۔ آجر اور اجیر کے لیے وٹسیپ گروپ بنادیے گئے ہیں، ان گروپس میں ملازمین کی ضرورت کے اشتہارات بلامعاوضہ شائع کردیے جاتے ہیں، اس طرح ادارہ سہولت کار کا کردار ادا کررہا ہے۔



## عبدالخالق اللہ والا ٹاون میں ترقیاتی امور:


سال گزشتہ کی مانند اس سال بھی اللہ والا ٹاون میں ترقیاتی امور جاری رہے، سیکٹر 31A کے ترقیاتی امور مکمل ہوچکے ہیں اور سیکٹر 31B کے بقایا کام زیر تکمیل ہیں، ٹاون کے دو مسئلے ہمیشہ سے بہت اہم اور پیچیدہ رہے ہیں، ایک سیوریج اور دوسرا صاف پانی کی فراہمی۔ الحمد للہ اس سال دونوں پیچیدہ اور تکلیف دہ مسائل حل ہوئے ہیں، کورنگی کراسنگ سے پانی کا ایک نیا کنکشن (160mm) لیا گیا ہے اور ایک لائن سیکٹر 31A,B تک ڈال دی گئی ہے، سیکٹر

31A اور 31B میں گھروں کے نلکوں میں پانی آرہا ہے' میں ان سطور کے ذریعے اُن تمام افراد کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے شب روز محنت کر کے اس کو انجام دیا ہے بالخصوص چیئرمین ہاوسنگ بورڈ محمد سلیم فاروقی' وائس چیئرمین بورڈ عتیق الرحمن اللہ والا ،اور سابق جنرل سکریٹری خرم شہزاد کی اس سلسلے میں کوششیں قابل ذکر اور قابل ستائش ہیں۔




## سوفٹ ویئر کی تنصیب:

جیسا کہ گزشتہ سالانہ رپورٹ میں تحریر کیا گیا تھا کہ ایک نیا جامع سوفٹ ویئر لگایا جارہا ہے جو کہ جمعیت کے ہر شعبے (اسکولز، ہاسپٹلز، قبرستان، میت گاڑی، ہیڈ آفس، عطیات، زکواۃ وغیرہ) کا مکمل احاطہ کر سکے۔اس سال اس سوفٹ ویئر پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔





## تحصیل چرم ہائے قربانی مہم:

عیدالاضحیٰ پر تحصیل چرم ہائے قربانی مہم جناب عمران سعید باغپتی کی نظامت میں بھرپور طریقے سے چلائی گئی ،کھالیں جمع کرنے کے لیے برنس روڈ، دہلی کالونی ،عبدالخالق اللہ والا ٹاون ،شمسی سوسائٹی ،کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی' دہلی مرکنٹائل سوسائٹی ،فیڈرل بی ایریا وغیرہ میں ذیلی مراکز قائم کیے گئے جب کہ ہیڈ آفس میں مرکزی کیمپ قائم تھا جہاں سے ناظم سب کمیٹی نے جملہ امور کی نگرانی کی ،اعزازی ممبرز واسٹاف نے تین دنوں تک سخت گرمی میں ڈیوٹی انجام دی اور کھالیں جمع کیں۔سال گزشتہ سے زائد کھالیں جمع ہوئی ہیں اور یافت میں بھی اضافہ ہوا ہے ،جس پر میں کھالیں دینے والے تمام افراد برادری ، ناظم عمران سعید باغپتی ،کارکنان، ذیلی سینٹرز کے ناظمین، نائب ناظمین اور اسٹاف کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔



## اجتماعی قربانی:

2020 سے جاری اجتماعی قربانی کی مہم بخیر وخوبی اختتام پزیر ہوئی، علی الصبح بعد نماز عیدالاضحیٰ ہیڈ آفس سے متصل قربانی کی گئی اور قربانی کا گوشت مقررہ پوائنٹس دہلی کالونی میں اسمٰعیل اللہ والا اسکول اور عبدالخالق اللہ والا ٹاون میں محمد عارف گلاس وئیر والا اسکول پر بھیج دیا گیا' جہاں سے راشن یافت گان و دیگر ضرورت مندوں میں تقسیم کیا گیا' میں ان سطور کے ذریعے اس مہم میں شریک تمام افراد ناظم سب کمیٹی جناب رضوان اسمٰعیل مینجر ،جناب دانش سعید، جناب احمد فیصل نمبردار اور دیگر اراکین کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے بخیر وخوبی جملہ امور کو انجام تک پہنچایا۔

## تحصیل فطرہ مہم:

گزشتہ برسوں کی طرح اس سال بھی رمضان المبارک کے تیسرے عشرے اور عیدالفطر کے پہلے روز فطرہ مہم چلائی گئی، روایتی طور پر عیدالفطر کی نماز سے قبل عیدگاہوں/مساجد کے باہر اسٹال لگائے گئے اور کارکنان نے فطرہ جمع کیا، اہل برادری کا قیمتی تعاون حاصل رہا ہے جس پر میں ادارہ JPSD کی جانب سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اطلاعاً عرض ہے کہ فطرہ کی رقم شرعی طور پر مستحقین تک پہنچادی گئی ہے۔ تحصیل فطرہ مہم کے انچارج سابق جنرل سکریٹری جناب خرم شہزاد کا میں شکرگزار ہوں کہ آپ نے اس مہم کی نگرانی کی۔





## تحصیل قبرستان فنڈ مہم:

عیدالفطر کی نماز کی ادائیگی کے بعد افرادِ برادری کی ایک بہت بڑی تعداد قبرستانوں میں اپنے عزیز واقارب کی قبور پر فاتحہ خوانی کے لیے جاتی ہے، اس سال بھی صبح سات بجے سے دوپہر دو بجے تک ہزاروں افراد قبرستان گئے، ہمیشہ کی طرح، زائرین کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے، بی ایچ وائی ہاسپٹل کے تعاون سے ایمرجنسی میڈیکل کیمپ لگایا گیا۔ معزز ڈونرز کے تعاون سے پینے کے ٹھنڈے پانی کا بندوبست کیا گیا۔ کارکنان جمعیت رہنمائی کے لیے موجود رہے۔ فنڈز کی تحصیل کے لیے سابقہ طریقہ کار کے مطابق مختلف مقامات پر باکسز رکھ دیے گئے تھے جس میں اہل برادری نے عطیات ڈال دیے۔ میں ان سطور کے ذریعے عطیہ دینے والے افراد، کارکنان اور ڈونرز کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس مہم میں مالی تعاون کیا اور گراں قدر خدمات انجام دیں۔ امید واثق ہے کہ ادارہ کو پورے سال اپنے ڈونرز کا تعاون حاصل رہے گا۔

## ٹرانسپورٹ کی سہولت:

حسب سابق کراچی کے مختلف علاقوں (دہلی کالونی، دہلی مرکنٹائل سوسائٹی، عبدالخالق اللہ والا ٹاؤن، شمسی سوسائٹی، کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی، برنس روڈ وغیرہ) سے شفیق پورہ، باغ نواب الدین، باغ مرحومین، شمس پورہ، فاتحہ خوانی کے لیے جانے والے حضرات کی سہولت کے لیے خصوصی طور پر عیدالفطر کی نماز ادائیگی کے بعد بسیں چلائی گئیں۔ ان بسوں سے بلا معاوضہ سیکڑوں افراد نے فائدہ اٹھایا۔

## لائلٹی کارڈ:




یہ طویل المیعاد پروجیکٹ ہے، لائلٹی کارڈ کی افادیت وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتی جارہی ہے، اس سال کارڈ کو بی ایچ وائی ہاسپٹل، یونائٹڈ اور کریک جنرل ہاسپٹل میں ایکٹو کردیا گیا ہے اور ڈسکاونٹ کے لیے کئی تجارتی اداروں سے گفت وشنید جاری ہے۔

## آکسیجن سیلنڈرز:

کوویڈ کے دوران ہیڈ آفس سے آکسیجن سیلنڈرز مریضوں کے لیے دیے جانے کا سلسلہ جاری کیا گیا تھا جو دوران سال بھی جاری رہا۔

## پریکٹس اینڈ پروسیجر مینوئل:

ڈاکٹر عبدالہادی شاہد صاحب برادری کے دیرینہ خیر خواہ ہیں، آپ نے اس جانب توجہ مبذول کرائی اور مجلس منتظمہ کے ایک اجلاس میں اراکین کو بریفنگ بھی دی مجلس منتظمہ میں جناب عمران سعید باغپتی کی نظامت میں ایک کمیٹی بھی تشکیل دی گئی ہے، جس کی میٹنگز بھی ہوئی ہیں اور ان میٹنگز میں ڈاکٹر عبدالہادی شاہد صاحب نے خصوصی طور پر شرکت کی ہے، سب کمیٹی کے بنیادی اغراض ومقاصد میں مالی سرگرمیوں میں یکسانیت پیدا کرنے کے لیے پالیسیوں اور طریقہ کار کو دستاویزی شکل دینا، اہم کارکنان کو ذمہ داریاں تفویض کرنا، تنظیمی ڈھانچے میں داخلی کنٹرول کا سخت نظام ترتیب دینا، چیک اینڈ بیلنس سسٹم کو نافذ کرنا، سرگرمیوں کو ڈاکیومنٹس کی شکل دینا۔ حکومتی قوانین اور ضابطوں پر عمل درآمد، آپریشن کی کارکردگی اور نتائج کو موثر بنانا، منظور کردہ پالیسیوں اور طریقہ کار پر عمل درآمد، ذمہ داریوں کی تقسیم، بجٹ کے مطابق اخراجات اور اثاثوں کی حفاظت کا موثر سسٹم بنانا شامل ہے۔ میں ان سطور کے ذریعے ڈاکٹر صاحب کا اور دیگر اراکین کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

## موبائل ایپلی کیشن:




یہ بہت فائدہ مند ایپلی کیشن ہے۔ اس ایپلی کیشن میں اراکین فہرست عامہ، تدفین کا ریکارڈ، عطیات دینے کا طریق کار، سوداگر اور دیگر خدمات کا اجمالی جائزہ ہے۔

## محکمہ سماجی بہبود سندھ سے تجدید:

حکومت سندھ کے قوانین کے مطابق محکمہ سماجی بہبود سے تجدید سرٹیفکٹ حاصل کرلیا گیا ہے۔

## JPSD الخیر کرکٹ لیگ:

کرکٹ پاکستان کا مقبول ترین کھیل ہے، برادری کی سطح پر کئی سال سے دو لیگز جاری ہیں، جس میں JPSD کی معاونت بھی شامل رہی ہے، اس سال یہ فیصلہ کیا گیا کہ جمعیت کے پلیٹ فارم سے ایک کرکٹ لیگ کا انعقاد کیا جائے جس کی ذمہ داری جناب دانش سعید کو سونپی گئی، چنانچہ ماہ دسمبر میں جمعیت کی تاریخ کی پہلی کرکٹ لیگ کا انعقاد کیا گیا جو کامیابی سے ہمکنار ہوئی، ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ کرکٹ لیگ کی وجہ سے برادری کے نوجوان بھی ادارے سے جڑے ہیں، امید ہے کہ اس سال بھی کرکٹ لیگ کا انعقاد بڑے پیمانے پر ہوگا اور اس میں زیادہ ٹیمیں حصہ لیں گی۔






## تقریب ستائش:

برادری کے ذہین طلبا وطالبات کے اعزاز میں ہونے والی یہ تقریب، جمعیت کی ایک شاندار روایت بن چکی ہے، چنانچہ اس سال بھی جناب ثاقب اقبال بمبئی والوں کی نظامت میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جس نے شب وروز محنت کے بعد ایک پُروقار تقریب کے انعقاد کو ممکن بنایا۔





## فیملی ایکسپو 2023:

ریکارڈ سے معلوم ہوتا ہے کہ 1988 / 1989 میں برادری کی صنعتی وتجارتی نمائش لگائی گئی تھی، جس میں برادری کے تاجروں وصنعت کاروں نے بھرپور حصہ لیا تھا، اب لگ بھگ تین عشروں کے بعد ایک چھت تلے برادری کے برانڈز اور تاجروں کو جمع کرنا بہت مشکل کام تھا مگر اس کو ٹیم ورک اور جناب کامران متین بٹلہ کی نظامت میں قائم سب کمیٹی خصوصاً جناب خرم شہزاد اور عمران سعید باغپتی کی محنت نے مختصر وقت میں ممکن کر دکھایا، اس کو فیملی ایکسپو کا نام دیا گیا جس میں دو دنوں میں واقعی ہزاروں کی تعداد میں برادری کی فیملیز نے وزٹ کیا، خریداری کی اور برادری کے باہمی تعلقات کو استوار کرنے میں بھی یہ فیملی ایکسپو مددگار ثابت ہوا ہے۔




## اسمٰعیل اللہ والا اسکول اور بی ایچ وائی ہاسپٹل کی لیز :

تین سال قبل اسمٰعیل اللہ والا اسکول اور بی ایچ وائی ہاسپٹل کی لیز کی تجدید کے لیے متعلقہ سرکاری محکموں میں اپلائی کیا گیا تھا، جس میں کافی سے زیادہ مشکل مرحلے بھی آئے، ایک وجہ تو سرکاری اداروں کی اپنی سستی ہے اور دوسری وجہ یہ رہی کہ دونوں جائدادیں کراچی کنٹونمنٹ بورڈ کی حدود میں ہیں، بہرحال طویل کاوشوں کے بعد لیز مل گئی ہے۔

## میت گاڑیوں کی محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سے رجسٹریشن :

کئی سال قبل جمعیت کی دو میت گاڑیاں فیس جمع کرنے کے باوجود محکمہ ایکسائز سندھ نے بوجوہ رجسٹر نہیں کیں، جس پر جمعیت نے صوبائی محتسب کو درخواست دی، صوبائی محتسب سندھ نے جمعیت کے حق میں فیصلہ دیتے ہوئے محکمہ ایکسائز کو رجسٹریشن کا حکم دیا اور آٹھ سال کے بعد دونوں بسیں رجسٹر ہوگئی ہیں۔

## ہائی کورٹ میں دائر مقدمات :

مختلف وجوہات کی بنا پر کئی مقدمات ہائی کورٹ میں دائر ہیں، جس میں وقتاً فوقتاً نتائج بھی آتے رہتے ہیں، دوران سال دہلی کالونی میں واقع حبیب بینک کی دہلی کالونی برانچ اور بی ایچ وائی ہاسپٹل کے اندر ایک میڈیکل شاپ کو، ہائی کورٹ کے احکامات پر خالی کرالیا گیا ہے۔

## شاخ لاہور کا آڈٹ :

اٹھارویں ترمیم کے بعد اور سماجی اداروں پر سرکاری محکموں کی مسلسل سختی کی وجہ سے ہم پر یہ لازمی ہوگیا ہے کہ اپنے مالی معاملات کو بہت زیادہ شفاف اور مکمل بنائیں اس لیے اب شاخ لاہور کے حسابات کا آڈٹ بھی مرکز میں ہی کیا جارہا ہے۔

## سکھر کے امور :

سکھر میں واقع جائدادوں اور دیگر معاملات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے صدر جمعیت جناب ابرار احمد کلکتہ والوں کی سربراہی میں سکھر کا دورہ کیا اور جائدادوں کے حوالے سے اہم فیصلے کیے ہیں، میں اس سلسلے میں مجیب الرحمٰن شمسی صاحب کی کاوشوں پر ان کا شکر گزار ہوں۔

مزید یہ کہ دوران سال تقاریب، دوروں اور دفتر جمعیت میں معزز مہمانوں کی آمد کا سلسلہ بھی جاری رہا، تفصیل تو اگلے صفحات میں، مختصراً۔۔۔!

- دورہ ایوان صنعت وتجارت کراچی اور ایوان کے صدر اور عہدیداروں سے ملاقات
- اسپورٹس ڈے
- چیئرمین جناح ٹاؤن (KMC) جناب رضوان عبدالسمیع، یونین کونسل کے چیئرمین جنید مکاتی کا دورہ دفتر
- کریک جنرل ہاسپٹل اور یونائیٹڈ میڈیکل اینڈ کالج کورنگی کا دورہ
- جمعیت حکیمان دہلی کے نمائندوں کا دورہ دفتر جمعیت
- کورنگی ٹاؤن (بلدیہ) کے ناظم نعیم شیخ کا دورہ اللہ والا ٹاؤن:
- تقریب دستخط مفاہمتی یادداشت، کریک جنرل ہاسپٹل (کورنگی) اور یونائیٹڈ ہاسپٹل (شہید ملت روڈ)
- تقریب افتتاح ڈیولپمنٹ سیکٹر A-31 مہمان خصوصی جناب بیرسٹر مرتضیٰ وہاب (میئر کراچی)
- تقریب افتتاح، نوتعمیر شدہ نواب مہر الٰہی بلاک، فیروزہ خاتون وومن کالج، مہمان خصوصی نگران وزیر داخلہ سندھ، بریگیڈیر (ریٹائرڈ) حارث نواز

- تقاریب یوم آزادی
- جناب سعید غنی (سابق وزیر سندھ) کا دورہ دفتر جمعیت
- الحمد اکیڈمی سے مفاہمتی معاہدہ
- 10 فاران سوسائٹی میں ری ہیبلیٹیشن سینٹر کے قیام کی منظوری


## شکریہ:

میں اپنے تمام رفقاء اور بزرگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جن کا بیش بہا تعاون مجھے حاصل رہا ہے۔ محترم صدر ابرار احمد کلکتہ والے، سینئر نائب صدر مستفیض الدین نواب، نائب صدر ایس ایم اسحٰق چاندنہ، جوائنٹ سکریٹری، دانش سعید صاحب نے میری عدم موجودگی میں دو بار جنرل سکریٹری کے فرائض انجام دیے، احمر رضی کیمیکل والے (جوائنٹ سکریٹری)، خازن عدیل ناصر پریس والے، نائب خازن خالد یوسف اونچی مسجد والے، ناظم امداد جناب نواب مہر الٰہی، چیئرمین ہاوسنگ بورڈ محمد سلیم فاروقی، وائس چیئرمین عتیق الرحمٰن اللہ والے، عبداللہ منصور پیٹیل والے (ناظم مساجد)، مجیب الرحمٰن شمسی (ناظم قرض میعادی)، رضوان اسمٰعیل مینجر (ایگزیکٹوڈائریکٹر بی ایچ وائی) عاصم شکیل دواوالے (سکریٹری ایجوکیشن بورڈ) چیئرمین ایجوکیشن بورڈ اقبال یوسف پیٹیل والے، عمران سعید باغپتی (ناظم سوداگر) احمد ضمیر دفتری مدیر مسئول، خالد یونس صدیقی گھڑی والے (سوداگر) احمد فیصل نمبردار (نائب ناظم مساجد)، کامران متین بٹلہ (چیئرمین پراپرٹی بورڈ)، خالد نور کپڑے والے، ناظم مالیات جناب فیصل زاہد انیس پنی والے، ثاقب اقبال بمبئی والے (ناظم تقریب ستائش/ہیلتھ کونسل) محمد بدر ہارون (ایڈمنسٹریٹر وقف حافظ محمد طاہر بورڈ)، ناظم ممبرشپ سب کمیٹی سلمان جمیل چاولہ، ناظم قبرستان محمد ہارون نیئر کلکتہ والے، جناب طارق الیاس ڈالر انک والے، خلیفہ سعد انوار ٹینٹ والے، انوار اعظم سوت والے (نگران ویلفیئر ونگ)، سہیل احمد سوت والے، محمد شمیم بنڈل والے، آڈیٹر عمران ذکی شیخ ٹیکس ایڈوائزر عرفان ذکی اور بالخصوص جناب خرم شہزاد (سابق جنرل سکریٹری) کا دل کی گہرائیوں سے مشکور ہوں۔

جناب عالی!

مجھے یہ اعتراف کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہے کہ گزشتہ دو سال میں جو بھی منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچے ہیں وہ ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں، کسی کا نام رہ گیا ہو تو اس کی معذرت قبول فرمائیں۔ بارگاہِ تعالیٰ میں دعا ہے کہ ہماری کاوشوں کو قبول فرمائے، خطاوں سے درگزر فرمائے، مزید ہمت عطا کرے اور جو کام ہوئے ہیں ان کو قبول فرمائے اور برکت عطا فرمائے۔ آمین



















**Government of Pakistan**
**Intellectual Property Organisation**
**Trade Marks Registry**

**Original**

No. Index/08/217653 23/11/2020

Trade Marks application number: **590342**

**Filing Date** 11/11/2020

**Description of mark** JPSD JAMIYAT PUNJABI SAUDAGARAN-E-DEHLI (logo)

**Period of Use** 1963

**Application in Class** 45

**Received from** LAW ASSOCIATES

**Javed Haleem**
**M.sc, L.l.b,**
**Advocate High Court**
**Ledger No.9588/HC,**
**1108-Kashif Centre, Shahrah-e-Faisal, Karachi**

**Applied Goods / Services**

45 Welfare services, services to promote development of economically and socially deprived community and poverty alleviation; Personal and social services rendered by others to meet the needs of individuals; providing aid support, mediation and distribution of goods and services among the under privileged people, To Provide and Generate Funds for welfare measures, Benefits for serving and ex-serviceman,, protection, medical, education, training, community center services for its members, being services included in class -45

**Owner** KHURRAM SHAHZAD S/o SHAHAB DILDAR AHMED, Trading as, JAMIYAT PUNJABI SAUDAGARAN-E-DEHLI, 9-Faran Society, hyder Ali Road, Karachi, Pakistan

**Fee** Three Thousand Only

The application(s) has (have) been serially numbered and dated as shown above. This number should be quoted in all future correspondence related to this application.

Schedule II
FORM C
(See Rule 4)

جدول ۲
فارم سی
(ملاحظہ ہو قاعدہ ۴)

## GOVERNMENT OF WEST PAKISTAN

S. No. 237

حکومت مغربی پاکستان

## CO-OPERATION, LABOUR AND SOCIAL WELFARE DEPARTMENT

محکمہ امداد باہمی لیبر و معاشرتی بہبود

# CERTIFICATE OF REGISTRATION

رجسٹریشن سرٹیفکیٹ

Registration No. DSW/237 of 19[illegible].
رجسٹریشن نمبر بابت ۱۹

I hereby certify that "Jamiyat Punjabi Saudagran-E-Delhi",
میں تصدیق کرتا ہوں کہ

Rawalpindiwala Building, Serai Road, Karachi-2.

has this day been Registered under the Voluntary Social Welfare Agencies
آج ادارہ ھائے معاشرتی بہبود (رجسٹریشن و کنٹرول) آرڈی ننس ۱۹۶۱ء
(Registration and Control) Ordinance 1961 (XLVI of 1961)
(۴۶ بابت ۱۹۶۱ء) کے تحت رجسٹر کر لیا گیا ہے۔

Given under my hand and seal at Lahore
میرے دستخط اور مہر سے بمقام


this 4th day of November,
آج بتاریخ ماہ

One Thousand Nine Hundred and Sixty-three.
سن ایک ہزار نو سو جاری ہوا۔

S. Hanif ... 4/11
Registration Authority
رجسٹریشن اتھارٹی

Note—Loss of this Certificate must be reported to the Registration Authority within seven days.

نوٹ۔ اس سرٹیفکیٹ کی گمشدگی کی اطلاع رجسٹریشن اتھارٹی کو سات دن کے اندر اندر بھیج جانی چاہئیے۔



# امداد سب کمیٹی

## نواب مہر الٰہی

(ناظم امداد سب کمیٹی)


برادری کے نادار خاندانوں کی مالی اعانت کے لیے قیام جمعیت کے بعد سب سے پہلے شعبہ امداد ہی قائم کیا گیا تھا ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ جمعیت کا بنیادی، فعال اور موثر ترین شعبہ ہے، سب کمیٹی کے تحت قواعد وضوابط کے مطابق حسب ذیل امور انجام دیے جا رہے ہیں۔

- مستحق خاندانوں کو ماہانہ گزارہ الاونس یا وظائف
- شادی دختران کے موقع پر مالی اعانت مع دستیاب سامان
- مستحق خاندانوں کو ہر ماہ اشیائے خوردونوش یعنی راشن کی فراہمی
- طلبا وطالبات کی تعلیمی فیسوں کی ادائیگی

امسال سب کمیٹی کی نظامت کی ذمہ داری جناب نواب مہر الٰہی صاحب نے انجام دی، یہ ایک ایسا شعبہ ہے جس میں تقریباً روزانہ ہی درخواستیں موصول ہوتی ہیں اور فوری کارروائی کی متقاضی بھی ہوتی ہیں، اس لیے ناظم صاحب روزانہ موصولہ درخواستوں پر کارروائی کرتے ہیں باقاعدگی سے مستحق کے تعین کے لیے ضرورت مندوں کے انٹرویوز کرنے کے بعد شریعہ بورڈ کی رائے کے مطابق مستحق زکواۃ ہونے کی صورت میں مختلف اراکین کو تحقیقات کے لیے ارسال کیں اور انکوائری کے بعد ان درخواستوں کو سب کمیٹی کی میٹنگ میں پیش کیا۔ دورانِ سال سب کمیٹی کے 8 اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، جن میں 332 سے زائد درخواستوں پر غور کیا گیا اور فیصلے کیے گئے۔ اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ جس فرد کو امداد دی جا رہی ہے وہ شرعی طور پر مستحق ہو، مستحق کے تعین میں ہمیں شرعی بورڈ کے مفتیان اکرام کی رہنمائی اور گرانقدر تعاون حاصل ہے۔

### مستحق خاندانوں کو ماہانہ وظائف:

ریکارڈ کے مطابق اس وقت ہر ماہ 900 خاندانوں کو ماہانہ گزارہ الاونس دیا جا رہا ہے اور سسٹم کے تحت ہر ماہ کے پہلے ہفتے میں منظور شدہ رقم (7000 روپے) وظائف یافت گان کے بینک اکاونٹس میں منتقل ہو جاتی ہے۔ موجودہ معاشی صورت حال کی وجہ سے ضرورت مندوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے ممکن ہے کہ یہ تعداد 1000 خاندانوں تک پہنچ جائے۔ رمضان المبارک کے موقع پر دگنا وظیفہ دیا جاتا ہے۔



## اعانت برائے شادی دختران:

ریکارڈ کے مطابق گزشتہ ایک سال (ماہ نومبر 2022 تا30 اکتوبر 2023) میں 84 بچیوں کی شادی کی مد میں مالی اعانت کی گئی اور مختلف ڈونرز سے موصولہ ضروری سامان (جائے نماز' کلام پاک' ڈنرسیٹ' جوتے، بیڈشیٹ، مردانہ وزنانہ سوٹ، پیڈسٹل فین، UPS، مردانہ کوٹ، وغیرہ بھی دیے گئے۔

## اعانت برائے شادی دختران کی رقم میں اضافہ

مہنگائی کی وجہ سے سب کمیٹی نے یہ سفارش کی ہے کہ مالی اعانت برائے شادی دختران کفو اور ایسے درخواست گزار خواتین جو کہ کفو ہوں اور ان کے شوہر غیر کفو ہوں کے لیے اضافہ کردیا جائے، مجلس منتظمہ سے منظوری کے بعد اس پر عمل کیا جائے گا۔

## فروغ تعلیم میں ادارے کی نمایاں کاوشیں:

پرائمری تعلیم اور اعلیٰ تعلیم کی اہمیت سے ہم سب بخوبی واقف ہیں بلکہ فی زمانہ تو یہ تک کہا جاتا ہے کہ دنیا میں انہی اقوام نے ترقی کی ہے جنہوں نے تعلیم پر بھرپور توجہ دی ہے، اس نظریہ کا اطلاق ہماری برادری پر بھی ہوتا ہے اور اب یہ مشاہدہ ہے کہ برادری میں بھی بنیادی اور اعلیٰ تعلیم کا رجحان بڑھ رہا ہے، ادارہ جمعیت کی یہ پالیسی ہے کہ برادری کے ہر اُس فرد کی تعلیمی اعانت کی جائے گی جو اپنی فیس خود نہیں دے سکتے ہوں گے، چنانچہ (نومبر 22 سے دسمبر 23 تک) ساڑھے گیارہ ہزار سے زائد طلبا و طالبات کی فیسوں کی ادائیگی کی گئی، یہ بھی واضح رہے کہ اس میں اسکول، کالج اور یونیورسٹی کے طلبا و طالبات شامل ہیں۔ میں اپنے تمام معزز ڈونرز کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے اس سلسلے میں گرانقدر تعاون کیا۔

## مستحق خاندانوں کو ہر ماہ راشن کی فراہمی:

گزشتہ چند سالوں میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں جو بے پناہ اضافہ ہوا ہے اس سے ہر طبقہ ہی بری طرح متاثر ہوا ہے' ایسے میں جمعیت سے ہر ماہ دیے جانے والے راشن سے یقیناً ضرورت مند خاندانوں کو سہولت ملتی ہے، ہر ماہ 603 خاندانوں کو اشیائے خوردونوش۔۔۔






- آٹا 15 کلو
- کھانے پکانے کا تیل 5 کلو،
- چاول 5 کلو،
- مختلف دالیں ساڑھے تین کلو،
- چینی 3 کلو،
- پسی ہوئی لال مرچ 400 گرام،
- پسا ہوا دھنیا 200 گرام،
- چائے کی پتی 190 گرام،
- نمک 800 گرام،
- ہلدی 100 گرام،
- خشک دودھ 390 گرام

دیا جارہا ہے، راشن پانچ مقامات (ہیڈ آفس، دہلی کالونی، عبدالخالق اللہ والا ٹاون، برنس روڈ اور ملیر) سے تقسیم کیا جارہا ہے' رمضان المبارک اور عید الفطر کے مواقع پر راشن میں اضافی اشیاء

- روح افزا 1 بوتل،
- کھجور 1 پیکٹ،
- املی سونٹھ 400 گرام،
- چاٹ مصالحہ 200 گرام،
- اچار 400 گرام
- کیچپ 400 گرام
- شربت شیریں 1 بوتل
- بیسن 1 کلو
- سویاں 2 پیکٹ
- سفید چنا 1 کلو
- کالا چنا 1 کلو
- جیلی پیکٹ 4 عدد
- مینگو جوس 1 بوتل

کا اضافہ کیا گیا۔ اشیاء کے معیار کو اہمیت دی جاتی ہے اور شہر کے معروف کوالٹی اسٹورز سے خریداری کی جارہی ہے۔

## موسم سرما میں لحاف و کمبل دینا:

موسم سرما میں ضرورت مند خاندانوں کو معطی حضرات کے تعاون سے لحاف/کمبل دیے جاتے ہیں۔ امسال معزز ڈونرز کے تعاون سے پانچ ہزار کے لگ بھگ لحاف/کمبل دیے گئے۔

آخر میں، ناظم سب کمیٹی جناب نواب مہر الٰہی، نائب ناظمین اور اراکین کا بے حد مشکور ہوں، بالخصوص وہ اراکین جنہوں نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکالا اور درخواستوں کی تحقیق کے لیے سفر کیا۔ اس کے علاوہ اپنے معزز ڈونرز کا بھی بے حد مشکور ہوں کہ جن کے مالی تعاون کی بدولت ہی تمام خدمات ممکن ہو سکی ہیں۔

## اراکین سب کمیٹی:

- جناب نواب مہر الٰہی (ناظم)
- جناب مجیب الرحمن شمسی (نائب ناظم)
- جناب خالد یوسف اونچی مسجد والے (نائب ناظم)
- جناب محمد الیاس نینی تال والے
- جناب احمد ضمیر دفتری
- جناب مستفیض الدین نواب
- جناب ظفر زکی دوائی والے
- جناب محمد شمیم بنڈل والے
- جناب ایس ایم اسحاق چاندنہ
- جناب سلمان جمیل چاولہ
- جناب آفتاب احمد
- جناب اقبال یوسف پیتل والے
- جناب محسن عثمان
- جناب شیخ احمد فیصل نمبردار
- جناب خلیفہ علی اقبال ٹینٹ والے
- جناب شیخ انیس احمد اعجازی گھڑی والے
- جناب منصور احمد کپڑے والے
- جناب یحییٰ نقی کیمیکل والے
- جناب ہمایوں انوار ملتانی
- جناب وقاص احمد گندھک والے
- جناب زبیر اسلم ہوٹل والے
- جناب فیصل زاہد پنی والے
- جناب انوار اعظم
- جناب اقبال راجہ
- جناب فرقان احمد شمسی
- جناب منصور سلیمان عزیز
- جناب ندیم الیاس کیمیکل والے
- جناب رئیس احمد
- جناب ندال ندیم

# اپنی زکوۃ کی ادائیگی کے وقت اپنے عزیز و اقارب کا خیال رکھیں



## قرض کی ادائیگی بھی
## اور صلہ رحمی کا اجر بھی

## ماہانہ وظیفہ
## کے ذریعے کفالت کیجیے

## ایک گھرانے کا ماہانہ وظیفہ

**7000/- روپے**

**84000/- روپے سالانہ**

ادارہ جمعیت سے آپ کفالت کی تفصیلی رپورٹ بھی حاصل کرسکتے ہیں

Meezan Bank
The Premier Islamic Bank
Alamgir Road, Branch

A/c Title
Jamiyat Punjabi Saudagran Delhi
A/c # 0185-0100136615
IBAN # PK84MEZN0001850100136615

# شریعہ کمپلائنس سب کمیٹی



مفتی عبدالمنان

(رکن جمعیت شریعہ بورڈ)



مفتی ابراہیم عیسیٰ

(چیئرمین جمعیت شریعہ بورڈ)

ادارہ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی ایک رفاہی ادارہ ہے جو برادری کے لوگوں کی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت، روزگار اور دیگر بنیادی ضروریات کے سلسلہ میں خدمات انجام دے رہا ہے، ادارہ یہ خدمات برادری کے لوگوں کے تعاون سے انجام دے رہا ہے، نیز زکوٰۃ وصدقات وعطیات وصول کر کے مستحق اور ضرورت مند افراد کی ضروریات پر خرچ کرتا ہے، زکوٰۃ کی ادائیگی کو یقینی بنانے کے لیے ادارہ شریعہ بورڈ کی رہنمائی میں شرعی طریقہ کے مطابق خدمات انجام دیتا ہے تاکہ لوگوں کی امانت شرعی مصرف میں خرچ ہو، ذیل میں مختلف شعبہ جات اور شریعہ بورڈ کی خدمات کی رپورٹ پیش خدمت ہے۔



## شعبہ صحت:

صحت کے حوالے سے جمعیت کے مختلف علاقوں میں ہسپتال اور کلینکس مصروف عمل ہیں، ان میں جو مستحق اور ضرورت مند افراد علاج معالجہ کے لئے آتے ہیں، ان کے ساتھ زکوٰۃ کی مد سے بھی اعانت کی جاتی ہے، اس لئے اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ جن افراد کے ساتھ علاج وغیرہ کی مد میں اعانت کی جائے وہ شرعی طور پر مستحق زکوٰۃ ہوں، چنانچہ ہر ہسپتال، کلینک میں ایک ویلفیئر آفیسر مقرر ہے جو ایسے مریضوں سے شریعہ بورڈ کی جانب سے وضع کردہ طریقہ کے مطابق کارروائی کرتا ہے۔ اس کو شریعہ بورڈ کے ارکان باقاعدہ چیک کرتے ہیں، ہیڈ آفس میں مختلف ضروریات وغیرہ کے لئے آنے والے افراد کا مفتی صاحب خود شرعی جائزہ لیتے ہیں، تاکہ زکوٰۃ کی ادائیگی یقینی ہو، ذیل میں شعبہ صحت کے اہم یونٹس میں بورڈ کی کارکردگی ذکر کی جارہی ہے۔

## (۱) بی ایچ وائی ہسپتال دہلی کالونی:

ہسپتال میں مستحق اور ضرورت مند افراد کو شرعی طریقہ کے مطابق زکوۃ فنڈ سے علاج کی مد میں اعانت کی جاتی ہے اور اس ہسپتال میں زکوۃ خرچ کرنے کا مکمل نظام الحمدللہ شریعہ کمپلائنس ہے۔ ہسپتال میں مذکورہ عرصہ میں 20960 مستحق مریضوں کو فری علاج کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

## (۲) آسیہ مریم بٹلہ کلینک ملیر:

اس کلینک میں مستحق اور ضرورت مند افراد کو زکوفنڈ سے شرعی طریقہ کے مطابق علاج کی مد میں اعانت کی جاتی ہے، مذکورہ عرصہ میں 4575 مستحق مریضوں کو علاج کی مد میں اعانت کی گئی۔ واضح رہے کہ ایسے مریض جو زکوٰۃ فنڈ سے علاج نہیں کرانا چاہتے، ان کو بھی علاج کی سہولت فراہم کی جاتی ہے البتہ ان سے علاج وغیرہ کی معمولی رقم وصول کی جاتی ہے۔

## (۳) صابرہ کلینک برنس روڈ:

اس کلینک میں مستحق اور ضرورت مند افراد کو زکواۃ فنڈ سے شرعی طریقہ کے مطابق علاج کی مد میں اعانت کی جاتی ہے۔ مذکور عرصہ میں 5848 مستحق مریضوں کی اعانت کی گئی ہے۔

## (۴) بلقیس ہسپتال اللہ والا ٹاؤن:

یہ ہسپتال گائنی کے حوالے سے اپنی خدمات انجام دے رہا ہے، مستحق اور ضرورت مند خواتین کو زکوٰۃ فنڈ سے علاج کی مد میں اعانت فراہم کرتا ہے، مذکورہ عرصہ میں 846 مستحق زکواۃ کو فری علاج کی سہولت فراہم کی گئی ہے، اہل علاقہ کے لئے اس ہسپتال میں گائنی کی معیاری سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

## ہسپتالوں میں مقرر ویلفیئر آفیسرز کی ٹریننگ:

جمعیت کے تمام ہسپتالوں میں ویلفیئر آفیسرز مقرر ہیں، وقتاً فوقتاً ان کو شریعہ بورڈ کے ارکان باقاعدہ ٹریننگ دیتے ہیں تاکہ وہ اعانت طلب کرنے والے مریضوں کا شرعی طریقے کے مطابق جائزہ لے کر مستحق زکوٰۃ ہونے کا اطمینان کریں، ان افراد کو زکوٰۃ کے ضروری مسائل بھی سکھائے جاتے ہیں تاکہ جن مریضوں کو وہ مستحق قرار دیں، ان پر شرعی طریقہ کے مطابق رقم خرچ ہو۔

## شعبہ تعلیم سے متعلق شریعہ بورڈ کی خدمات:

جمعیت ایجوکیشنل بورڈ کے زیر اہتمام اسکولوں و کالجوں میں زیر تعلیم طلباء طالبات کو فیس کی مد میں اعانت کی جاتی ہے، یہ اعانت بھی چونکہ زکوۃ فنڈ سے ہوتی ہے اس لئے اسکی ادائیگی کو یقینی بنانے کے لئے اعانت حاصل کرنے والے بالغ طلبا و طالبات اور نابالغ طلبا و طالبات کے والدین/سرپرست کا استحقاق زکوٰۃ سے متعلق شرعی جائزہ لیا جاتا ہے، اس کے بعد تعلیم کی مد میں اعانت کی جاتی ہے، تاکہ اس شعبہ میں جو زکوٰۃ خرچ ہو وہ باقاعدہ شرعی مصرف میں خرچ ہو۔

امسال اعانت حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کی تفصیل درج ذیل ہے:

- جمعیت کے اسکول، کالج میں ماہانہ اعانت حاصل کرنے والے کل طلبا و طالبات کی تعداد: 809
- تعلیمی فیس کی مد میں اعانت کی منظوری دیئے جانیوالے طلبا و طالبات کی تعداد: 792

## دیگر اسکولوں و کالجوں میں فیس کی مد میں اعانت حاصل کرنے والے برادری کے طلباء و طالبات:

وہ طلباء و طالبات جو جمعیت کے اسکولوں و کالجوں کے علاوہ دیگر اداروں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں ان کو تعلیمی فیس کی ادائیگی میں اعانت بھی کی جاتی ہے۔

## سید طلباء طالبات کے ساتھ اعانت:

جمعیت کے اسکول کالج میں جو طلباء طالبات سید ہیں اور زکوٰۃ کے مستحق نہیں لیکن تعلیمی فیس کی ادائیگی پر قدرت نہیں رکھتے، انتظامیہ نے سید طلباء و طالبات کے لئے غیر زکوٰتی فنڈ قائم کیا ہے، انتظامیہ کا یہ اقدام قابل مبارکباد ہے کہ انہیں آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندانوں کی مدد میں اعانت کی توفیق نصیب ہو رہی ہے۔ فی الحال سید طلبا و طالبات کے ساتھ غیر زکوٰتی فنڈ سے اعانت کی جاتی ہے ان کی تعداد 5 ہے۔

## جمعیت کے اسکول کالج اساتذہ کرام کی بطور ویلفیئر کام کی ٹریننگ:

جمعیت کے زیر انتظام اسکولوں، کالج میں زیر تعلیم مستحق طلباء طالبات کی جانب سے تعلیمی فیس وغیرہ کے لیے درخواستیں وصول ہوتی ہیں، پھر ان درخواست گزار طلباء، طالبات یا ان کے والدین کے شرعی جائزہ کے لئے درخواست گزاروں کی سہولت کے پیش نظر ہر اسکول و کالج میں سے چند اساتذہ کرام کے لئے تعلیمی اور تربیتی نشستوں کا اہتمام کیا، اور مستحق افراد کے استحقاق کے جائزہ کی تربیت دی، چنانچہ اب جب بھی کسی اسکول یا کالج میں کسی طالبعلم یا طالبہ کی جانب سے اعانت کی درخواست آتی ہے تو اسی اسکول میں موجود ٹریننگ یافتہ استاذ شرعی جائزہ لے کر اس کے استحقاق کی کارروائی کو شریعہ کمیٹی کے مفتی صاحب چیک کرتے ہیں، جن کی تصدیق کے بعد ان طلباء و طالبات کی فیس میں اعانت کی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ جو اساتذہ کرام خدمت انجام دیتے ہیں، شریعہ بورڈ کے ارکان ان کو وقتاً فوقتاً جائزہ فارم کی کارروائی کی باقاعدہ ٹریننگ دیتے ہیں اور ضروری مسائل کی آگاہی فراہم کرتے ہیں۔

## شعبۂ راشن و وظائف سے متعلق شریعہ بورڈ کی خدمات:

الحمدللہ شریعہ بورڈ کے افراد حسبِ ضرورت ناظم امداد جمعیت کی معیت میں ادارہ جمعیت میں باقاعدہ حاضر ہو کر راشن، وظیفہ، شادی دختران، روزگار وغیرہ میں اعانت حاصل کرنے والے افراد کا جائزہ لیتے ہیں اور اس دوران درخواست گزار سے بالمشافہ ملاقات کے دوران جائزہ لے کر شرعی استحقاق کے سلسلہ میں اپنی رائے سے آگاہ کرتے ہیں۔ جس کی روشنی میں ناظم امداد ان افراد کے لئے اعانت کی منظوری فرماتے ہیں تاکہ ان مدات میں خرچ کی جانے والی زکوٰۃ کی ادائیگی یقینی ہو، چنانچہ یقینی ہو، جس کے اعدادوشمار درج ذیل ہیں۔

- مذکورہ عرصہ میں جن نئے افراد کے لئے ماہانہ راشن کی منظوری دی گئی: 69
- ماہانہ راشن کی مد میں اعانت حاصل کرنے والے افراد کی کل تعداد: 603
- مذکورہ عرصہ میں جن نئے افراد کے لئے ماہانہ وظیفہ کی منظوری دی گئی: 47
- ماہانہ وظیفہ حاصل کرنے والے کل مستحق افراد کی تعداد: 871
- مذکورہ عرصہ میں جن نئے افراد کو شادی دختران کی مد میں اعانت کی منظوری دی گئی: 133

## ماہانہ وظیفہ اور راشن کی حاصل کرنے والے افراد کا شرعی آڈٹ:

ادارہ سے جو افراد کافی عرصہ سے ماہانہ وظیفہ اور راشن کی مد میں اعانت لے رہے ہیں، ان کی مالی کیفیت اور شرعی تصدیق کے لئے وقتاً فوقتاً شریعہ بورڈ کے ارکان ناظم امداد کی موجودگی میں جائزہ لیتے ہیں تاکہ ان افراد کو اعانت کی جانے والی رقم اور سامان صحیح مصرف پر خرچ ہو، اس سلسلہ میں بورڈ کے ارکان جناب شیخ نواب مہر الٰہی صاحب کے شکر گزار ہیں جو اپنا قیمتی وقت اس کام میں لگاتے ہیں اور تخصیص کے بغیر آنے والے درخواست گزاروں اور سائلین کی اسکروٹنی کے لئے موجود رہتے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطاء فرمائے، آمین

## مستحق افراد کے لئے فری روزگار اسکیم:

برادری کے ایسے افراد جو بے روزگار ہوں اور مستحق ہوں، ان کے لئے مختص برائے روزگار فنڈ سے ایک موٹر سائیکل اسکیم جاری ہے۔جس میں مستحق کے تعین سے، موٹر سائیکل دینے تک کے تمام معاملات شریعہ کمیٹی کی زیرنگرانی شرعی ہدایات کے مطابق انجام دئے جاتے ہیں، مذکورہ عرصہ میں نئے 31 افراد کو اعانت کی مد میں موٹر سائیکل دینے کی منظوری دی گئی اور اب تک کل 160 مستحق افراد کو زکوۃ فنڈ سے مالکانہ حقوق کے ساتھ روزگار کے لئے موٹر سائیکلیں دیدی گئی ہیں۔اس عرصہ میں اس مد میں مبلغ 3071000 کی رقم بطورِ اعانت خرچ کی گئی ہے۔

## روزگار موٹر سائیکل قرض حسنہ اسکیم مجلس عامہ:

ادارہ نے مجلس عامہ کے افراد کے لئے روزگار کو آسان بنانے اور برادری کے نوجوانوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے غیر زکوتی فنڈ سے قرض کی صورت میں موٹر سائیکل اسکیم بھی شرعی رہنمائی میں جاری ہے۔مذکورہ عرصہ میں 37 افراد کو مالکانہ حقوق کے ساتھ روزگار کے لئے موٹر سائیکلیں دیدی گئی ہیں۔اس عرصہ میں اس مد میں مبلغ 3702500 کی رقم بطورِ اعانت خرچ کی گئی ہے۔

## برادری کے مستحق افراد کو کاروبار کے لئے اعانت:

مستحق افراد کو کاروبار وغیرہ کے لئے وقتاً فوقتاً زکوٰۃ فنڈ سے اعانت کی گئی ہے، ان کو شرعی ہدایات کے مطابق اطمینان کے بعد اعانت کی جاتی ہے، تاکہ زکوۃ کی ادائیگی یقینی ہو، چنانچہ 12 افراد کو زکوۃ فنڈ سے برائے روزگار اعانت کی گئی ہے۔

## ایمرجنسی اعانت:

برادری کے ایسے افراد جو مہنگائی یا معاشی پریشانی میں اعانت کے لئے ادارہ سے رجوع کرتے ہیں، ان کو ناظمِ امداد کی تصدیق کے بعد شرعی طریقے کے مطابق فوری امداد کی جاتی ہے، اس عرصہ میں ایسے افراد جن کی اعانت کی گئی ہے، ان کی تعداد 124 ہے۔

ادارہ کے مختلف شعبہ جات میں شریعہ بورڈ کا کردار:

بورڈ، ادارہ کے زکوۃ وصول کرنے اور خرچ کرنے کے معاملات میں اپنی خدمات کے ساتھ دیگر شعبہ جات میں بھی درپیش شرعی مسائل کے متعلق انتظامیہ کو شرعی مسائل میں رہنمائی کرتا رہتا ہے، اہم مواقع پر ضروری دینی رہنمائی، بورڈ کے ارکان زکوۃ وصول کرنے اور خرچ کرنے کے نظام کی نگرانی و دیگر خدمات کے ساتھ عوام الناس کی دینی رہنمائی بھی اپنی سعادت سمجھ کر ادا کرتے ہیں، جس کی تفصیل درج ذیل ہے!

(۱)۔۔۔رمضان المبارک کے موقع پر عوام الناس کو ضروری مسائل کی آگاہی کے لئے جمعیت کے ترجمان رسالہ "سوداگر" میں شریعہ بورڈ کے ارکان روزہ کے مسائل، زکوۃ کے فضائل و مسائل، اور صدقہ فطر کے عنوان سے باقاعدہ مضامین لکھ کر پیش کرتے ہیں۔

(۲)۔۔۔عموماً لوگ رمضان میں زکوۃ کا فریضہ ادا کرتے ہیں، لوگوں کی سہولت کے لئے جمعیت کے ترجمان رسالہ ''سوداگر'' میں زکوۃ ادا کرنے کا طریقہ شائع کیا جاتا ہے، اسی طرح صدقہ فطر کی چاروں اجناس کے حساب سے اس کی مقدار بھی شائع کی جاتی ہے۔

(۳)۔۔۔عوام الناس کی دینی آگاہی کے لئے جمعیت کے فیس بک پیج میں رمضان المبارک میں روزہ، اعتکاف کی مستند احادیث شائع کی جاتی ہیں، سحر و افطار کے مستند اوقات بھی شائع کئے جاتے ہیں۔ماہ ذوالج میں عشرہ ذوالحجہ میں جمعیت کے فیس بک پیج میں عشرہ ذی الحج کے فضائل و مسائل پر مشتمل احادیث شائع کی جاتی ہیں، اس کے

ساتھ ساتھ ان مبارک ایام میں روزہ کی فضیلت کے پیش نظر سحر وافطار کے مستند، اوقات کی رہنمائی بھی کی جاتی ہے۔

(۴)۔۔۔ وقتاً فوقتاً جمعیت کے اسکولوں میں طلبا وطالبات کی ضروریات کی خریداری اور ہسپتالوں میں مریضوں کی ضروریات ومشینری کی خریداری میں درپیش مسائل کے متعلق شرعی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔

(۵)۔۔۔ رمضان المبارک میں شریعہ بورڈ کے حضرات سے فون پر مسائل معلوم کرنے کی سہولت فراہم کی جاتی ہے، جس کا نظم بھی جمعیت کے فیس بک پیج اور رسالہ ''سوداگر'' میں شائع کردیا جاتا ہے۔

## اجتماعی قربانی کا اہتمام:

عیدالاضحیٰ کے موقع پر برادری کے افراد کے فریضہ قربانی کی ادائیگی آسان بنانے کے لئے اور برادری کے مستحق افراد کی ضروریات کے پیش نظر اجتماعی وقف قربانی کا اہتمام کیا گیا، جس کے لئے شریعہ بورڈ نے اس کا نظم شرعی ہدایات کی روشنی میں بنا کردیا، جس میں اجتماعی قربانی سے متعلق تمام شرعی قوانین کی پاسداری کو ملحوظ رکھا گیا، مذکورہ عرصہ میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر برادری کے 175 افراد نے اپنا فریضہ قربانی ادا کیا، اور کل 25 مکمل گائے کی صورت میں ان افراد کا فریضۂ قربانی ادا کیا گیا اور قربانی کا گوشت شرعی ہدایات کی روشنی میں باقاعدہ برادری کے مستحق افراد میں تقسیم کیا گیا۔

## چرمِ قربانی کا نظم:

پر چوکی بنادی گئی ہے۔ سولر سسٹم کی بیٹریوں کے لیے بھی با قاعدہ ایک کمرہ بنایا گیا ہے، سولر لائٹس لگادی گئی ہیں، پیورز اور کرب اسٹون سے راستے پختہ ہیں۔ وضوخانہ، جائے نماز تیار ہیں، اسٹریٹ لائٹس لگائی جارہی ہیں، جب تدفین کا آغاز ہوگا تو تمام سہولیات موجود ہونگی۔







سولر پینل
کے ذریعہ روشنی کا انتظام







## جائے نماز کی تعمیر:

ایک معزز ڈونر نے یہ پیش کش کی کہ وہ باغ عبدالرحمٰن میں ایک جائے نماز تعمیر کرنا چاہتے ہیں، مجلس منتظمہ نے ایک اجلاس میں شکریے کے ساتھ یہ پیش کش منظور کرتے ہوئے راقم الحروف کو کوآرڈینیٹر مقرر کیا، چنانچہ الحمدللہ ایک خوب صورت اور کشادہ جائے نماز تکمیل کے قریب ہے۔ واش روم، وضوخانہ موجود ہے اور اسٹرکچر اس طرح بنایا گیا ہے کہ مستقبل میں بوقت ضرورت دوسری منزل تعمیر ہوسکتی ہے، معزز ڈونر تعمیراتی نگرانی خود کررہے ہیں، میں ان سطور کے ذریعے ڈونر کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ سب کی کاوشوں کو قبول فرمائے۔ آمین

## ڈیولپمنٹ فنڈ:

باغ عبدالرحمن قبرستان ڈیولپمنٹ فنڈ قائم کردیا گیا ہے' جس میں اہل خیر سے تعاون کی اپیل ہے۔ براہ راست اکاونٹ نمبر 6-01-000009-0981-1137 بینک الحبیب شہید ملت روڈ برانچ بنام جمعیت پنجابی سوداگران دہلی میں عطیات جمع کرا سکتے ہیں' غیر زکواتی ڈونیشن جمع کرانے کے بعد دفتر جمعیت کو آگاہ کردیں تاکہ رسید جاری کردی جائے، مزید معلومات کے لیے رابطہ کرنے کی گزارش ہے۔ آپ کے فراہم کردہ عطیہ سے ان شاء اللہ قبرستان کے ترقیاتی امور کی انجام دہی میں سہولت ہوگی۔

## تحصیل قبرستان فنڈ:

سالہا سال سے عیدالفطر پر قبرستان فنڈ کی تحصیل کے لیے قبرستانوں میں خصوصی انتظامات کیے جاتے ہیں، اس سال بھی ناظم سب کمیٹی کی نگرانی میں حسب معمول فنڈ جمع کیا گیا، جس میں افراد برادری نے بھرپور تعاون کیا۔ قبرستان میں خصوصی طور پر بی ایچ وائی ہاسپٹل کا ایک میڈیکل ایمرجنسی کیمپ لگایا گیا، یہ تجربہ رہا ہے کہ شفیق پورہ کے داخلی اور خارجی راستوں پر پارکنگ اور ہجوم کے باعث ٹریفک جام ہوجاتی ہے اور لوگوں کو بہت مشکل ہوتی ہے اس لیے اس سال محکمہ ٹریفک پولیس کی خدمات حاصل کی گئیں اور کارکنان جمعیت نے بھی خاصی حد تک کنٹرول کیا۔ حسب روایت افراد برادری کی سہولت کے لیے شہر کے مختلف علاقوں کی عیدگاہ کے باہر سے بلا معاوضہ بسیں چلائی گئیں۔

## پھلوں کی فروخت سے یافت:

سال گزشتہ کی طرح اس سال بھی شجرکاری اور ختوں کی نگہداشت پر خصوصی توجہ دی گئی، جس کی وجہ سے ناریل اور چیکو کی پیداوار میں اضافہ ہوا' چیکو، ناریل اور پالک کی فروخت سے جو یافت ہوئی وہ قبرستان فنڈ میں جمع کی جاتی ہے۔

## سروس وین:


بس نمبر 3 کی نئے سرے سے مکمل باڈی بنوائی گئی' اس کے علاوہ دیگر بسوں کی بھی مرمت کرائی گئی ہے اور عمر رسیدہ افراد کے لیے ایک آٹومیٹک اضافی اسٹیپ بھی تمام بسوں میں لگایا جارہا ہے۔

## فاتحہ خوانی کے لیے بس سروس:

سروس وین میں ڈرائیور کے فی ٹرپ میں اضافہ کیا گیا، میت گاڑیوں کے لیے بیٹریاں اور ٹائر کا بندوبست کیا گیا، فاتحہ خوانی کے لیے بلا معاوضہ بس سروس، شیڈول کے مطابق شمسی سوسائٹی، دہلی کالونی، عبدالخالق اللہ والا ٹاون اور کراچی ایڈمنسٹریشن سوسائٹی سے جاری ہے۔ اس سروس کے لیے ادارہ کو معزز معطی حضرات کا قیمتی مالی تعاون حاصل ہے جس پر میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ انفاق فی سبیل اللہ قبول فرمائے۔

## اراکین سب کمیٹی:

- جناب محمد ہارون نیئر مینیجر کلکتہ والے (ناظم)
- جناب احمد فیصل نمبردار
- محمد یوسف بجلی والے
- وقاص شکیل گندھک والے
- جناب زبیر اسلم ہوٹل والے (نائب ناظم سروس وین)
- جناب یحییٰ لقی کیمیکل والے
- جناب وقار احمد چھتری والے
- محمد جنید سلیمان دوائی والے
- جناب انیس احمد اعجازی
- مبشر تنویر کامل دوائی والے
- عبدالرحمن گبرو



# BHY ہاسپٹل مینجمنٹ بورڈ

## شیخ رضوان اسمٰعیل منیجر کلکتہ والے

(ایگزیکٹوڈائریکٹر BHY ہاسپٹل مینجمنٹ بورڈ)

شعبہ صحت کا سب بڑا یونٹ دہلی کالونی اور قرب وجوار کے رہائشیوں کو ساٹھ سال سے زائد عرصہ سے خدمات فراہم کررہا ہے۔اس سال مجلس ہاسپٹل کے انتظام کے لیے بورڈ قائم ہے اور مجلس منتظمہ ہر سال کمیٹیوں کی تشکیل کرتے ہوئے بورڈ بھی تشکیل دیتی ہے۔اس سال مجلس منتظمہ نے جناب رضوان اسمٰعیل منیجر کو آنریری ایگزیکٹوڈائریکٹر منتخب کیا۔










23 جولائی 1954 کو زچہ خانہ کا آغاز کیا گیا اور بارہ سال بعد جدید اسپتال کی تعمیر کا آغاز ہوا۔جس میں تبدریج اضافہ ہوتا رہا، اس میں اہلِ خیر خواتین وحضرات کا بہت بڑا اور مثالی حصہ ہے جو کہ آج بھی جاری ہے۔1994 میں ایک معزز فیملی کے تعاون سے ابراہیم دواوالا ڈیالیسس سینٹر قائم کیا گیا۔ہاسپٹل میں ایمرجنسی (چوبیس گھنٹے) اور 40 شعبے قائم ہیں، جو کہ سالانہ لاکھوں افراد کو سروس فراہم کررہے ہیں۔جمعیت کی یہ پالیسی ہے کہ مریض اگر ادائیگی کرسکے تو ٹھیک ورنہ اس کا علاج چیریٹی فنڈ سے کیا جاتا ہے جس میں لیب ٹیسٹ، اور ادویات شامل ہیں۔

دوران سال ہاسپٹل میں ترقیاتی امور، تزئین وآرائش، شعبوں کی توسیع، جدید مشینری کی تنصیب اور مریضوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات بہم پہنچانے کے لیے کئی منصوبے جاری رہے، نئے شعبوں کا آغاز کیا گیا، ڈونرز کا بھی بیش بہا تعاون ملا، مریضوں کے اعتماد اور مریضوں کی تعداد میں اضافے کا رجحان ہے۔ ہمارا ویژن ہے کہ ہاسپٹل کو ایک اعلیٰ معیار کے ہاسپٹل کی شکل دی جائے جس میں بیش تر امراض کے علاج کی تمام تر سہولیات مہیا ہوں اور ماڈرن Latest آلات ہوں۔دوران سال۔۔۔

- شعبہ چشم کو جدید مشینری و آلات کے ساتھ مزین کیا گیا
- Codex لیبارٹری میں جدید مشینری کی تنصیب
- Codex لیبارٹری میں ایک معاہدہ کے تحت مشینری کی فراہمی
- ڈیالیسس سینٹر میں مشینوں کی حفاظت کے لئے Heavy Duty UPS کی تنصیب
- CT Scan مشین کی حفاظت کے لئے Heavy Duty UPS کی تنصیب
- NICU بچہ وارڈ کے لئے 3 عدد Vantilator کی خریداری
- RO پلانٹ میں Heavy Duty مشینوں کی تنصیب
- شعبہ دندان میں Dental Unit کی فراہمی
- 200Kva اور 300Kva جنریٹر کی خریداری
- شعبہ الٹراساؤنڈ میں الٹراساؤنڈ مشین کی تبدیلی
- آرتھوپیڈک آپریشن تھیٹر (ہڈیوں و جوڑوں کے آپریشن کے لیے)

## شیخ محمد سعید (مرحوم) سوت والے (B.D) آر او پلانٹ



دہلی کالونی میں پانی کی قلت کی وجہ سے مسائل تھے تاہم RO پلانٹ کے بعد وافر پانی دستیاب ہے۔ بورنگ کے پانی کو RO کے ذریعے قابل استعمال بنایا جارہا ہے۔اس سال ضرورت کو مدِنظر رکھتے ہوئے بورنگ کرانے کے ساتھ Heavy Duty مشینوں کی تنصیب بھی کی گئی جس سے موسم گرما میں پانی کی قلت کو کنٹرول کیا گیا۔اسی طرح ہاسپٹل میں پنج وقتہ نماز کا سلسلہ قائم ہے،نمازی حضرات کے لئے ایک وضوخانہ قائم ہے جس میں 24 گھنٹے میٹھے پانی کی سہولت موجود ہے ان تمام سہولیات کو ہاسپٹل کا RO پلانٹ پورا کررہا ہے۔

ہاسپٹل کے اہم شعبہ جات جو 100 سے زائد کنسلٹینٹ کے زیرِ نگرانی احسن طریقہ سے چلائے جارہے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ذیابیطس | گائناکالوجسٹ | نیوروسرجن | پلاسٹک سرجن |
| اسکن | چائلڈ | امراض دندان | ENT |
| چیسٹ | جنرل سرجن | نیوروفزیشن | نیفرولوجسٹ |
| نفسیات | جنرل فزیشن | چشم | آرتھوپیڈک |
| یورولوجسٹ | پلاسٹک سرجری | سائیکالوجی | ویسکولر سرجری |

## شعبہ ایمرجنسی 24 گھنٹے:



شعبہ ایمرجنسی انتہائی اہمیت کا حامل شعبہ ہے، خصوصاً ٹریفک حادثات یا غیر معمولی چوٹ، جس میں خون کا ضائع ہونا، بلڈ پریشر بڑھ جانا، غرض ایمرجنسی جس میں فوری نگہداشت کی ضرورت ہو اس میں ہاسپٹل میں ایک وسیع ایمرجنسی موجود ہے جس میں 24 گھنٹے چالیس افراد (ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف) متعین ہیں، تقریباً 2لاکھ افراد نے ایک سال میں اس شعبے سے رجوع کیا اور معمولی فیس میں معیاری علاج فراہم کیا گیا، ایمرجنسی کے ڈاکٹرز کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ تجربے اور صلاحیت کے ساتھ مریضوں کا بروقت علاج کر دیا جائے، ایمرجنسی میں آنے والے مریض کے مرض کی نوعیت کے مطابق کنسلٹینٹ کو ریفر کر دیا جاتا ہے یا داخل کر لیا جاتا ہے۔لیکن امراض قلب کے مریضوں کا علاج کارڈیو ہاسپٹل میں ہی ممکن ہے لہٰذا ایسے مریضوں کا قیمتی وقت بچاتے ہوئے فوری طور پر ڈاکٹرز، کارڈیو ویسکولر Refer کر دیتے ہیں۔

## ابراہیم دواوالا ڈیالیسس سینٹر (3 شفٹوں میں خدمات):

1994 میں برادری کی ایک مخیر فیملی کے تعاون سے ڈیالیسس سینٹر کا قیام عمل میں آ، یہ ہاسپٹل کا انتہائی اہم شعبہ ہے، ڈیالیسس سینٹر کی کارکردگی، بہترین اسپتالوں کے معیار کے عین مطابق ہے اور مجھے یہ کہنے اور لکھنے میں فخر محسوس ہو رہا ہے کہ ڈیالیسس سینٹر کا شمار کراچی کے بہترین ڈیالیسس سینٹرز میں کیا جاتا ہے۔ مستحق مریضوں کا علاج بلا معاوضہ 100٪ چیریٹی (زکوٰۃ) سے کیا جا رہا ہے جس کے لیے ہمیں اہل خیر کا تعاون حاصل ہے، ڈیالیسس سینٹر میں مشینوں کی تعداد 15 ہے۔ دو مشینیں ہیپاٹائٹس مریضوں کے لیے ہیں۔ سینٹر تین شفٹوں میں خدمات انجام دے رہا ہے۔ مریضوں کا ڈیالیسس انتہائی نگہداشت کے ساتھ تجربہ کار میڈیکل اور پیرامیڈیکل اسٹاف کرتے ہیں۔ ڈیالیس مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور مزید مریضوں کی رجسٹریشن بھی جاری ہے۔





## شعبہ گائنی (زچہ و بچہ):



اہم ترین شعبہ، گائنی ہے، جس میں خواتین کا ڈاکٹر سے رجوع کا سلسلہ چھ سے سات ماہ تک مسلسل رہتا ہے، اس لیے خواتین کا اطمینان از حد ضروری ہے اس شعبے میں 12 گائناکالوجسٹ صبح، شام و رات کے اوقات میں ہفتے میں چھ یوم دستیاب ہیں، شاندار معیاری سروسز، ائیر کنڈیشن جنرل وارڈ، ادویات کی فراہمی اور بہترین ماحول ایک کم قیمت پیکیج میں فراہم کیا جارہا ہے، جدید سہولیات سے آراستہ پرائیویٹ رومز بھی مناسب نرخ پر دستیاب ہیں، ریکارڈ کے مطابق ایک سال میں مذکورہ شعبہ سے 24 ہزار خواتین نے رجوع کیا اور 4 ہزار ڈیلیوری کیسز رجسٹرڈ ہوئے۔

## جنرل وارڈ، ڈینگی وباء اور ہاسپٹل سروسز:

ہاسپٹل میں داخل ہونے والا ہر مریض ہمارے لیے VIP مریض ہے، اس سوچ کے پیش نظر جنرل وارڈز کو سینٹرلی ائرکنڈیشنڈ کر دیا گیا ہے۔ سب کے علم میں ہے کہ اس سال ڈینگی وباء نے پنجے گاڑے، ایسے میں ہاسپٹل میں داخل ہونے والا ہر تیسرا مریض ڈینگی مرض کا شکار نظر آیا، اس میں وقت قیمتی ہوتا ہے کہ جلد از جلد لیب ٹیسٹ کی رپورٹ حاصل کی جائے اور ڈینگی مرض مثبت آجائے تو علاج شروع کر دیا جائے، ڈاکٹروں نے جانفشانی سے اس مرض کا مقابلہ کیا، ایک وقت میں کئی کئی مریض جنرل وارڈ میں داخل کیے اور پورا عملہ مریضوں کو طبی امداد دینے پر مامور رہا، الحمدللہ مریضوں کو شفاء، اللہ نے دی اور ہاسپٹل نے اپنی ہر ممکن کوشش کو بروئے کار لاتے ہوئے کم نرخوں میں اچھے ماحول میں طبی امداد مریضوں کو دینے میں اپنا کردار ادا کیا۔ اس موقع پر میں یہ بھی تحریر کرتا چلوں کہ وہ عملہ جو مریضوں کی طبی امداد دینے میں مامور تھا وہ خود بھی اس وباء کا شکار ہوا لیکن ہمت، حوصلے کے ساتھ کام کو جاری رکھا۔



## فرسٹ فلور میں جدید OPD:

کشادہ اور مریضوں کے لیے باسہولت نئی کنسلٹنٹ او پی ڈی فرسٹ فلور میں تعمیر کر دی گئی ہے، جہاں مختلف شعبہ جات قائم کئے ہیں۔

## NICU:

بچوں کے انتہائی نگہداشت کے شعبے میں 10 عدد انکیوبیٹر کے ساتھ 3 عدد Paeds Vantilator بھی تنصیب کرادئے گئے ہیں۔



## وی آئی پی ڈیلکس روم:

اسپیشل ونگ کی چوتھی منزل پر ایگزیکٹو کمروں کا آغاز کر دیا گیا ہے ان کمروں میں متعدد سہولیات ارزاں نرخوں پر دستیاب ہیں۔

## انتہائی نگہداشت کا وارڈ (ICU):

ICU میں مریض کو انتہائی نگہداشت کی ضرورت ہوتی ہے،



چونکہ ہاسپٹل میں Vent کی سہولت موجود ہے لہٰذا تجربہ کار عملہ اور کنسلٹنٹ کا تقرر کیا جاتا ہے کہ جو مذکورہ نوعیت کے مریض کی دیکھ بھال کرسکے اور مرض کی تشخیص کرتے ہوئے جلد مریض کو صحت یابی کی طرف لائے۔ایسے مریض جن کو فوری Vent پر منتقل کیا جانا ہوتا ہے ان کو فوری ہاسپٹل میں موجود Vent سسٹم کی ٹیم کے سپرد کردیا جاتا ہے اس کے ساتھ ساتھ شعبہ فزیوتھراپی اور ماہر غذائیت نیوٹریشن بھی شعبہ آئی سی یو کا وزٹ کرتے ہیں۔

## محمد نعیم کیمیکل والا مرحوم شعبہ ریڈیالوجی (X-Ray):

شعبہ ریڈیالوجی میں ڈیجیٹل ایکسرے مشین ، میموگرافی برائے بریسٹ کینسر تشخیص، OPG (دانتوں کا ایکسرے )اور سی ٹی اسکین مشین کا اضافہ کیا گیا ہے۔جدید ترین میڈیکل آلات ومشینری دستیاب ہیں۔شعبہ الٹراساؤنڈ کے ساتھ ساتھ ایکو کارڈیوگرافی کی بھی سہولت موجود ہے جس سے ECHO ٹیسٹ کیے جارہے ہیں۔نوزائیدہ بچوں کے بھی ایکو ٹیسٹ شروع کرنے کی تیاری کی جارہی ہے۔

## شعبہ سی ٹی اسکین (CT Scan):

ڈونرز کے بیش قیمت تعاون سے سی ٹی اسکین شعبہ کا قیام عمل میں آگیا ہے، یہ ٹیسٹ مہنگا ہونے کی وجہ سے ہر فرد کی دسترس میں نہیں ہے لیکن ہاسپٹل میں صرف -/2000 روپے میں کیا جارہا ہے اور 2 سال کے عرصہ میں 6000 سے زائد مریض فیضیاب ہوچکے ہیں۔






## شعبہ فزیوتھراپی (بیاد شیخ خلیل الرحمٰن (مرحوم) سوت والے):

شعبہ فزیوتھراپی سابق رکن مجلس منتظمہ مرحوم شیخ خلیل الرحمٰن سوت والوں کے نام سے منسوب ہے، اس شعبہ میں ایسے مریض جن کو معاون کی مدد سے ورزش کی ضرورت ہو یا ڈاکٹر مرض کی نوعیت کو مریض کو مشینی ورزش تجویز کرے ایسے مریضوں کو مشین و آلات کی مدد سے علاج کیا جاتا ہے، صبح کے اوقات کار میں مرد حضرات کا داخلہ ممنوع ہے صرف خواتین کی فزیوتھراپی معیاری عملے کی نگرانی میں کی جاتی ہے جبکہ شام کے اوقات کار میں مرد حضرات کی فزیوتھراپی کی جاتی ہے۔ایسے مریض جن کو طویل المدت ورزش کرنا ہو، ان کا رجسٹریشن بھی کیا جاتا ہے۔

## امراض ہڈی جوڑ (Orthopaedic):


ہڈی وجوڑ کے امراض اب پاکستان میں عام ہوتے جارہے ہیں اور 40 سال یا زائد عمر کے افراد کا جوڑوں کے امراض میں مبتلا ہونے کے چانسز زیادہ ہوتے ہیں، وجوہات میں غیر صحت بخش خوراک غیر معیاری رہائش اور ورزش کا نہ کرنا اہم ہیں۔ ہاسپٹل میں 6 آرتھو پیڈک کنسلٹنٹ ہیں جو مختلف اوقات میں کلینک کررہے ہیں۔ سالانہ 10,000 سے زائد مریضوں نے آرتھو پیڈک OPD سے رجوع کیا اور تقریباً 500 مریضوں کے آپریشن وسرجری کیس کیے گئے۔





## شعبہ ایکو کارڈیوگرافی:

الٹرا ساؤنڈ کے شعبے میں 12 گھنٹے چار کنسلٹنٹ ہیں، مرض کی تشخیص کے لیے الٹرا ساؤنڈ جدید Color Doppler کی مدد سے کیا جارہا ہے، اس شعبے سے سالانہ 9000 مریضوں نے استفادہ کیا اور 15000 سے زائد الٹرا ساؤنڈ رپورٹس جاری کی گئیں۔ ایکو کارڈیوگرافی (دل کا الٹرا ساؤنڈ) کیلئے علیحدہ سے کلر ڈوپلر مشین موجود ہے۔ 3 کوالیفائیڈ کارڈیالوجسٹ ایکو کی سروسز فراہم کرتے ہیں۔ خواتین کیلئے خاتون ایکوٹیکنالوجسٹ علیحدہ سے موجود ہیں۔ سالانہ ایکو کی تعداد 400 کے لگ بھگ ہے۔



## شعبہ چشم (Eye Opthalmology) قمر نقی آئی ڈپارٹمنٹ:

شعبہ چشم کے لئے جدید مشینری وآلات کی خریداری کی گئی ہے۔ آنکھوں کے آپریشن کے لیے ایک علیحدہ آئی آپریشن تھیٹر اور شعبہ آنکھ کے بیرونی امراض قائم ہے، 5 کنسلٹنٹ سرجن ہیں، بیرونی شعبہ سے ایک سال میں آٹھ ہزار افراد نے استفادہ کیا۔ آنکھ کے لیزر پروسیجر اور موتیے کے آپریشن کا بھی آغاز کردیا گیا ہے اور تھوڑے ہی عرصہ میں تقریباً 60 سے زائد مریضوں کے موتیے کے آپریشن کئے جاچکے ہیں۔ آنکھ کے ناسور Tumor اور occuloplasty کی سرجری بھی کی جارہی ہے۔



## آپریشن تھیٹرز (پروفیسر ڈاکٹر اسداللہ خان آپریشن کمپلیکس):

ہڈیوں وجوڑوں کے پیچیدہ آپریشنز کے لیے آرتھو پیڈک آپریشن تھیٹر اور ایک جنرل سرجری کے لیے بنایا گیا ہے بیک وقت چار آپریشن تھیٹرز میں آپریشن کیے جاسکتے ہیں۔ ڈریسنگ کے لیے علیحدہ ڈریسنگ روم ہے۔ سالانہ 2000 سے زائد آپریشن کئے جاتے ہیں۔

## اینڈو اسکوپی/کولونو اسکوپی یونٹ (OPD):

معدے کے امراض میں مبتلا مریضوں کی آنتوں کا معائنہ کرنے کے لیے اینڈو اسکوپی/کولونو اسکوپی کی مشین لگادی گئی ہے۔



## جنرل OPD سیفی بلاک:

لائف ڈائریکٹر اور رکن مجلس منتظمہ جناب شیخ خالد یونس صدیقی گھڑی والوں کے صاحبزادے مرحوم محمد یوسف خالد عرف سیفی کے نام سے جنرل او پی ڈی منسوب ہے۔سینٹرلی ایئر کنڈیشنڈ او پی ڈی مریضوں اور تیمارداروں کے لیے بہترین انتظار گاہ ہے۔صبح وشام (ہفتے میں 90) سے زائد کنسلٹنٹس ڈاکٹرز موجود ہوتے ہیں اور یومیہ 300 سے زائد مریض سیفی بلاک میں ڈاکٹرز کو معائنہ کراتے ہیں۔

## کوڈیکس لیبارٹری:

ڈاکٹرز کی تشخیص کا انحصار مریض کی لیبارٹری رپورٹ پر ہے اس لیے درست اور کم از وقت میں رپورٹنگ علاج کا لازمی عنصر ہے۔اس سال شعبہ لیبارٹری پر خصوصی توجہ دی گئی اور پیتھالوجسٹ کی مشاورت سے جدید ترین آلات اور مشینریوں کی تنصیب کرادی گئی ہے۔لیبارٹری (24 گھنٹے) میں مناسب نرخوں پر مختلف ٹیسٹ کی سہولیات دستیاب ہیں۔اس سال 1.5 لاکھ سے زائد لیب ٹیسٹ رپورٹس کا اجراء کیا گیا۔ڈینگی کی وبا کے دوران اور ایسے امراض جس میں فوری رپورٹ درکار کوشش کی گئی کہ رپورٹ کا اجراء جلد از جلد چند گھنٹوں میں کردیا جائے۔





## ویلفیئر ونگ کی خدمات:

مہنگائی نے متوسط اور ملازم پیشہ طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔کل جو صاحب استطاعت تھے انہیں بھی اپنی ضروریات پوری کرنے میں مشکل میں نظر آ رہی ہے ،ہمارا یہ عزم ہے کہ ہاسپٹل میں آنے والا ہر مریض جو علاج کرانے کے اخراجات برداشت نہ کرسکتا ہو،ادویات نہ خرید سکتا ہو، اپنے ٹیسٹ نہ کراسکے یا آپریشن کی رقم نہ دے سکتا ہو وہ ایک فارم Fill کرے اور اپنا علاج کرائے، الحمدللہ جمعیت کو اہلِ ثروت کا تعاون حاصل رہتا ہے۔ ویلفیئر ونگ ایسے مریض جو اپنے علاج کی سکت نہیں رکھتے ان کا علاج زکواۃ فنڈ سے کررہا ہے چیئریٹی ونگ کی انتظامیہ مریض یا اس کے رشتہ دار سے شریعہ بورڈ کی رہنمائی میں مرتب کردہ جائزہ فارم پُر کروانے اور مستحق زکوٰۃ ہونے کی تصدیق کے بعد دستیاب وسائل اور فنڈ کے تحت مریض کا علاج و معالجہ کردیا جاتا ہے، کسی مریض کو صرف اس وجہ سے واپس نہیں کیا جاتا کہ اس کے پاس علاج کے لئے فیس نہیں ہے اور نہ ہی ایسے مریضوں کے علاج معالجے میں کوئی کمی کی جاتی ہے۔

## جدید سافٹ ویئر کی تنصیب:

ایک جدید سافٹ وئیر کی تنصیب پر گذشتہ 8 ماہ سے ورکنگ جاری ہے، شعبہ حسابات کیلئے مالی امور کی نگرانی کے ساتھ ساتھ مروجہ جمعیت کے طریقہ کار کو مدِ نظر رکھتے ہوئے سالانہ بجٹ، ماہانہ آمدنی و اخراجات کا تفصیلی جائزہ، نفع و نقصان کی رپورٹنگ، ذیلی یونٹ کے امور، و دیگر اہم کاموں کی انجام دہی میں جدید سافٹ ویئر بہت معاون ثابت ہوگا۔

## BHY ہاسپٹل (ایڈمنسٹریشن اور شعبہ HR:)

ہاسپٹل کا اہم شعبہ HR ہے کیونکہ یہاں سے ہونے والی تقرری ہی ہاسپٹل کے معیار کو بلند کرنے میں اپنی کلیدی کردار ادا کرتی ہے، تجربے کار عملے کی بھرتی کے لیے ڈائریکٹرز بورڈ، کنسلٹینٹ حضرات پر مشتمل ہے، جو ڈاکٹرز اور اہم پیرامیڈیکل اسٹاف کی خالی اسامیوں کو پُر کرنے کے لیے انٹرویوز کرتے ہیں اور فائنل کرتے ہیں، میڈیکل بورڈ میں ایڈمنسٹریٹر اور تین کنسلٹنٹ ہیں، ڈاکٹر یا کنسلٹنٹ کی خالی اسامی بورڈ ممبرز کی منظوری کے بغیر تقرری نہیں کی جاتی اسی طرح روزمرہ کے امور کی انجام دہی کے لئے ایڈمنسٹریشن بورڈ کا قیام بھی اس سال عمل میں لایا گیا ہے جس کی سربراہی ایڈمنسٹریٹر ہاسپٹل میڈم مدیحہ حسن انجام دے رہی ہیں، چیف اکاؤنٹنٹ اور ایڈمن آفیسرز کی ٹیم معاونت پر مامور ہے، ایسے مسائل جو ہاسپٹل ساکھ کو نقصان پہنچاسکتے ہوں یا لاء اینڈ آرڈرز کے مسائل کا سامنا ہو، اسکے لیے جناب جاوید حلیم ایڈووکیٹ ایڈمنسٹریشن بورڈ میں شامل ہیں۔

## مستقبل کے منصوبہ جات:

بیماریوں سے آگہی اور بچاو کے موضوع پر ایک میڈیکل سیمینار منعقد ہو چکا ہے جب کہ دیگر موضوعات پر سیمینارز منعقد کرنے کی پلاننگ کی گئی ہے۔

- MRI لگانے کی ورکنگ
- ہاسپٹل کی اپنی PMT
- نرسنگ اسکول
- کارڈیو کا جدید مشینری والات کے ساتھ شعبہ کا قیام
- ہاسپٹل فارمیسی (24 گھنٹے)

## شعبہ ٹیچنگ وٹریننگ:

اسپتال میں شعبہ ٹیچنگ وٹریننگ ڈاکٹر عتیق الرحمن کی زیر نگرانی بنایا گیا ہے۔شعبہ ٹیچنگ کے ماتحت اسپتال میں اسٹاف کیلئے جدید نوعیت کی میڈیکل تربیت اور آگاہی پروگرام جاری ہیں جس میں اسپتال اسٹاف کو بنیادی میڈیکل تربیت اور آگاہی/علم سے متعارف کروایا جارہا ہے نیز اسٹاف کو مختلف بنیادی فرسٹ ایڈ کورسز BLS (Basic Life Support) بھی کروائے گئے ہیں۔اس کورس کی آگاہی ایڈمنسٹریشن اسٹاف کو بھی دی گئی ہے

## ڈونرز کا گرانقدر تعاون:

شعبہ چیریٹی کو E-Pharm کے چیف ایگزیکٹوڈائیرکٹر شیخ محمد الیاس نینی تال والوں کی جانب سے ادویات دی جارہی ہیں۔Mafins Pharma کے Owner شیخ اقبال بٹلہ کی جانب سے بھی زکوۃ کی مد میں ادویات کا حصول ہورہا ہے، راقم دونوں حضرات کا ممنون ومشکور ہے اور دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کے تعاون کو قبول فرمائے۔(آمین)




## بلقیس میموریل ہاسپٹل (عبدالخالق اللہ والا ٹاؤن سیکٹر G-31):

مجلس منتظمہ نے ماہ جون 2019ءمیں، بلقیس میموریل ہاسپٹل کو بی ایچ وائی ہاسپٹل مینجمنٹ بورڈ کے سپرد کیا کہ مینجمنٹ بورڈ، ہاسپٹل کو UpGrade کرے اور جدید میڈیکل سہولت سے آراستہ کیا جائے۔الحمدللہ! بورڈ نے اللہ والا ٹاؤن اور قرب وجوار میں رہائش پزیر افراد کے لئے جدید میڈیکل سہولت سے آراستہ میٹرنٹی ہوم قائم کردیا ہے۔ہاسپٹل میں ماہر کنسلٹینٹ گائنا کالوجسٹ اور چائلڈ اسپیشلسٹ کلینکس کررہے ہیں اور الٹرا ساؤنڈ، لیبارٹری ٹیسٹ کی سہولیات بھی فراہم کی جارہی ہیں۔




## جمعیت صابرہ کلینک اینڈ ڈائیگنوسٹک سینٹر (برنس روڈ):

یہ کلینک برنس روڈ (فریئر روڈ) میں واقع ہے۔نادار مریضوں کا علاج معالجہ زکوۃ فنڈ سے کیا جارہا ہے، جس سے یقیناً خدا کی مخلوق فیض یاب ہورہی ہے، کلینک کی ترقی کے کئی منصوبے زیرِ غور ہیں۔مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے جس کی وجہ بہتر ماحول فراہم کرنا ہے۔اعزازی ایڈمنسٹریٹر جناب خالد یوسف اونچی مسجد والے مریضوں سے براہ راست ملاقات کرکے اُن کے مسائل فوری طور پر حل کرتے ہیں جس سے کلینک کی نیک نامی اور ساکھ میں اضافہ ہورہا ہے۔کلینک روزانہ 10 گھنٹے دوشفٹوں میں ہے، کلینک کا عملہ ڈاکٹرز پیرا میڈیکل وایڈمنسٹریشن اسٹاف کے ساتھ 6افراد پر مشتمل ہے، 10 کنسلٹنٹ، چائلڈ اسپیشلسٹ، ڈائباٹولوجسٹ، کارڈیالوجسٹ، گائنا کالوجسٹ ENT سرجن اور 2 آرایم اوز (جنرل او پی ڈی) میں موجود ہیں۔مزید 6 کنسلٹنٹ کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔مزید شعبہ جات بنانے کی پلاننگ کی جارہی ہے۔رنگین ڈوپلر الٹراساؤنڈ مشین کا اضافہ کیا گیا ہے، فی الحال الٹراساؤنڈ کی سہولت مخصوص اوقات کار کے لیے ہے، شعبہ ایمرجنسی میں بلڈ پریشر اور شوگر چیکنگ کے ساتھ Dressing RTA Minor،ECG بھی کی جاسکے گی۔مستقبل میں شعبہ الٹراساؤنڈ کل وقتی اور ایکسرے کی سہولت بھی جلد میسر ہوگی، ڈیجیٹل ایکس رے مشین کی خریداری کی پلاننگ ہے جس کے بعد آرتھوپیڈک، چیسٹ اسپیشلسٹ اور دیگر امراض کے کنسلٹنٹ کا شعبہ جات کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔

## آسیہ مریم بٹلہ کلینک (ملیر 15 گلشن طیبی):




جنوری 2021 سے مینجمنٹ بورڈ کے زیر انتظام ہے۔ اوقات صبح 10 تا دوپہر 2 بجے تک ہیں، کلینک، شریعہ بورڈ کی رہنمائی میں چلایا جارہا ہے۔ مریض سے ایک شریعہ فارم کے تحت حاصل معلومات پر فیصلہ کیا جاتا ہے، مستحق ہونے کی صورت میں علاج زکوۃ فنڈ سے اور صاحبِ نصاب ہونے کی صورت میں غیر زکوتی فنڈ سے کیا جاتا ہے۔ نیز ڈریسنگ اور انجکشن وغیرہ لگانے کے لیے ایک ایمرجنسی بھی قائم کی گئی ہے۔ کلینک کے اخراجات میں معزز ڈونرز کا تعاون حاصل ہے۔

آخر میں مینجمنٹ بورڈ اور بالخصوص ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب رضوان اسمٰعیل مینیجر کی کاوشوں کی قبولیت اور درازی عمر کے لیے دعا گو ہوں۔ بورڈ کے چیئرمین جناب ابراراحمد کلکتہ والے، ڈائریکٹرز خالد یوسف اونچی مسجد والے، محمد الیاس نینی تال والے، احمر رضی کیمیکل والے، دانش سعید صاحب، ثاقب اقبال بمبئی والوں اور جناب خالد یونس صدیقی گھڑی والوں کا شکریہ۔ سوشل ویلفیئر ونگ میں جناب انوار اعظم نے وقت دیا اور ایسے مریضوں کو جو زکوا کے مستحق تھے، ان کی رہنمائی کی۔ جملہ معطیان کا ممنون ہوں جن کے فراخ دلانہ تعاون کی بدولت ہاسپٹل میں رواں سال بے شمار کام انجام پائے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انفاق کو قبول فرمائے اور اپنی چنندہ نعمتوں سے نوازے۔ (آمین)

میری اہل برادری سے گزارش ہے کہ ہاسپٹل کا وزٹ کریں، علاج کی ضرورت ہو تو علاج کرائیں، مجھے امید ہے کہ آپ کو ایک بہترین ماحول میں قابل ڈاکٹرز کے زیرِ نگرانی علاج میسر آئے گا۔

## اراکین بورڈ:

- جناب ابراراحمد کلکتہ والے (چیئرمین بورڈ)
- جناب محمد الیاس نینی تال والے (چیئرمین جمعیت ہیلتھ کونسل)
- جناب خالد یوسف اونچی مسجد والے
- جناب سہیل احمد سوت والے
- جناب محمد طلحہ عبدالمالک (جنرل سکریٹری)
- جناب شیخ رضوان اسمٰعیل مینیجر (ایگزیکٹو ڈائریکٹر)
- جناب احمر رضی کیمیکل والے
- جناب محمد سلیم فاروقی

## لائف ڈائریکٹرز

- جناب خالد یونس صدیقی گھڑی والے
- جناب تقی ابراہیم دوا والے
- جناب اعجاز العارفین دوائی والے
- جناب ظفر ریاض باڑی
- جناب دانش سعید کلکتہ والے

**SINDH HEALTHCARE COMMISSION**

Quality Care for All

# REGISTRATION CERTIFICATE

*No: SHCC/P-KHI/05417* *Dated: 20/ 08 / 2019*

*This is certified that:*

*Name: BEGUM HAJI YOUSUF HOSPITAL (BHY)*

*Type of Healthcare Establishment: MULTIPLE SPECIALITY*

*Category: I-F*


*Type of Ownership: VOLUNTARY NON-PROFIT*

*having indoor facilities with 97 bed and situated at Chaudhry Khaleeq-uz-zaman road, Karachi*

*Is hereby awarded " Registration Certificate " as Healthcare Establishment by Sindh Healthcare Commission under Section 13 of the Sindh Healthcare Commission Act-2013.*

*The Certificate will remain valid till completing codal formalities for obtaining License under the Act.*

**DIRECTOR**
**LICENSING & ACCREDITATION**
**SINDH HEALTH CARE COMMISSION (SHCC)**
Director Licensing & Accreditation


اپنی زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت اپنے عزیز و اقارب کا خیال رکھیں
فرض کی ادائیگی بھی اور صلہ رحمی کا اجر بھی
جمعیت کے شعبہ ہیلتھ سے
سالانہ
6 لاکھ
سے زائد مریض بشمول
ڈائیلیسس فیضیاب
ہمارا عزم
بہترین علاج
مستحق مریض آپ کے تعاون کے منتظر
Meezan Bank
The Premier Islamic Bank
Alamgir Road, Branch
A/c Title
Jamiyat Punjabi Saudagran Delhi
A/c # 0185-0100136615
IBAN # PK84MEZN0001850100136615




# ماہنامہ سوداگر سب کمیٹی

## عمران سعید باغپتی

(ناظم ماہنامہ سوداگر سب کمیٹی)

سوداگر نے اپنی اشاعت کے 73 برس مکمل کر لیے ہیں، سوداگر اجرا کے اہم مقاصد میں ادارہ کی سرگرمیوں اور خدمات کو عوام الناس بالخصوص افراد برادری تک پہنچانا اور برادری میں مطالعہ اور تحریر کے رجحان کو فروغ دینا ہے۔ ہر ماہ رسالے میں جمعیت کی خدماتی سرگرمیوں کے احوال کے ساتھ علم و ادب، تاریخ، طنز و مزاح، معیشت، اور برادری کے جوہر قابل افراد کے انٹرویوز بھی شامل اشاعت ہوتے ہیں، سوداگر، جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کا ترجمان بلکہ برادری کے، رجحانات، خیالات و محسوسات کا بھی ترجمان اور برادری کی آواز ہے۔ رسالے کو تین بنیادی شعبوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے، جس میں سے ایک شعبہ ادارت ہے، اس سال بھی مدیر جناب احمد ضمیر دفتری کو منتخب کیا گیا، آپ نے کوشش کی کہ رسالے کے ادبی معیار کو بہتر سے بہتر بنایا جائے اور متنوع اصلاحی مضامین شائع کیے جائیں، نئے لکھاریوں کی حوصلہ افزائی کی جائے، یہی وجہ ہے کہ سوداگر برادری کے ہر طبقہ خاص و عام، خواتین، بچوں، بزرگوں، تاجر و صنعت کار میں مقبول ہے۔ مدیر صاحب کو مجلس مشاورت اور مجلس ادارت کا قلمی و مشاورتی تعاون بھی حاصل ہے۔ دوران سال کئی شمارے مجلس مشاورت کے اراکین سرفراز عالم جملانہ اور افتخار احمد ملتانی کی کاوشوں کا نتیجہ رہے، دوسرا اہم شعبہ اشتہارات کا شعبہ ہے، رسالے کی آمدنی کا زیادہ تر انحصار اشتہارات سے حاصل شدہ آمدن ہے، جس کے لیے احمد فیصل نمبردار، خالد یونس صدیقی گھڑی والے، ساجد شمیم ریپکام اور وسیم شفیع اللہ والوں کا تعاون حاصل ہے، اس کے علاوہ آمدن کا دوسرا اہم ذریعہ خریداروں سے حاصل کردہ سالانہ چندہ ہے، جس کے لیے ناظم سب کمیٹی مسلسل کوششیں کر رہے ہیں، البتہ



دوران سال ایک معزز ڈونر جناب بابر ناصر الیاس پریس والوں نے چند ماہ رسالے کی اشاعت کے اخراجات برداشت کیے جس کی وجہ سے سب کمیٹی مالی طور پر مستحکم ہوئی ہے۔ فی الحال بھی معزز ڈونر پرنٹنگ کے اخراجات کا ایک حصہ برداشت کررہے ہیں، میں ان سطور کے ذریعے آپ کا بے حد مشکور ہوں۔ پالیسی کے مطابق ہر شخص خریدار بن سکتا ہے، اشاعت کے لیے مضمون تحریر کرسکتا ہے اور ہر کمپنی اس میں اپنا اشتہار شائع کراسکتی ہے۔ ویب سائٹ پر بھی قارئین کی معقول تعداد رسالے کا مطالعہ کرتی ہے اور جیسا کہ گزشتہ سالانہ رپورٹ میں تحریر کیا گیا تھا کہ اب رسالہ موبائل ایپلی کیشن پر بھی مطالعہ کیا جاسکتا ہے' اس کے ناظم جناب وسیم شفیع اللہ والے ہیں۔ ہماری یہ خواہش ہے کہ ہر گھر میں سوداگر پہنچے اس لیے ہم یہ گزارش کرنے میں حق بجانب ہیں کہ سالانہ خریدار بنیے اور اپنی برادری کے شعبوں میں ترقی اور ترویج کے حصہ دار بنیے۔ میں ان سطور کے ذریعے ناظم سب کمیٹی جناب عمران سعید باغپتی، مدیر مسئول جناب احمد ضمیر دفتری، جناب احمد فیصل نمبردار، جناب خالد یونس صدیقی گھڑی والوں' جناب ساجد شمیم ریپکوم اور دیگر اراکین کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

## اراکین سب کمیٹی:

- جناب عمران سعید باغپتی (ناظم)
- جناب احمد ضمیر دفتری (مدیر)
- جناب محمد عامر یوسف مینیجر کلکتہ والے (نائب ناظم)
- جناب ساجد شمیم ریپکوم (نائب ناظم شعبہ اشتہارات)
- جناب خالد یونس صدیقی گھڑی والے (نائب ناظم شعبہ اشتہارات فائنس)
- جناب احمد فیصل نمبردار (ناظم شعبہ اشتہارات)
- جناب وسیم شفیع اللہ والے (ناظم ویب سائٹ)
- جناب خرم شہزاد (حبیب حرم)
- جناب خالد سعید کلکتہ والے
- جناب عاصم شکیل دواوالے
- جناب محمد ہارون نیئر مینجر
- جناب اقبال یوسف پیٹل والے
- جناب ظفر ذکی دوائی والے
- جناب پروفیسر محمد نقی چاندنہ
- جناب عدیل سلیم جملانہ
- جناب عدیل ناصر پریس والے
- جناب ذکی احمد بٹلہ
- جناب کامران متین بٹلہ
- جناب طاہر سلطان پرفیوم والے
- جناب مسعود آفتاب چاولہ
- جناب جنید یونس گلٹ والے

## مجلس مشاورت:

- جناب محمود شام
- جناب اقبال یوسف پیٹل والے
- جناب شفیع نقی جامعی
- جناب عبید اللہ کیہر
- بریگیڈیئر (ر) عبدالرحمن صدیقی
- جناب ڈاکٹر منظور احمد
- جناب ڈاکٹر طاہر مسعود
- جناب عتیق انور بھولا والے

## مجلس ادارت:

- جناب افتخار احمد ملتانی
- جناب سرفراز عالم جملانہ
- جناب ظفر ذکی دوائی والے
- جناب قاسم اختر تارگٹی والے
- جناب سہیل احمد سہیل
- محترمہ نگہت فرمان (شعبہ خواتین/ اطفال)



# وقف حافظ محمد طاہر بورڈ

ابرار احمد کلکتہ والے

(چیئرمین وقف حافظ محمد طاہر بورڈ)

راول پنڈی میں واقع ایک مسافر خانہ کی عمارت حافظ محمد طاہر مرحوم و مغفور نے وقف علی اللہ کر کے جمعیت کی نگرانی میں دی تھی۔ مسافر خانہ کے کمرے کرائے پر دیے جاتے ہیں اور حاصل شدہ یافت، دینی مدارس کے طلبا کی پوشاک، کتب اور راشن پر خرچ کی جاتی ہے۔ بورڈ کے اغراض و مقاصد متعین ہیں، چارٹر مجلس منتظمہ سے منظور شدہ ہے۔ ہر سال آڈٹ ہوتا ہے، آڈٹ اکاونٹس سالانہ رپورٹ میں شائع کیے جاتے ہیں اور اس کی منظوری مجلس عامہ سے حاصل کی جاتی ہے۔ Deed کے مطابق لائف ممبر جناب محمد بدر ہارون ہیں جو مسافر خانے کے معاملات کی نگرانی کر رہے ہیں اور اعزازی ایڈ منسٹریٹر ہیں۔ دوران سال وقف پراپرٹی میں سرکاری مداخلت کی وجہ سے مسائل کا سامنا بھی کرنا پڑا اور مجلس منتظمہ کا ایک ہنگامی اجلاس طلب کیا گیا، تاہم اب معاملات بہتر ہو چکے ہیں۔ کئی سال قبل عمارت کی از سر نو تعمیر کا فیصلہ ہو چکا ہے، امید ہے کہ آئندہ سال اس میں پیش رفت ہوگی۔ ہیت ترکیبی کے مطابق بر بنائے عہدہ درج ذیل ممبرز ہیں۔

## اراکین بورڈ:

- جناب ابرار احمد کلکتہ والے (چیئرمین)
- جناب محمد طلحہ عبدالمالک (جنرل سکریٹری)
- جناب عدیل ناصر پریس والے (خازن)
- جناب محمد بدر ہارون (لائف ممبر)

# قانونی مشاورتی بورڈ



ہر سال دیگر سب کمیٹیوں کے ساتھ قانونی مشاورتی بورڈ بھی تشکیل دیا جاتا ہے۔ بورڈ جمعیت کے آئین اور ملکی قوانین کی روشنی میں درپیش مسائل کے حل میں رہنمائی کرتا ہے۔ دوران سال بھی اہم معاملات، قانونی رائے کے لیے بورڈ کو ارسال کیے گئے، بورڈ نے جمعیت کے دستور العمل اور ملکی قوانین کی روشنی میں ادارہ کی رہنمائی کی۔ اس سال جناب شیخ شمیم احمد شمسی نے چیئرمین اور جناب شیخ عبدالقیوم خلیل ایڈووکیٹ نے سکریٹری کے فرائض انجام دیے۔ اس کے علاوہ آئینی ترامیم کے حوالے سے بھی آپ سے رہنمائی حاصل کی جارہی ہے۔ میں بیش بہا تعاون اور رہنمائی پر چیئرمین جناب شمیم احمد شمسی صاحب اور، سکریٹری جناب اے کیو خلیل ایڈووکیٹ صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔



# مالیات سب کمیٹی

## فیصل زاہد انیس پنی والے

(ناظم مالیات سب کمیٹی)

پہلی مرتبہ 1972ء میں مالیات سب کمیٹی تشکیل دی گئی تھی اور ہر سال الیکشن کے بعد مجلس منتظمہ میں دیگر سب کمیٹیز کے ساتھ ساتھ یہ کمیٹی بھی تشکیل دی جاتی ہے۔ سب کمیٹی کے اہم فرائض درج تحریر ہیں۔

- ادارہ کے مالیاتی نظام کو کنٹرول کرنا
- جملہ شعبہ جات کے ماہانہ اکاؤنٹس تیار کرانا۔
- جملہ سب کمیٹیز، زیر انتظام شعبہ جات (ہاسپٹلز، اسکولز، قبرستان، میت گاڑیاں وغیرہ) اور ہیڈ آفس کا بجٹ تیار کرنا
- مالی معاملات میں سب کمیٹیز اور شعبہ جات کے ناظمین کی رہنمائی کرنا۔
- چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ سے آڈٹ کرانا۔
- فاضل رقوم کی سرمایہ کاری کرنا
- شعبہ اکاؤنٹس کی کارکردگی پر نگاہ رکھنا
- ٹیکس ریٹرن جمع کرانا
- بینکوں اور دیگر مالیاتی اداروں سے رابطے میں رہنا
- مجلس منتظمہ کی قراردادوں پر عمل کرنا اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے قوانین پر عمل پر عمل درآمد کرانا




جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ اب شاخ لاہور کے اکاؤنٹس کا آڈٹ بھی مرکز کی ذمہ داری ہے، چنانچہ اس سال یہ ذمہ داری بھی نبھائی گئی ہے، یہ ایک فعال کمیٹی ہے جس کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد ہوتے ہیں، سب کمیٹیوں کے آمدنی واخراجات تیار کر کے ماہانہ بنیاد پر اس کے گوشوارے متعلقہ ناظمین کو فراہم کیے جاتے ہیں، سب کمیٹی

اور بعد میں مجلس منتظمہ سے منظوری بھی حاصل کی جاتی ہے۔اس کے علاوہ اس سال سب کمیٹی نے حسب معمول ہیڈ آفس، جملہ شعبہ جات، ہاسپٹلز، اسکولز، وقف حافظ محمد طاہر بورڈ اور تمام سب کمیٹیوں کا بجٹ ناظمین کی مشاورت سے تیار کیا اور اس کی منظوری مجلس منتظمہ سے حاصل کی۔ جملہ شعبوں کا بجٹ ان شعبوں کی یافت کی مناسبت سے بنایا گیا ۔ایسے شعبے جن میں فنڈز کی کمی ہوئی تو ایسے شعبوں کے ناظمین کی مشاورت سے تحصیل عطیات کی مہم چلائی گئی' سینٹرل آفس کے اخراجات جائدادوں سے حاصل شدہ کرائے فاضل رقم پر حاصل ہونے والے منافع اور سب کمیٹیز کے کنٹری بیوشن سے کیے جارہے ہیں' اس میں سب سے اہم اور قابل ذکر سرمایہ کاری پر موصول ہونے والا منافع ہے ،سب کمیٹی نے بروقت سالانہ آڈٹ ،آڈیٹر سے کرایا۔انکم ٹیکس ریٹرن فائل کیے گئے۔اس کے علاوہ گزشتہ تین سال کا وِدہولڈنگ ٹیکس اور ایک سال کا انکم ٹیکس کا خصوصی آڈٹ بھی بروقت FBR سے کرایا گیا، میں ناظم سب کمیٹی جناب فیصل زاہد انیس پنی والوں اور نائب ناظم جناب خرم شہزاد کا مشکور ہوں کہ آپ نے سب کمیٹی کے امور بخوبی نبھائے۔ ہیئت ترکیبی کے مطابق سب کمیٹیز (جن میں مالیاتی امور ہوں) کے ناظمین' اور بورڈز کے سکریٹریز مالیات سب کمیٹی کے ممبر ہوتے ہیں۔

### اراکین سب کمیٹی:

- جناب فیصل زاہد انیس پنی والے (ناظم)
- جناب خرم شہزاد (نائب ناظم)
- جناب محمد طلحہ عبدالمالک
- جناب عدیل ناصر الیاس پریس والے
- جناب محمد سلیم فاروقی
- جناب محمد ہارون نیئر مینیجر کلکتہ والے
- جناب عمران سعید باغپتی
- جناب عاصم شکیل دواوالے
- جناب رضوان اسمٰعیل مینیجر
- جناب ثاقب اقبال بمبئی والے
- جناب عبداللہ منصور پیتل والے
- جناب نواب مہر الٰہی
- جناب کامران متین بٹلہ
- جناب مجیب الرحمن شمسی
- جناب احمد فیصل سلیم نمبردار



# گورننگ باڈی آف پیتل والا ٹرسٹ

## کامران متین بٹلہ

(سکریٹری گورننگ باڈی آف پیتل والا ٹرسٹ)

ہر سال مجلس منتظمہ میں دیگر سب کمیٹیوں کے ساتھ اس ٹرسٹ کی تشکیل کی جاتی ہے ، ماضی میں برادری کے ایک بزرگ حاجی ممتاز الدین پیتل والوں نے دہلی مرکنٹائل سوسائٹی میں واقع ایک تعمیر شدہ بلڈنگ' اس خواہش کے ساتھ جمعیت کے حوالے کی تھی کہ بلڈنگ کے کرائے داروں سے جو کرایہ وصول ہو اس کو تین مدات یعنی تبلیغ دین' تعلیم قرآن اور ورثا میں متعین شرح کے ساتھ تقسیم کر دیا جائے' اس کے لیے باقاعدہ ایک ٹرسٹ ڈیڈ تیار کی گئی ،جس پر عمل کیا جا رہا ہے ،جیسا کہ گزشتہ سالانہ رپورٹ میں بھی تحریر کیا گیا تھا کہ کرایہ داروں سے کورٹ میں معاملات زیر سماعت ہیں ، دوران سال ٹرسٹ ڈیڈ میں تعلیم قرآن کے متعین حصے کے معاملے میں شریعہ بورڈ کی رہنمائی سے مقررہ حصہ مدارس فنڈ میں ٹرانسفر کر دیا گیا ہے۔

### اراکین بورڈ:

- جناب اقبال یوسف پیتل والے (چیئرمین)
- جناب کامران متین بٹلہ (سکریٹری)
- جناب مستفیض الدین نواب
- جناب محمد عامر یوسف مینیجر کلکتہ والے
- جناب عبداللہ منصور پیتل والے (بربنائے استحقاق)

**Federal Board of Revenue**
Revenue Division - Government of Pakistan

Inland Revenue Service

**2(36)(c) (Order to grant / refuse / maintain / withdraw approval to Non-Profit Organization)**

**Name:** M/S JAMIYAT PUNJABI SAUDAGRAN-E-DEHLI
**Address:** 9 Faran, Society, Hyder Ali Road , Karachi East Gulshan Town
**Contact No:**

100000156643504

**Registration No** 1515809
**Tax Year :** 2024
**Period :** 01-Jul-2023 - 30-Jun-2024
**Medium :** Online
**Due Date :** 03-Aug-2023

**Document Date** 03-Aug-2023

In exercise of the powers vested in me under sub-clause ( c) of clause (36) of section 2 of the Income Tax Ordinance, 2001 read with Rules 212 and 220 of the Income Tax Rules, 2002, the application of M/S JAMIYAT PUNJABI SAUDAGRAN-E-DEHLI, bearing NTN:1515809, for grant of status of non- profit organization is, hereby provisionally approved subject to fulfillment of the following conditions:

i) This approval does not make the applicant organization eligible for grant of exemption per se with respect to any income generated from any business activity carried on by the said organization.

ii) This approval is NOT VALID for claiming exemption from withholding tax u/s 148 of the ITO, 2001 on import of goods and services.

iii) The taxpayer shall submit Performance Evaluation Report (PER) when received from the Pakistan Centre for Philanthropy or Chief Commissioner Inland Revenue.

This approval is valid upto 31-12-2023 unless cancelled or revoked earlier because of non-fulfillment of any of the prescribed conditions including the above.

**Naib Ali Pathan**
Commissioner
Inland Revenue, ZONE-II
CTO KARACHI, TAX HOUSE SHARAH E KAMAL ATA TURK
KARACHI

Page 1 of 1 Printed on Date: Mon, 6 Nov 2023 14:21:33

CTO KARACHI, TAX HOUSE SHARAH E KAMAL ATA TURK KARACHI

Copyright © 2014 All rights reserved Federal Board of Revenue - Government of Pakistan.



# قرض میعادی سب کمیٹی

## مجیب الرحمن شمسی

(ناظم قرض میعادی سب کمیٹی)

اس سب کمیٹی کے تحت ایسے افراد کو آسان اقساط پر موٹر سائیکلیں دی جارہی ہیں جو یکمشت خریدنے کی سکت نہیں رکھتے، اس اسکیم میں درخواست دینے کا طریقہ کار بھی بہت آسان اور سادہ ہے، جو اراکین اس اسکیم کے ذریعے موٹر سائیکل لینے کے خواہش مند ہوں وہ استقبالیہ پر موجود فارم پر اپنے کوائف تحریر کر کے جمع کرادیں، درخواست منظوری کی صورت میں انہیں قرض جاری کر دیا جائے گا اور موٹر سائیکل تکافل اور ایکسائز ڈپارٹمنٹ سے رجسٹریشن کے بعد دیدی جائے گی۔ قرض کی مکمل ادائیگی تک فائل دفتر میں محفوظ رہتی ہے اور مکمل ادائیگی کے بعد اور یجنل فائل حوالے کر دیا جاتی ہے۔ اس سال سب کمیٹی نے خواتین کو آسان اقساط پر اسکوٹی دینے کی پالیسی بھی منظور کی ہے۔ واضح رہے کہ یہ اسکیم بلاسودی ہے اور صرف مجلس عامہ کے اراکین کے لیے ہے، ریکارڈ کے مطابق (دسمبر 2022ء سے نومبر 2023 کے دوران) 28 افراد کو موٹر سائیکلیں دی گئیں۔

### اراکین سب کمیٹی:


- جناب مجیب الرحمن شمسی (ناظم)
- جناب ایس ایم اسحٰق چاندنہ (نائب ناظم)
- جناب خالد یوسف اونچی مسجد والے
- جناب ندیم الیاس کیمیکل والے
- جناب احمد فیصل نمبردار
- جناب منصور احمد کپڑے والے
- جناب ظفر ذکی دوائی والے

# AKAR ہاسپٹل مینجمنٹ بورڈ

عبدالخالق عبدالرزاق ہاسپٹل (لیاقت آباد) کو 2016 میں مجلس منتظمہ نے ایک مفاہمتی معاہدہ کے تحت معینہ مدت کے لیے میسرز سَرل کے حوالے کیا اور ایک یادداشتی معاہدہ (MOU) دستخط کیا گیا جس کے تحت ہاسپٹل کی سروسز کا مقصد منافع نہیں بلکہ بلاتخصیص خدمت ہوگا اور انتظامی امور کے لیے ایک بورڈ تشکیل دیا جائے گا۔ ہاسپٹل میں تمام اہم شعبہ جات موجود اور مناسب فیس میں دستیاب ہیں، MOU کے تحت نو اراکین پر مشتمل ایک انتظامی بورڈ تشکیل دیا جاتا ہے جس میں چار اراکین جمعیت کی اور پانچ اراکین سرل کی نمائندگی کرتے ہیں۔ دوران سال بورڈ کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں اہم فیصلے کیے گئے ہیں، رابطے کے لیے جناب مجیب الرحمن شمسی اور سہیل احمد سہیل صاحب کو، کوآرڈی نیٹر مقرر کیا گیا۔ دوران سال ایک اہم پیش رفت یہ ہوئی کہ ادارہ جمعیت کے تعاون سے برادری کی نادار فیمیلیز کا ڈیٹا ہاسپٹل کو فراہم کیا گیا ہے اور ان افراد کو ہاسپٹل کی جانب سے صحت کارڈ جاری کر دیے گئے ہیں، ان کارڈز پر یہ خاندان اپنا علاج AKAR ہاسپٹل سے بلا معاوضہ کرا سکتے ہیں جس کی ادائیگی ڈونرز کے ذمہ ہوگی۔ اس کے علاوہ ہاسپٹل کے میڈیکل کیئر انچارج جناب ڈاکٹر غلام سرور مقرر ہو گئے ہیں، نیا انونٹری مینجمنٹ سوفٹ ویئر لگا دیا گیا ہے، نیز چند اہم فیصلے بھی کیے گئے ہیں جن میں بلڈنگ پر رنگ و روغن کرانا، اخراجات میں کمی، نئے وارڈ کا قیام، نئے الیکٹرک میٹر کی تنصیب، ATM کی تنصیب وغیرہ شامل ہے۔ ہاسپٹل میں مریضوں کے رجحان میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے اور سالانہ سوا لاکھ کے لگ بھگ مریض علاج کے لیے رجوع کرتے ہیں۔

### مینجمنٹ بورڈ:

- جناب سید ندیم احمد (چیئرمین)
- جناب محمد طلحہ عبدالمالک
- جناب محمد عامر یوسف مینیجر
- جناب مجیب الرحمن شمسی
- جناب ثاقب اقبال بمبئی والے
- جناب ڈاکٹر محمد ناصر
- جناب اطہر اقبال
- جناب نثار احمد قریشی
- جناب محمد ساجد حفیظ


اپنی زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت اپنے عزیز واقارب کا خیال رکھیں
فرض کی ادائیگی بھی اور صلہ رحمی کا اجر بھی
فراہمی روزگار اسکیم
(موٹر سائیکل)
افراد برادری کو برسرِ روزگار
بنانے میں ہمارا ساتھ دیں
ادارہ جمعیت کی جانب سے آپ کارکردگی کی تفصیلی رپورٹ بھی حاصل کرسکتے ہیں
Meezan Bank
The Premier Islamic Bank
Alamgir Road, Branch
A/c Title
Jamiyat Punjabi Saudagran Delhi
A/c # 0185-0100136615
IBAN # PK84MEZN0001850100136615



# انفارمیشن ٹیکنالوجی سب کمیٹی

## شیخ عاصم شکیل الیاس دواوالے

(ناظم انفارمیشن ٹیکنالوجی سب کمیٹی)

ہر سال مجلس منتظمہ میں انفارمیشن سب کمیٹی تشکیل دی جاتی ہے جس کی بنیادی ذمہ داریوں میں جمعیت ویب سائٹ، سوداگر ویب سائٹ اور اپلی کیشن کو اپ ڈیٹ کرنا، ہر ماہ سوداگر کو ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا، جمعیت ویب سائٹ پر سالانہ رپورٹ، آڈٹ اکاؤنٹس مجلس عامہ کی فہرست اور دیگر اہم معلومات اپ لوڈ کرنا شامل ہے۔ موبائل اپلی کیشن بہت موثر اپلی کیشن ہے، بہت آسانی سے پلے اسٹور سے ڈاون لوڈ کی جاسکتی ہے، اس میں قبرستان ڈیٹا، ممبر شپ فہرست، لائلٹی فارم، ڈونیشن دینے کا طریقہ کار اور دیگر اہم معلومات موجود ہیں۔ اس کے علاوہ ایک پورٹیل بھی ہے جس میں ملازمت کے اشتہارات پوسٹ کیے جاتے ہیں۔ آپ کو بھی اگر ملازم یا ملازمت کی تلاش ہو تو جمعیت کے جاب الرٹ کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### اراکین سب کمیٹی:

- جناب عاصم شکیل دواوالے (ناظم)
- جناب ثاقب اقبال بمبئی والے (نائب ناظم)
- جناب وسیم شفیع اللہ والے
- جناب عمیر احمد






# فروغ رُکنیت واسکروٹنی ممبر شپ فارم سب کمیٹی

## سلمان جمیل چاولہ

(ناظم فروغ رُکنیت واسکروٹنی ممبر شپ فارم سب کمیٹی)

ادارہ جمعیت کی رکنیت کے حصول کے لیے ہر سال سیکڑوں درخواستیں موصول ہوتی ہیں' موصولہ درخواستوں کی جانچ پڑتال کے لیے ہر سال ایک سب کمیٹی تشکیل دی جاتی ہے جو جانچ پڑتال کے بعد رکنیت دینے کی سفارش کرتی ہے یا مزید تحقیق کے لیے جائزہ ممبر شپ سب کمیٹی کو ارسال کردیتی ہے یا کوائف سے مطمئن نہ ہونے کی صورت میں رکنیت دینے سے معذرت کرلی جاتی ہے۔

ممبر شپ کے لیے موصولہ فارم سب کمیٹی کے اجلاس میں پیش کی گئیں، رکنیت دینے کی سب کمیٹی کی سفارش پر مجلس منتظمہ میں رکنیت دینے کی حتمی منظوری دی جاتی ہے'سب کمیٹی جس درخواست پر مزید تحقیق کرنا چاہے وہ جائزہ اسکروٹنی سب کمیٹی کو ریفر کردی گئیں۔ دستور کے مطابق اراکین کا مجموعہ مجلس عامہ کہلاتا ہے' جمعیت کے آئین میں مجلس عامہ کا ممبر بننے کا طریقہ کار اور فرائض واضح ہیں جب کہ ممبر بننے کے لیے حسب ذیل شرائط ہیں۔




- برادری کا فرد (مرد) ہو۔
- کم از کم، عمر 18 سال ہو، شناختی کارڈ کا حامل ہو۔
- مقررہ فارم رکنیت پُر کر کے اور مقررہ فیس ادا کرے۔
- مجلس منتظمہ' رکنیت منظور کرے۔

دوران سال سب کمیٹی کے 9 اجلاس منعقد ہوئے۔ ان اجلاسوں میں رکنیت کے حصول کے لیے موصولہ فارموں پر فیصلے کیے گئے۔ طریقہ کار کے مطابق دوران سال وفات پا جانے والے افراد کے اسمائے گرامی فہرست سے خارج کردیے گئے ہیں۔ میں ناظم سب کمیٹی جناب سلمان جمیل چاولہ' نائب ناظم جناب محمد شمیم بنڈل والوں کا بے حد شکر گزار ہوں کہ آپ نے سب کمیٹی کے امور بحسن وخوبی انجام دیے۔ اس سال کمیٹی درج تحریر افراد پر مشتمل رہی۔

اراکین سب کمیٹی:

- جناب سلمان جمیل چاولہ (ناظم)
- جناب ہارون نیئر مینیجر کلکتہ والے
- جناب نواب مہر الٰہی
- جناب مجیب الرحمٰن شمسی
- جناب احمد ضمیر دفتری
- جناب راشد کپڑے والے
- جناب سعد ہارون بھولا والے
- جناب مبشر تنویر کامل دوائی والے
- جناب محمد شمیم بنڈل والے (نائب ناظم)
- جناب خالد یونس صدیقی گھڑی والے
- جناب فیصل زاہد انیس پنی والے
- جناب طاہر سلطان پرفیوم والے
- جناب خلیفہ علی اقبال ٹینٹ والے
- جناب وقاص شکیل گندھک والے
- جناب احمد فیصل نمبردار
- جناب وقار احمد چھتری والے
- جناب خالد یوسف اونچی مسجد والے
- جناب خرم اسلم گلٹ والے
- جناب کامران متین بٹلہ
- جناب انیس احمد اعجازی
- جناب انوار اعظم سوت والے
- جناب زبیر سلطان لدھیانہ والے
- جناب محمد یوسف بجلی والے
- جناب حمزہ سلمان



# جائزہ اسکروٹنی ممبرشپ سب کمیٹی

## محمد ہارون نیئر مینیجر کلکتہ والے

### (ناظم جائزہ اسکروٹنی ممبرشپ سب کمیٹی)

ادارہ جمعیت کے لیے رکنیت سازی بے حد اہم اور بنیادی حیثیت رکھتی ہے، گزشتہ چند سال کا جائزہ لیا جائے تو برادری میں جمعیت کی رکنیت سازی کے رجحان میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے اور ہر سال ایک ہزار سے زائد افراد رکنیت کے لیے اپنے فارم جمع کراتے ہیں، اسکروٹنی کے لیے ایک کمیٹی موجود ہے جو تصدیق و تحقیق اور مستند حوالوں کے بعد ہی رکن بنانے کی سفارش کرتی ہے، احتیاط کے طور پر جن افراد کو ممبرشپ دی جاتی ہے ان کی فہرست اس نوٹ کے ساتھ مشتہر بھی کی جاتی ہے کہ کسی بھی نئے ممبر کے متعلق کوئی ابہام یا اعتراض یا معلومات ہوں تو اپنا اعتراض دفتر جمعیت میں جمع کرادیں۔ مزید احتیاط کرتے ہوئے یہ جائزہ سب کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، اس کا بنیادی فریضہ جملہ اراکین مجلس عامہ کے کوائف کا ازسرنو جائزہ لینا اور ایسے ممبرز کی نشاندہی کرنا ہے جو کمیٹی کی رائے میں برادری کے مصدّقہ معیار کے مطابق نہیں ہیں لیکن غلط معلومات، سہواً یا کسی اور وجہ سے مجلس عامہ کے ممبر بن گئے ہیں۔ اس کے علاوہ دوران سال سب کمیٹی نے ایسے فارموں کا بھی جائزہ لیا ہے جو فروغ رکنیت و اسکروٹنی ممبرشپ سب کمیٹی نے مزید معلومات کے لیے ریفر کیے تھے۔ دوران سال جناب محمد ہارون نیئر مینیجر نے نظامت کے فرائض دیگر مصروفیات کے باوجود خوش اسلوبی سے انجام دیئے آپ نے کئی اجلاس منعقد کیے، ممبرز کے کوائف اور حوالوں کا جائزہ لیا، اپنی سفارشات مرتب کیں اور مجلس منتظمہ میں ارسال کیں، اس کے علاوہ کمیٹی نے اپنے اطمینان کے لیے کئی افراد کے انٹرویوز بھی کیے ہیں، میں ناظم سب کمیٹی اور اراکین کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔

اراکین سب کمیٹی:

- جناب محمد ہارون نیئر (ناظم)
- جناب اقبال راجہ
- جناب سعد ہارون بھولا والے
- جناب خالد یوسف اونچی مسجد والے (نائب ناظم)
- جناب سلمان جمیل چاولہ
- جناب عبدالناصر سلام
- جناب ندیم الیاس کیمیکل والے
- جناب شیخ احمد ضمیر دفتری



# جمعیت ہیلتھ کونسل

## شیخ عاصم شکیل الیاس دوا والے

(سیکریٹری، جمعیت ہیلتھ کونسل)



جمعیت نے عوام الناس کو صحت کی سہولتیں مہیا کرنے کے لیے طبی خدمات کا آغاز مارچ 1951 میں کیا۔ بتدریج اِس کا مربوط نظام قائم کرنے، ہسپتالوں کی کارکردگی کو جانچنے اور اقدامات کرنے کے لیے 27 جون 1988 کو جمعیت ہیلتھ کونسل کی تشکیل دی گئی۔

جمعیت ہیلتھ کونسل اور بی ایچ وائی مینجمنٹ بورڈ کی سفارش پر جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کی مجلس منتظمہ کی منظوری سے جمعیت کے تمام کلینک اور ہسپتال کے تمام انتظامی معاملات BHY مینجمنٹ بورڈ کو دیئے گئے۔ جس کے بعد آسیہ مریم بٹلہ کلینک، جمعیت صابرہ کلینک اور بلقیس میموریل ہسپتال کی جملہ نگرانی بی ایچ وائی مینجمنٹ بورڈ کر رہا ہے۔

### چاندی والا کلینک

چاندی والا کلینک، بلوچ کالونی میں قائم ہے۔ جس کو جمعیت ہیلتھ کونسل نے 13 جولائی 2009 کو باقاعدہ اپنی نگرانی میں لیا جو تاحال اِس کی نگرانی میں ہے۔ گزشتہ سال کلینک کے اوقات کار میں تبدیلی کی گئی اور یہ کلینک شام کے اوقات میں اہل علاقہ کو علاج معالجہ کی سہولت دے رہا ہے۔

اِس کلینک سے ہر ماہ تقریباً 1000 سے زائد مریض مستفیض ہو رہے ہیں۔

ایڈمنسٹریٹر کے فرائض جناب شیخ خالد نور کپڑے والوں نے اور ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر کے فرائض جناب شیخ زبیر اسلم ہوٹل والوں نے انجام دیئے۔

### اراکین ہیلتھ کونسل:

- جناب محمد الیاس نینی تال والے (چیئرمین)
- جناب عاصم شکیل الیاس (آنریری سیکریٹری)
- جناب خالد نور کپڑے والے (ایڈمنسٹریٹر)
- جناب ظفر ذکی دوائی والے
- جناب محمد یوسف بجلی والے
- جناب خالد یوسف اونچی مسجد والے (کوچیئرمین)
- جناب ثاقب اقبال بمبئی والے (جوائنٹ سیکریٹری)
- جناب زبیر اسلم ہوٹل والے (ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر)
- جناب خالد سعید کلکتہ والے
- جناب فیصل زاہد پنی والے (وائس چیئرمین)
- جناب خرم شہزاد (حبیب حرم)
- جناب ایس ایم اسحاق چاندنہ
- جناب رضوان اسمٰعیل منیجر



# اجتماعی قربانی سب کمیٹی

